ہندو فارسی شعراء
مغل عہد میں
مصنّفہ
ڈاکٹر عابدہ خاتون

ہندو فارسی شعرائ

مغل عہد میں

مصنفہ

ڈاکٹر عابدہ خاتون

نام کتاب : ہندو فارسی شعراء مغل عہد میں

مصنف/ناشر : ڈاکٹر عابدہ خاتون

سال اشاعت : ۲۰۱۴ء

تعداد اشاعت : ۵۰۰

کمپوزنگ : اردو کمپیوٹر سینٹر، گلی 6/3 ذاکر نگر، نئی دہلی۔۲۵

قیمت : ۴۰۰/- روپئے

تقسیم کار

کتب خانہ حمیدیہ

342، گلی گڑھیا، بازار مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی۔٦

E-mail: kkhamidia@gmail.com

HINDU FARSI SHOARA MUGHAL AHED MEIN

By: Dr. Abida Khatoon

Year of Pub. : 2014

Price : Rs. 400/-

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

پیش لفظ

''ہندو فارسی شعراء مغل عہد میں'' میری پہلی تخلیقی کاوش ہے جو کتاب کی صورت میں آپ کے سامنے ہے۔ یوں تو ہزار سالہ فارسی ادب کی تاریخ سے متعلق سیکڑوں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابیں ہندوستان کے متعدد سرکاری اور ذاتی کتب خانوں میں موجود ہیں لیکن وہاں تک رسائی ہر کس و ناکس کی صلاحیت سے دور ہے۔ چنانچہ طلباء اور اساتذہ کے استفادہ کے پیش نظر میں مختلف کتب خانوں سے مواد حاصل کر کے اپنے موضوع کے مطابق ایک نہایت مفید اور سود مند کتاب کی صورت میں شائع کر رہی ہوں۔

یہ کتاب تین ابواب پر مشتمل ہے جس کے کئی ذیلی عنوانات ہیں۔ باب اول میں عہد مغلیہ کے فارسی ادب کی تاریخ، صوفیائے کرام اور بھکتی تحریک کے اثرات، ہندوؤں کی دربار مغلیہ سے وابستگی اور فارسی ادب سے دلچسپی، مغل بادشاہوں کی علم دوستی اور ہندو شاعروں و ادیبوں کی نوازش و ہمت افزائی کے ساتھ اس عہد کی ثقافت، موسیقی، مصوری، خطاطی اور معماری وغیرہ علوم وفنون سے متعلق تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

دوسرے اور تیسرے باب میں بالترتیب فارسی کے معروف اور غیر معروف ہندو شعراء کے حیات و کارنامے پیش کئے گئے ہیں۔ پورے مغلیہ دور

میں فارسی کے متعدد ہندو شعراء گذرے ہیں جن کا تذکرہ مختلف کتابوں مثلاً بابر نامہ، ہمایوں نامہ، اکبر نامہ، تزک جہانگیری اور شاہ جہاں نامہ کے علاوہ دیگر تاریخی کتابوں اور تذکروں میں موجود ہے میں نے ان تمام کتابوں کو ماخذ کے طور پر استعمال کر کے اس کتاب میں شامل شاعروں کے احوال و کوائف کو کتابی صورت میں یکجا کر دیا ہے۔

میں اس بات کی معترف ہوں کہ میری ان تمام کوششوں میں میرے اساتذہ مرحوم و مغفور پروفیسر شعیب اعظمی، سابق صدر شعبۂ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی اور پروفیسر محمد اقبال، سابق صدر شعبۂ فارسی جامعہ ملیہ اسلامیہ کا بھرپور تعاون رہا ہے، اور قدم قدم پر میری رہنمائی کی ہے۔ مواد کی فراہمی میں میرے سامنے جو دشواریاں حائل تھیں، ان کو دور کرنے میں ان کا نمایاں کردار رہا ہے۔ میری تعلیم و تربیت میں مرحوم و مغفور والد اور میری والدہ نے بھی کافی ہمت افزائی کی ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق لائبریرین نے بھی کتابوں کی فراہمی میں میرا بھرپور تعاون کیا ہے۔ لہٰذا مذکورہ تمام حضرات کی میں تہہ دل سے ممنون و مشکور ہوں اور دعاء کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

آخر میں یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ کتاب شائع ہو کر منظر عام پر آرہی ہے آپ کو اس کے مطالعہ کے بعد کوئی کمی محسوس ہو تو درگذر فرمائیں یا ان کی نشاندہی فرمادیں تا کہ اشاعت ثانیہ میں اصلاح کی جا سکے۔

عابدہ خاتون

انتساب

مرحوم و مغفور والد محترم کی پاک روح

اور

والدہ محترمہ کی بے پایاں محبتوں اور شفقتوں

کے نام جن کی بدولت میں اس مقام پر پہنچی۔

فہرست

باب سوم :

عہد مغلیہ کے غیر معروف فارسی شعراء

بسم الله الرحمن الرحيم

باب اول

مغل عہد کا تاریخی، سیاسی، علمی اور ثقافتی پس منظر

مغل عہد کا تاریخی، سیاسی اور ثقافتی پس منظر

ہندوستان صدیوں سے فارسی زبان و ادب کا گہوارہ رہا ہے۔ اس زبان کی ترویج و ترقی اور توسیع میں ہندوستانی سلاطین و امراء اور بادشاہوں کا ہاتھ رہا ہے۔ یہ شیرین زبان جو بیگانہ زبان کی حیثیت سے ہندوستان میں داخل ہوئی اور زیادہ عرصہ نہیں گذرا تھا کہ ہندوستانی تہذیب میں گھل مل گئی۔ فارسی زبان نے یہاں کے سماج اور علم و ادب کو اپنے اندر سمیٹ لیا۔ آج ہمیں لاتعداد فرامین، دستاویزیں، خطوط، تاریخی کتابیں دوسری زبانوں کے تراجم اور شعراء کے دواوین ادبی میراث میں ملے ہیں۔ جو بڑی حد تک آج نہ صرف ہندوستان کے کتب خانوں، میوزیم اور لوگوں کے شخصی کتب خانوں میں موجود ہیں بلکہ بیشتر معروف و مشہور علمی و ادبی، تاریخی اور شعری چیزیں چھپ کر منظر عام پر آ چکی ہیں۔

فارسی زبان ہندوستان میں مسلمانوں کے تسلط کے ساتھ آئی اور بہت جلد ہی وہ یہاں کے لوگوں کی زندگی کے ہر شعبہ میں دخیل ہوگئی۔ یہ امر یقینی ہے کہ جب کوئی بھی قوم کسی دوسری قوم پر سیاسی غلبہ حاصل کر لیتی ہے تو اس قوم کے اثرات خواہ وہ تہذیبی و تمدنی ہوں یا سیاسی و سماجی، اس قوم کے تہذیب و تمدن پر اپنا گہرا اثر ڈالتے ہیں۔ فارسی زبان جس کو مسلمان حکمراں ترکی، ایران اور افغانستان سے اپنے ساتھ لائے تھے وہ اس ملک کی نہ صرف سرکاری زبان بنی بلکہ عوام و خواص کی زبان ہوگئی۔ دانشور طبقے نے بھی اسے اپنے افکار و خیالات کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔ اس طرح ہندوستان میں فارسی زبان و ادب نے نظم و نثر اور علوم و فنون کے میدان میں نئی راہیں کھولیں۔ ہندوستانی زبانوں خاص کر سنسکرت کی کتابوں کے ترجمے فارسی زبانوں میں ہوئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایران اور ہندوستان دونوں ممالک کے ادبی اور علمی روابط میں ایک گہرا رشتہ قائم ہوگیا۔

دسویں اور گیارہویں صدی عیسوی میں مسلمان فاتحین وسط ایشیاء کے تمام ملکوں پر

تسلط قائم کرنے کے بعد مغرب سے ترکستانی، تاتاری اور ایرانی روایات اور تہذیب و تمدن بھی ساتھ لائے۔ ایران اس زمانے میں علماء و فضلاء اور دانشوروں کا اہم مرکز تھا۔ اسی بنا پر ہندوستان کا حکمران طبقہ اپنے آپ کو ایرانی طرز زندگی کا نمائندہ سمجھتا تھا۔ ہندوستان میں مسلمانوں کے دور حکومت میں فارسی سرکاری اور علمی زبان بنی رہی اور جس کا براہ راست اثر یہاں کی زندگی کے ہر شعبہ پر پڑا۔ اعلیٰ خیال اور اعلیٰ طبقہ کے لوگوں نے بلالحاظ مذہب و ملت فارسی زبان سیکھی۔ فاتح حکمرانوں نے ہندی اور دوسری زبانیں سیکھیں۔ زبانوں کے اسی باہمی میل جول سے دونوں قوموں کو ایک دوسرے کے قریب آنے اور ایک دوسرے کی تہذیب و تمدن کو سمجھنے کا موقع ملا اور اس طرح ایک نیا تہذیبی اور سماجی نظام وجود میں آیا۔ جب لوگوں نے اسلام کے اصولوں کو سمجھ کر اسلامی فلسفۂ تعلیمات، سیاسی، سماجی اور معاشی آزادی سے واقفیت حاصل کی، ان کے نظریات میں تبدیلی آئی اور ان کی زندگی میں ایک نیا انقلاب رونما ہوا ساتھ ہی وہ حکمران طبقہ کے ساتھ شامل ہوگئے، فارسی زبان کی تحصیل اور اس کے فروغ میں پیش پیش رہے۔

ہندو قوم جو اپنی جداگانہ تہذیب و تمدن رکھتی تھی اور اپنی روایات پر نازاں تھی۔ وہ بھی دربار سے ملے ہوئے خطابات پر فخر کرنے لگی تھی۔ اور اپنی معاشری و سیاسی اور دیگر اسباب کے باعث وہ بھی فارسی زبان کو سیکھنے پر متوجہ ہونے لگے۔ مکتبوں اور مسجدوں میں ان کے بچوں نے مسلمان طالب علموں کے پہلو بہ پہلو بیٹھ کر علوم حاصل کئے۔ اور بعض اوقات ایسا بھی ہوا کہ علمی و ادبی ذوق رکھنے والے ہندو طالب علم، مسلم طالب علم سے سبقت لے گئے اور مکتبوں کا یہی رشتہ دونوں مذہبوں کے درمیان گہرے رابطے کا ذریعہ بنا۔ اور جس کی بدولت ہندو معاشرے میں ایسے بہت سے افراد پیدا ہوگئے جو فارسی زبان و ادب کے دانشور و مفکر، شاعر و ادیب کہلائے۔ ان میں کچھ ایسے بھی تھے جنہوں نے فارسی زبان کے ذریعہ ہندو اور اسلام مذہب کی مشترکہ روایتوں کو روشن کیا۔ دونوں مذہبوں کے یہ دیرینہ خوشگوار تعلقات آج بھی ہندوستان کی متحدہ تہذیب میں اتحاد و یگانگت کی شکل میں نظر آتے ہیں۔

ہندوؤں اور مسلمانوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے میں صوفیائے کرام کا ایک اہم

رول رہا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ بہت سے ہندوسادھوؤں نے بھی بھائی چارہ پیدا کرنے میں اہم کام کیا ہے۔ ہندوستان میں فاتح قوم کی آمد سے پہلے مسلم صوفیائے کرام اس سرزمین پر تشریف لا چکے تھے۔ ان میں شیخ علی ہجویری کا نام قابل ذکر ہے۔ انہوں نے لاہور میں سکونت اختیار کی اور اپنے پسندیدہ کردار سے گرد ونواح کے غیر مسلموں کو متاثر کیا۔ غلام خاندان کے دور حکومت مین تقریباً پورے شمالی ہندوستان میں چشتی سلسلے کے صوفیائے کرام کی خانقاہیں قائم ہو چکی تھیں۔ خواجہ معین الدین چشتی نے اجمیر میں اسلام کا نظریۂ توحید عوام الناس کے سامنے پیش کیا جس سے زبردست دینی اور سماجی انقلاب رونما ہوا۔ اور لوگ بڑی تعداد میں حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔

ان صوفیائے کرام نے بلالحاظ مذہب وملت انسانی معاشرے اور سماج کی تشکیل نو کی، ان کی تعلیمات اور ان کے قول وفعل وعمل سے ہندوستان میں ہندوؤں کی ایک بڑی تعداد متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔ ان کی روحانی تحریک کے اثر سے بہت سے لوگ اسلام لائے اور جو مشرف بہ اسلام نہیں ہوئے انہوں نے اس تحریک کے زیر اثر ہندوؤں میں مختلف ناموں سے تحریک چلانی شروع کیں۔ غرض اسلامی تصوف کے زیر اثر جو روحانی تحریک وجود میں آئی اس سے ملک کے گوشہ گوشہ میں ہندو مبلغین پیدا ہوئے اور انہوں نے ویدک مذہب کی خرابیوں اور کوتاہیوں کو دور کرنے کا عزم کیا۔

ڈاکٹر تارا چند نے لکھا ہے:

> "اسلام کے اثر سے ہندو قوم میں مبلغوں کا ایک گروہ پیدا ہوا اور انہوں نے بھی اسی کام کو اپنا نصب العین سمجھا جو مسلم صوفی کر رہے تھے۔ مہاراشٹر، گجرات، پنجاب اور بنگال میں مصلحین نے چودہویں صدی عیسویں میں عملاً ہندوستان کے قدیمی مذہب کی باتوں پر عمل کرنا چھوڑ دیا اور کچھ باتوں پر عمل کرنے پر زور دیا۔ اور اس طرح ہندوؤں اور مسلمانوں کے عقائد میں یگانگی پیدا کرنے کی کوشش کی۔"[۱]

ان مبلغین میں شنکراچاریہ، رامانج، رامانند، کبیرداس، گرونانک، چیتنیہ اور مہاپربھو

کے نام قابل ذکر ہیں ان بھگتوں نے ہندو اور اسلام مذہب کی تنقید سخت الفاظ میں کی اور فرقہ وارانہ نزاع کی مذمت کرکے ذات پات کی تفریق کو برا بتایا اور یہ اعلان کیا کہ جو شخص عبادت و ریاضت کرے گا اسے نجات مل سکتی ہے۔ ان کے لیے ظاہری پوجا پاٹ، سنسکاروں اور برہمنوں کی قطعی ضرورت نہیں ہے انہوں نے خلوص نیت سے خدا کی عبادت کرنے اور بنی نوع انسان کے بھائی بھائی ہونے کی تعلیم دی۔ اور اس طرح ہندو اور مسلمان کے درمیان مذہبی ہم آہنگی پیدا کرنے میں بڑی حد تک کامیابی حاصل کی اسلام کے نفوذ کو دیکھتے ہوئے ہندو سادھوؤں، عالموں، رشیوں نے اصلاح مذہب کا عزم کیا اور اسلام کو سامنے رکھ کر ہندو مذہب میں ترمیمات، اصلاحات کرنے لگے۔

شنکر اچاریہ نے جنوبی ہند میں بدھ مذہب کی مخالفت کی اور ہندوؤں کو اس بات کی دعوت دی کہ وہ تمام فرقوں کو ختم کردیں اور ایک ویدک دھرم اپنائیں۔ انہوں نے توحید کی دعوت دی۔ خدا ایک ہے وہی حقیقت ہے باقی سب دھوکا ہے۔ اور شمالی ہندوستان کے تیرتھوں پر جاکر برہمنوں سے مذہبی معاملات میں گفتگو کی۔ بہت سے ہندو ان کی تعلیمات کی طرف متوجہ ہوئے۔ ان تحریکوں کی تعلیمات اسلام کے اثرات کا پتہ دیتی ہیں۔ کیونکہ اسلام میں توحید کے عقیدے کو بڑی وضاحت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اس طرح ہندوؤں نے اس نظریے کو سامنے رکھ کر اپنے دیوتاؤں کے مذہب میں ترمیم کرنی ضروری سمجھی۔

شنکر اچاریہ کے شاگرد رامانج نے اپنے استاد کی تعلیمات پر تبلیغ کا کام کیا اور ان کے پیغام کو عام کیا۔ اس نے توحید کے نامکمل نظریے کو مکمل کیا۔ بھگتی مسلک کی شکل وصورت واضح طور پر اسلام سے ملتی جلتی ہے۔ اور تصوف کی جھلک صاف نظر آتی ہے۔

شنکر اچاریہ کا ایک اور چیلا بھساؤ بھی بھگتی تحریک کا خاص نمائندہ تھا۔ اس کا بھی عقیدہ تھا کہ خدا ایک ہے۔ اور وہی صفات عالیہ رکھتا ہے۔ اس نے گرو کے اس نظریے کو عام لوگوں تک پہنچایا۔

شمالی ہند میں محمود غزنوی اور دیگر مسلم فاتحین، بادشاہ، امراء، شعراء اور علماء کی موجودگی سے خدائے واحد کی عبادت ہونے لگی۔ ہندو بھی ان کی تعلیمات کے اثر سے اور

مذہبی اعتبار سے بھگتی تحریک میں شامل ہو گئے۔ اس تحریک میں ایک اور جانشین رامانند کا اضافہ ہوا۔ یہ برہمن خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ رامانند نے بھی مسلمان علماء سے رابطہ اور دوستانہ مذہبی تعلقات قائم کئے۔ ان کے ساتھ دینی اور مذہبی مسائل پر بحث و مباحثے کئے۔ وہ بھگتی تحریک کے پہلے مصلح تھے جنہوں نے بھگتی عقائد و اصول کی تبلیغ ہندی زبان میں کی ان کی تعلیمات عوام میں بہت مقبول ہوئیں۔

رامانند کے شاگردوں میں کبیر داس بہت مشہور و مقبول ہوئے۔ اس تحریک کو آگے بڑھانے کے لیے انہوں نے بھی مسلم صوفی، مشائخ اور ہندو سادھوؤں سے ملاقات کی اور اپنا بیشتر وقت مسلم صوفیہ اور علماء کی صحبت میں گذارا۔ ان کا علم صوفیہ کے ملفوظات سے ملتا جلتا تھا۔ جب انہوں نے اپنی تعلیمات کو عام کرنا چاہا تو پنڈتوں اور مولویوں نے ان کو اسلام اور ہندو مذہب کے خلاف بتایا لیکن سکندر لودھی (۱۴۸۸ء) نے کبیر کے خلوص سے متاثر ہو کر ان کی مدد کی۔ پنڈتوں اور مولویوں کی گرفت سے بچانے کے لیے عارضی طور پر انہیں شہر بدر کر دیا:

> ''کبیر کی تعلیمات اس وقت کی مروجہ قلندرانہ صوفیت سے اتنی ملتی تھیں کہ سکندر نے انہیں کسی خاص سزا کا موجب نہیں سمجھا۔ جلد ہی وہ بنارس آ گئے اور اس کے بعد انہیں نہ ستایا گیا۔ انہیں دونوں قوموں سے بہت عقیدت تھی۔''[۲]

کبیر کو اپنی تعلیمات کی وجہ سے ہندو مسلم دونوں میں مقبولیت حاصل ہو گئی تھی۔ وہ دونوں قوموں کو معرفت الٰہی کا درس دیتے تھے ان کی تعلیمات بھی توحید اسلام سے ملتی جلتی تھیں کہ خدا ایک ہے اس کے سوا کسی کی عبادت جائز نہیں۔ ہندو مسلمان کو عرفان الٰہی کے دائرہ مین رہ کر زندگی گذارنی چاہیئے۔ انہوں نے ہندو مذہب کے تمام بنیادی عقائد و اعمال کی مخالفت کی۔ اس وجہ سے انہیں بھگتی تحریک کا بہت بڑا مسلم مانتے ہیں۔

ڈاکٹر تارا چند کا کہنا ہے:

> ''کبیر نے ہندوستان کی توجہ ایک عالمگیر مذہب کی طرف مبذول

کرائی اور ایک ایسا راستہ بنا دیا گیا جس پر دونوں قومیں ساتھ چل سکتی ہیں۔
ایسے مذہب پر کوئی ہندو یا مسلمان اعتراض نہیں کرسکتا۔ یہ کبیر کے مشن کا
تعمیری حصہ تھا۔" ۳؎

کبیر کے بعد چیتنیہ اور گرونانک جیسی شخصیت نے بھگتی تحریک میں اہم کردار ادا کیا۔ گرونانک کی پیدائش لاہور میں ہوئی، جو صدیوں سے اسلامی حکومت کے ماتحت تھا۔ سرہند، پاک پٹن اور دیگر مقامات بڑے بڑے صوفیا اور اولیاء کے مرکز رہ چکے تھے۔ یہاں سید شیخ اسماعیل بخاری، سید علی ہجویری، بابا فرید، جلال الدین بخاری مخدوم جہانیان اور دوسرے بزرگوں کے نام ادب و احترام کے ساتھ لیے جاتے تھے۔ ان بزرگان دین کے ہزاروں مسلمان اور ہندو معتقد تھے۔ یہ بھی وہ زمانہ تھا جب نانک جیسی عظیم ہستی نے ان کے چشمہ ہای معرفت سے اپنی پیاس بجھائی۔ ان کی تعلیمات کا حاصل بھی ہندو اور مسلمان دونوں کو ملانا تھا۔

صوفیاء و علمائے اسلام کی صحبتوں سے ان کے دماغ کو جلا ملی۔ ان کی صحبتوں اور تعلیمات کے اثر سے وہ تصوف کے پیکر بن گئے اور اسی تصوف کے زیر اثر وہ ہندوؤں اور مسلمانوں کو بھائی بھائی بن کر رہنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ان کے الفاظ و خیالات میں اسلام کا اثر گہرا اور نمایاں ہے۔ گرونانک نے جو مذہبی تحریک چلائی وہ ان کے جانشینوں کے تحت آگے بڑھتی رہی۔

سولہویں صدی کے بزرگوں میں دھنا، پیپا، سائیں، رابنداس وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ ان کی تعلیمات بھی کبیر داس کی تعلیمات سے مختلف نہیں ہیں۔ بعد کے ہندو بزرگان میں دادودیال کی شخصیت بہت اہم ہے۔ انہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ راجپوتانہ میں گذارا اور وہ اجمیر دہلی اور امبیر اور دوسرے مقامات پر گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے اکبر سے بھی ملاقات کی ہے۔ ان کا رجحان اسلامی طرز خیال کی طرف مائل تھا۔ دادو ہندو مسلم اتحاد کا زبردست حامی تھا۔ ان کے علاوہ ملوک داس بھی اکبر کے زمانے میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے بھی انہیں اصولوں کی تعلیم دی جو اس وقت سارے ہندوستان میں رائج تھی۔ مذہبی

وحدت اور ہندو مسلم اتحاد کی تلقین کی۔ اس کے شاگرد سندر داس کا نام بھی مشہور ہے۔ اس نے بھی دادو کے بتائے ہوئے بھگتی مذہب کی تبلیغ کا کام کیا۔

اس طرح ایک طرف مسلم صوفیائے کرام اور مشائخ اور دوسری طرف ہندو بھگتوں، مبلغین اور مصلحین کی کوششوں کا نتیجہ اکبر بادشاہ کے دین الٰہی کی شکل میں ظہور پذیر ہوا۔ وہ ہندوستان کے لوگوں کے دلوں سے مذہبی تفرقہ کا خاتمہ چاہتے تھے اور لوگوں کو ایسے مذہب سے آگاہ کرنا ان کا مقصد تھا جس میں تمام مذاہب کی باتیں جمع کر دی گئی ہوں اور وہ باتیں جو مذہبی اختلافات، نزاع اور لڑائی جھگڑے کی باعث ہیں دور کر دی جائیں۔ اپنے انہیں خیالات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اکبر نے دین الٰہی کا اعلان کیا۔

اکبر بادشاہ اچھی طرح جانتا تھا کہ ہندوستان کی سلطنت کی جڑیں اسی وقت مضبوط ہو سکتی ہیں جب ہندو مسلم باہمی اختلافات ختم ہوں۔ اس نے اختلاف کو دور کرنے کی طرف پوری توجہ دی اور تمام مذاہب کے لوگوں کو ایک رشتہ اتحاد میں منسلک کر کے ہندوستان کی مذہبی اور سماجی تحریک میں ایک نئے باب کا آغاز کیا۔ ابھی تک اس تحریک کے پیشوا اور علمبردار مسلم صوفیا، مشائخ اور ہندو سادھو سنت تھے۔ لیکن اکبر بادشاہ کے عہد سے بادشاہ وقت نے بھی اس کام میں دلچسپی لینا اپنا نصب العین بنالیا۔ اس تحریک کو بہت مقبولیت حاصل ہوئی۔ اور یہ جوش اور ولولہ بہادر شاہ ظفر کے زمانے تک قائم رہا۔

سولھویں اور سترہویں صدی میں اکبر بادشاہ اور اس کے جانشینوں کی سرپرستی میں ہندو تصوف کی کتابوں کا سنسکرت سے فارسی میں ترجمہ ہوا۔ سترہویں صدی کے وسط مین تعلیم یافتہ مسلمانوں میں ویدانت کے اصولوں کو تصوف کے برابر سمجھنے کا رجحان پیدا ہو چکا تھا۔ لال داس اور بابا لال کے مذہبی خیالات کو عروج حاصل ہوا۔ بابا لال جہانگیر کے عہد میں پیدا ہوا۔ اور وہ چیتنیہ کا شاگرد تھا۔ داراشکوہ بھی اسی کا شاگرد تھا۔ داراشکوہ نے ہندوؤں کے بارے میں اکبر کی پالیسی جاری رکھی۔ اور وہ اسی پالیسی کے تحت ہندو مسلم اتحاد پیدا کرنا چاہتا تھا۔ ملا شاہ بدخشی (متوفی ۱۶۵۸ء) کے ہاتھ بیعت کرنے کے بعد داراشکوہ کے روحانی تجسس نے ایک اور کروٹ لی۔ دوسرے مذاہب اور خاص کر ہندو ویدانت میں گہری تحقیق

شروع کی جس کا نتیجہ مجمع البحرین کی صورت میں (۱۶۵۴ء- ۱۶۵۵ء) میں منظر عام پر آیا۔ یہ کتاب مسلمان صوفیوں اور ہندو یوگیوں کے عقائد کا مجموعہ ہے۔ داراشکوہ نے اس کتاب میں یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ تصوف اور یوگ کے خیالات ایک دوسرے کے مطابق ہیں۔ اس نے اس سلسلے میں اک مختصر رسالہ ''مکالمہ داراشکوہ بابالال'' کے نام سے اپنے منشی چندر بھان سے مرتب کروایا جس میں داراشکوہ کے سوالات اور بابالال کے جوابات جمع ہیں۔ ''سرا کبر'' اور ''یوگ وشسٹ'' کا آسان فارسی میں ترجمہ داراشکوہ کے کہنے پر ہوا۔ بھگوت گیتا کا بھی فارسی مین ترجمہ کرایا۔

مسلمانوں میں داراشکوہ، ملاشاہ بدخشی، سرمد شہید اور محسن فانی کے علاوہ دوسرے بزرگان اور کئی مسلمان ایسے تھے جو سادھوؤں اور جوگیوں کی روحانیت کے قائل تھے۔ اور ان سے مل کر متاثر ہوئے تھے اس کا اثر یہ ہوا کہ مسلمانوں پر بیراگیوں اور جوگیوں کے عقائد کا بہت گہرا اثر پڑا ہندو جوگیوں کی خدمت میں اورنگ زیب جیسا راسخ العقیدہ مسلمان بھی عقیدت سے جاتا تھا۔

میرا موضوع ''مغل عہد کے معروف ہندو فارسی شعراء'' کا تنقیدی مطالعہ ہے۔ اس لحاظ سے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ مسلم حکمرانوں کے دربار، سماجی وثقافتی حالات اور ان کے دربار سے متعلق غیر مسلم دانشوروں اور شاعروں کا اجمالی جائزہ عہد بہ عہد پیش کیا جائے۔

مسلمان حکمرانوں کی حکومت میں نہ صرف مسلم طبقے کو عزت ومرتبہ حاصل تھا بلکہ غیر مسلموں کے لیے بھی سیکولر حکومت تھی۔ سلطنت کے قوانین وضوابط دونوں کی لیے برابر تھے۔ بادشاہ اور ان کے امراء ہندوؤں کے مذہب مین کسی طرح کی مداخلت نہیں کرتے تھے۔ حالانکہ اسلام میں بت پرستی جیسی باتوں کی سختی سے مخالفت کی جاتی ہے۔ لیکن انہیں اس بات کی اجازت تھی کہ وہ اپنے مذہب کے مطابق عبادت کریں۔ اس لئے ہندو رسومات پر پوری طرح عمل کرتے، مندروں میں مورتیوں کو سجاتے اور اپنے مذہب کے مطابق سب تقاضوں کو پورا کرتے تھے۔ مسلمان ارباب حکومت اپنی رعایا کی نظر میں عزت ومرتبہ رکھتے

تھے اور وقت پڑنے پر وہ اپنے حکمرانوں کے لیے قربانی دینے کو تیار رہتے تھے۔

محمد بن قاسم سے لے کر بہادر شاہ ظفر تک کوئی مسلمان سلطان بادشاہ یا امیر ایسا نہیں گذرا جس کے دور حکومت میں ہندو ملازم اور دیگر اہل کار زیادہ سے زیادہ دخیل نہ ہوں۔ مسلم حکمران اپنی ضرورت کے لیے ہندوؤں کو ملازمت دیتے تھے سلطان محمود غزنوی کے دور حکومت میں ہندوؤں کی ایک بڑی جماعت فوج میں شامل تھی یہاں تک کہ اس کی فوج کا افسر جے سین حجام (ہندو) تھا۔ مملوک سلاطین کے دور میں اسلامی فوجوں کے ساتھ ساتھ ہندو فوجیں بھی موجود تھیں۔ سرکاری ملازمتوں جیسے منشی متصدی اور دیگر ملازم زیادہ تر ہندو ہوتے تھے۔ دفتر کی تنظیم و ترتیب کا کام انہیں کے سپرد کیا جاتا تھا کیونکہ ان کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ ہندوؤں کو جو ملکی انتظام سے بخوبی واقف ہوتے تھے۔ ملازم رکھا جائے۔ یہاں تک کہ سماجی، سیاسی اور معاشی کاموں میں ہندوؤں کا عمل دخل زیادہ تھا۔

جب ہندوؤں کا سرکاری ملازمتوں اور دفتری امور میں عمل دخل ہوا تو فارسی زبان سیکھنا ان کے لیے ضروری ہوگیا۔ سکندر لودی کے زمانے میں ہندوؤں نے فارسی کی طرف خاص طور سے توجہ مبذول کی۔ اس نے اپنے دفاتر میں ہندوؤں کو مقرر کیا ان میں زیادہ تر تعداد کھتریوں کی تھی جس کے سبب مغلوں کے زمانے مین کائستھ خاندان کے ہندوؤں کا غلبہ نظر آتا ہے۔ ہندوؤں کے ساتھ کشمیری پنڈتوں نے بھی فارسی زبان وعلوم کو سیکھا۔

مغلوں کے دور حکومت میں ہندو وزارت، سپہ سالاری اور دیگر مناصب وعہدوں پر فائز رہے۔ بابر، ہمایوں، اکبر، جہانگیر، شاہجہاں اور دیگر مغل بادشاہوں اور شہزادوں کے دور حکومت میں کارپردازوں کی خاص تعداد ہندوؤں کی تھی۔ ہندو منصب داروں کی ان کے دربار مین کوئی گنتی نہیں تھی۔ تاریخی کتابوں میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان انفرادی تعلقات سے عدل و انصاف کے واقعات ملتے ہیں جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسلمان سلاطین و بادشاہ اس ملک کو اپنا وطن سمجھتے تھے۔ اور اپنی رعایا کو بلاامتیاز مذہب وملت اپنے برادران وطن تسلیم کرتے تھے۔ ان کا سلوک ہندو اور مسلمانوں کے ساتھ مساوی تھا۔

اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ سلطنت اور مغل دور میں ہندوؤں کی ایک خاصی بڑی

تعداد موجود تھی اور فارسی زبان سیکھ چکی تھی۔ ذیل میں محمود غزنوی سے لے کر غلام بادشاہوں، خلجیوں، لودیوں اور مغل بادشاہوں کی فارسی زبان و ادب سے دلچسپی اور ان کے ہندوؤں سے تعلقات کا ذکر عہد بہ عہد پیش کیا جاتا ہے۔

سلاطین کے دور حکومت میں ہندوستان میں علوم وفنون کی ترقی ہوئی۔ فارسی زبان و ادب نے عروج کی بلندیوں کو چھولیا۔ یہ سلاطین سخن شناس اور سخن پرور تھے اور ذوق سلیم رکھتے تھے۔ بیشتر شاعری کے دلدادہ تھے، صاحب علم وفضل بھی تھے ان کے دربار سے ہزار ہا مورخین، شعراء وادباء وابستہ رہے۔

غزنوی سلاطین کے پنجاب میں پچاس، ساٹھ سالہ دور حکومت میں بہت سے فارسی گو شعراء ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ جنہوں نے فارسی زبان میں اپنے علم وفضل کی بہت سی یادگاریں چھوڑی ہیں۔ اس دور کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ ایران سے صوفی ومشائخ نے ہندوستان کا رخ کیا۔ اور تبلیغ و اصلاح کا کام شروع کیا جس کا اثر نہ صرف فارسی ادب پر پڑا بلکہ ہندوستانی سماج پر بھی اس کا بہت گہرا اثر پڑا۔ خواجہ معین الدین چشتی (۵۵۶ھ/ ۱۱۶۱ء) نے ایران سے ہندوستان ہجرت کی اور اجمیر کو اپنی تبلیغ و اصلاح کا مرکز بنایا۔ ہندوستان میں چشتی مشائخ کا سلسلہ ان سے شروع ہوا۔

سلطان محمود کے دربار میں جس قدر شاعرانِ ذی علم اور بہادران روزگار جمع رہتے تھے۔ اتنے شاید ہی کسی دوسرے بادشاہ کے دربار میں جمع ہوئے ہوں۔ محمود غزنوی ہمیشہ اہل علم سے دوستی رکھتا تھا۔

محمود غزنوی نے نہ صرف مسلم دانشوروں، علماء، فضلاء اور شعراء کی سرپرستی کی ہے بلکہ غیر مسلم دانشوروں، امراء، رہبر اور فوجی افسران بھی اس کے دربار سے منسلک رہے اور داد و دہش پاتے رہے۔ تمام مورخین بھی اس بات سے متفق ہیں کہ محمود غزنوی نے علم و ادب اور دیگر فنون کی قدردانی میں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ ہندوؤں کی خدمات کو سراہا۔ محمود اور اس کے جانشینوں کی یہ خصوصیت ہے کہ ان کے دربار سے ہندو افسران اور دیگر ملازمین بھی وابستہ رہے۔

تلک بن جے سین حجام ہندو افسر جو غزنوی دور حکومت میں اعلیٰ عہدے پر فائز تھا اور خواجہ حسین میمندی کا پرائیوٹ سکریٹری تھا۔ اسے ہندی زبان کے ساتھ ساتھ فارسی زبان پر بھی عبور حاصل تھا اور دربار میں دبیری اور ترجمانی کے فرائض انجام دیتا تھا۔ اس بات سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ فارسی زبان سے خوب واقفیت رکھتا تھا۔ غزنوی دربار میں تلک بن جے سین حجام کے علاوہ حکومت کے دیگر امور پر عبور رکھنے والے غیر مسلم ملازم بھی شامل تھے۔ جو فارسی زبان پر مہارت رکھتے تھے۔ محمود کے دور حکومت میں دس ہزار ہندو فوج میں شامل ہوئے۔ سالک عبدالمجید اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:

> ''جب محمود نگرکوٹ پر قبضہ کرنے کی غرض سے وہاں پہنچا تو نگرکوٹ کے راجا نے عفو تقصیرات کی عرضی بھیجی۔ سلطان نے بلاتامل ان کی درخواستوں کو منظور کرلیا اور اس کے ساتھ از راہ مصلحت اندیشی یہ بھی لکھ دیا کہ جو ہندو ہماری فوج میں شامل ہونا چاہے وہ شوق سے آ جائے ہم اس کو مسلمانوں کے برابر حقوق عطا کریں گے۔ چنانچہ دریائے سندھ کو عبور کرنے سے پہلے دس ہزار ہندو محمودی فوج میں بھرتی ہوگئے۔ اور اس کوشش میں راجا بھی شامل تھے۔'' ۵

محمود کا ہندوؤں کو فوج میں شامل کرنے کا مقصد یہ بھی تھا کہ ہندوؤں کے دلوں سے جو نفرت اس کے اور سلطنت غزنی کے خلاف موجود ہے اس کو ختم کر دیا جائے۔ اس نے ہندو فوج کا سپہ سالار بھی ہندو ہی مقرر کیا اور یہ فوج غزنوی خاندان کے آخری بادشاہ کے زمانے تک غزنوی فوج کا ایک حصہ رہی۔ اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ محمود کا لشکر صرف مسلمانوں پر مشتمل نہیں تھا۔ بلکہ اس میں دس ہزار باقاعدہ ہندو سپاہی شامل تھے۔

محمود کا جانشین مسعود بھی علماء، شعراء و فضلاء کا بڑا قدردان تھا۔ سلطان علماء کی صحبت کو بے حد پسند کرتا تھا۔ خود علماء بھی اس کی عزت کرتے تھے اور اپنی لکھی ہوئی تصانیف اس کے نام معنون کرتے تھے۔ اس نے اپنے دور حکومت میں مدرسے، مسجدیں اور دینی تعلیمی ادارے قائم کروائے۔ اس کے زمانے میں ہندوؤں کے علوم و فنون کا ترجمہ سنسکرت

سے فارسی زبان میں کیا گیا۔ اس کے علاوہ دوسری ہندوستانی حکایات کا ترجمہ بھی عربی اور فارسی زبان میں ہونے لگا۔

غیر مسلموں کے دربار سے روابط و تعلقات کا یہ اثر ہوا کہ غزنوی عہد میں نہ صرف مسلمانوں نے فارسی زبان و ادب کو سیکھا بلکہ ہندوؤں نے بھی فارسی زبان و ادب میں مہارت حاصل کی۔ ان کے ہاتھ سے لکھے لاتعداد فارسی فرامین، دستاویزیں آج بھی موجود ہیں جو فارسی زبان وادب کے قیمتی شہ پارے ہیں۔

مملوک سلاطین کے دور حکومت میں فارسی ادب میں ایک اہم باب کا آغاز ہوا۔ اس زمانے میں دہلی ہندوستان کا پایہ تخت بن گئی تھی۔ اسی کے ساتھ ان سلاطین کے علمی ذوق و شوق اور معارف پروری نے دہلی کو ادبی مرکز بنا دیا۔ مملوک سلاطین کی مادری زبان ترکی تھی لیکن انہوں نے فارسی زبان کو سرکاری زبان کا درجہ دیا۔ شعر و ادب اور تاریخ نویسی کو اس دور میں فروغ حاصل ہوا۔ مملوک سلاطین نے فنون لطیفہ کی بھی دل کھول کر سرپرستی کی۔ اس میں ایسے شاعر، نثر نگار اور مورخ پیدا ہوئے جن کی اہمیت کا احساس نہ صرف ہندوستانی علماء، فضلاء اور دانش مندوں نے کیا بلکہ ایرانی دانشوروں نے بھی ان کے علم و فضل اور ان کے اعلیٰ فنی صلاحیتوں کو سراہا ہے۔

مملوک سلاطین کے بعد غیاث الدین بلبن نے بھی مسلمانوں کے ساتھ ساتھ ہندو علماء و فضلاء اور دانشوروں کو اپنے دربار سے منسلک رکھا ہے۔ ہندو امراء کی بھی ایک کثیر تعداد اس سے وابستہ رہی ہے اور ان کو بھی خطابات سے نوازا ہے جس کے شواہد تاریخی کتابوں میں ملتے ہیں۔

تغلق خاندان میں فیروز شاہ تغلق کا دور سنہرا دور کہلاتا ہے۔ وہ اپنی قدردانی، علم و فضل، فیاضی اور الوالعزمی کے اعتبار سے اپنے معاصرین میں شامل نہیں رکھتا تھا۔ اس کے عہد میں مشائخ و علماء اور شعراء کی بڑی قدر و منزلت ہوئی۔ دربار میں علماء کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس عہد میں فارسی زبان و ادب کو کافی فروغ ملا علم و ادب اور فارسی زبان کی ترویج و ترقی کے لئے اس نے لاتعداد مسجدیں، مدرسے اور خانقاہیں تعمیر

کرائیں۔ جن میں فضلائے روزگار اعلیٰ تعلیم دیتے تھے۔ دینی اور دنیاوی تعلیم کا یکساں انتظام ہوتا تھا۔ فیروز شاہ تغلق کے دورِ حکومت میں بہت سے ہندو اعلیٰ عہدے پر فائز تھے اور فارسی اور عربی جانے بغیر ان عہدوں کے فرائض پوری طرح انجام دے سکتے تھے۔ ''نگر کوٹ (کانگڑہ) میں جوالامکھی کا مندر تھا جو اب تک موجود ہے۔ اس مندر میں قدیم ہندو علوم کی کوئی تیرہ سو کتابیں تھیں۔ فیروز شاہ کو جب یہ قصہ معلوم ہوا تو اس نے بعض فاضل ہندوؤں کو وہاں بھیجا اور حکم دیا کہ بعض کتابوں کا فارسی میں ترجمہ کریں۔ اس زمانے کے ایک شاعر عزالدین خالد ضانی نے ایک کتاب کو ہندی نظم سے فارسی نثر میں ترجمہ کیا اور سلطان نے اس کا نام ''دلائلِ فیروز شاہی'' تجویز کیا۔''[۶]

اس کے علاوہ سنسکرت کی کتابوں کا فارسی میں ترجمہ کروایا۔ علمی و ادبی نقطہ نظر سے اگر دیکھا جائے تو مذکورہ بادشاہوں کے عہد میں فارسی علم و ادب نے ترقی کی اور علماء، ادباء، شعراء اور مورخین کو اپنے فن میں جوہر دکھانے کے مواقع فراہم کئے۔

سیدیوں اور لودیوں کے دورِ حکومت میں فارسی زبان و ادب کو وہ اہمیت حاصل نہیں ہو سکی جو اس سے پہلے کے سلاطین کے دورِ حکومت میں حاصل تھی۔ اس خاندان کے بادشاہوں کو علم و ادب سے کوئی خاص لگاؤ نہیں تھا۔

لودی خاندان کے بادشاہوں میں سکندر لودی (۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء) کو فارسی زبان و ادب سے بہت لگاؤ تھا۔ وہ خود تعلیم یافتہ تھا اور صاحب علم و فن کی قدر کرتا تھا۔ اس کے عہد میں عرب، ایران، بخارا اور ہندوستان کے بہت سے علماء سلطان کی علم دوستی اور فیاضی کی وجہ سے آگرہ میں جمع ہو گئے۔ ان کے کارہای نمایاں دیکھتے ہوئے انہیں مناصب اور جاگیریں عطا کرتا تھا۔ اس کے عہد میں نہ صرف مسلم علماء و فضلاء نے اپنے جوہر دکھائے بلکہ ہندوؤں میں فارسی تعلیم کی ترویج کی پہلی موثر کوشش بھی اس کے عہد میں ہوئی۔

> ''ہندوؤں نے عام طور پر فارسی زبان کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کے علوم کی تحصیل بھی شروع کر دی اور سلطان کے حکم سے بعض ہندی اور سنسکرت کی کتابوں کے فارسی میں تراجم ہوئے۔ ایک پرانی طب کی کتاب

''اگر مہابیدک'' کا ترجمہ بھی مرتب کیا گیا۔'' ے

سکندر لودی کے زمانے میں کائستھ قوم کے ہندوؤں نے فارسی زبان کو سیکھنے میں زیادہ دلچسپی کا اظہار کیا۔ اور ان کے ذہن وفکر پر فارسی ادب کا بہت گہرا اثر پڑا۔ اس زمانے میں یہ زبان اعلیٰ طبقہ کی زبان تھی۔ گرونانک لودھیوں کے آخری زمانے کے بزرگ ہیں۔ ان کی تصنیف ''آدی گرنتھ'' فارسی کی آمیزش ہے۔ وہ فارسی زبان کے عالم تو نہیں تھے لیکن علماء وفضلاء کے ساتھ میل جول اور آپسی تعلقات کی وجہ سے ان کے ہندی یا پنجابی بول چال کی زبان میں فارسی الفاظ کافی موجود ہیں۔

ہندوستان کی تاریخ میں مغل دور فارسی زبان و ادب اور شاعری کا زرین دور مانا جاتا ہے۔ مغل بادشاہوں کے ترک ہونے کے باوجود فارسی زبان سے دلچسپی اور درباری زبان ہونے کی وجہ سے اس زبان کو عہد مغلیہ میں سب سے زیادہ عروج حاصل ہوا۔ مغلوں نے فارسی زبان و ادب کی سرپرستی دل کھول کر کی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مغل بادشاہوں اور دربار سے منسلک امراء کی داد و دہش کے چرچے سن سن کر علماء، ادباء، اور قادرالکلام شعراء کی ایک بڑی تعداد ایران و دیگر ممالک سے ہجرت کر کے ہندوستان میں سکونت پذیر ہوگئی۔ مغل بادشاہ ارباب علم و ہنر کے قدردان اور شعروسخن کے شوقین تھے۔ اہل سخن کو اپنے دربار میں دعوت دیتے تھے۔ ان کے کلام کو سن کر انہیں انعام و اکرام سے نوازتے تھے۔ اہل علم وفن اور سخن ور ایک دوسرے سے سبقت لے جانے میں کوشاں رہتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ مغل دور اہل علم کے لیے اپنے جوہر دکھانے اور اس کی ترقی کے لیے زیادہ سازگار دور ثابت ہوا۔

مغل دربار ایک تہذیبی اور ثقافتی ادارے کی حیثیت رکھتا تھا اور یہاں پہنچے بغیر ایرانی سخنور بھی اپنے آپ کو کمال کی سند سے محروم سمجھتے تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان میں سے شعراء کی ایک بڑی تعداد انعام و اکرام کے لالچ میں یا ذریعہ معاش کی تلاش میں ہندوستان آئی۔ ان میں سے کچھ ایسے بھی تھے جنہیں دولت سے زیادہ شہرت کی تمنا تھی۔

مغلیہ عہد میں علم و ادب کو فروغ حاصل ہونے کی ایک خاص وجہ یہ بھی تھی کہ شہنشاہ اور شہزادے علم و ادب کا ذوق رکھتے تھے۔ بابر، ہمایوں، اکبر اور جہانگیر شعر بھی کہتے تھے۔

جہانگیر بادشاہ بھی شعر کا اچھا ذوق رکھتا تھا۔ ذہین نقاد اور شاعر بھی تھا۔ مغل شہزادوں میں کامران، داراشکوہ، صاحب دیوان شاعر تھے۔ شہزادیوں میں نور جہاں، ممتاز محل اور زیب النساء شعر کہتی تھیں۔ بابر اور جہانگیر مورخ اور ادیب تھے۔ توزک بابری اور توزک جہانگیری تاریخ وا نشاء کے بہت اچھے نمونے ہیں اورنگ زیب بھی بہت اچھا انشاء پرداز تھا۔ بادشاہوں کے علاوہ امراء، صوبدار اور دوسرے منصب دار بھی علم وادب کا ذوق رکھتے تھے۔ اور ان میں بعض شاعر بھی تھے۔ علماء، شعراء، کے قدردان اور مربی بھی تھے۔ ان کے دربار ایک لگتے تھے۔ بادشاہوں کی طرح فیاضی اور زربخشی کے لیے نامور تھے۔ عبدالرحیم خانخاناں، ابوالفتح گیلانی، آصف خان، افضل خان، مہابت خان، سعداللہ خاں وغیرہ خودشعر گو، شعرفہم اور شعرا کے قدردان تھے۔

ہندوستان میں مغل دور میں فارسی شاعری کا عروج ظہیرالدین بابر (وفات ۹۳۲ھ/۱۵۲۶ء) سے شروع ہوتا ہے۔ یہ فاتح بادشاہ کابل سے ہندوستان آیا تھا۔ صاحب علم اور سخن سنج تھا۔ رزم و بزم دونوں کا ماہر تھا۔ بابر نے بچپن ہی سے ایسے ماحول میں تربیت پائی تھی جہاں کی فضا اعلیٰ علوم وفنون سے مزین تھی اور خاص طور سے علماء، فضلاء اور شعراء نے اس عہد میں استفادہ کیا اور اپنے ہم عصر شعراء کے کلام پر تنقید بھی کی۔ بابر بھی فارسی زبان و ادب کا اعلیٰ ذوق رکھتا تھا۔ اس کی تصنیف تزک بابری اس کی اعلیٰ ظرفی کی جاوید مثال ہے۔ جو دنیا کی بہترین علمی اور تاریخی سرمایہ میں شمار ہوتی ہے۔ اور ہر ملک کے ارباب کمال نے بڑے ذوق وشوق سے اپنی زبانوں میں اس کے ترجمے کئے ہیں۔ بابر نے اپنی تزک میں کلام پاک کی آیات، سعدی کی گلستان و بوستان، فردوسی کے شاہنامہ، نظامی اور خسرو کے خمسے اور شرف الدین علی یزدی کے ظفرنامہ اور ابوالعمر منہاج الجورجانی کی طبقات ناصری جیسی مشہور کتابوں کا ذکر کرتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی ابتدائی تعلیم میں یہ کتابیں درس وتدریس میں ضرور شامل رہی ہوں گی۔

بابر ترکی زبان کا صاحب دیوان شاعر تھا۔ اکبر نامہ میں ابوالفضل نے بابر کی شاعری کی تعریف اس طرح کی ہے:

"آن حضرت را در نظم و نثر پایۀ عالی بود۔ خصوصاً در نظم ترکی، و دیوان ترکی آن حضرت در نهایت وضاحت و عذوبت واقع شده و مضامین تازه در آن مندر جست۔" ۸

بابر نہ صرف ترکی زبان کا بلند پایہ شاعر تھا بلکہ اس نے اپنے خیالات کا اظہار فارسی شاعری میں بھی کیا ہے۔ اس کے فارسی کلام کو صاحت علم وفن نے قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ ابوالفضل بابر کی شاعری کے بارے میں لکھتے ہیں:

"همین بزبان فارسی نیز اشعار دلپذیر دارند۔" ۹

بابر کے دربار میں ممتاز فضلاء کے علاوہ شیخ عبدالواجد فارغی سلطان محمد کوسہ، شیخ جمالی اور دیگر ہندو امراء شامل تھے۔ بابر کی علم نوازی کے چرچے سن کر ارباب کمال کی ایک بڑی تعداد خراسان، ہرات اور دوسری جگہوں سے ہندوستان آئی۔ بابر نے ان کی شاہانہ پذیرائی کی۔

بزم تیموریہ کے مصنف لکھتے ہیں:

"۹۳۵ھ میں گوالیار کی مہم میں بابر سخت بیمار ہو گیا۔ بیماری سے شفا پائی تو ایک جشن عشرت منعقد کیا۔ اس جشن میں تمام ایلچی، قزلباش اوزبک اور ہندو بھی شریک ہوئے۔ بابر نے ان سب کو ترازو کے پلڑے بھر بھر کر چاندی اور سونا دیا اور اس موقع پر بھی سادات اور علماء کو فراموش نہیں کیا۔" ۱۰

بابر کے بعد ہمایوں (وفات ۹۶۳ھ/ ۱۵۵۶ء) تخت مغلیہ پر جلوہ افروز ہوا۔ حالانکہ ہمایوں کی زندگی کا بیشتر حصہ جنگ ولڑائی میں گذرا۔ اس کے باوجود فارسی زبان و ادب کی شمع کو اس نے بجھنے نہیں دیا۔ اور فرصت کے اوقات میں شعرو شاعری جاری رکھی۔ اس کے علمی ذوق کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ اس نے ارباب کمال اور اہل علم و ادب اور شعراء کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی کی۔ حالانکہ اس کی مادری زبان ترکی تھی۔ لیکن فارسی

زبان پر بھی عبور رکھتا تھا۔ فارسی زبان میں شعر کہتا تھا۔ اس کے دربار میں شعروشاعری کی محفلیں برابر گرم رہتی تھیں۔ ابوالفضل ہمایوں کی شاعری کی تعریف میں لکھتے ہیں:

"وتوجه عالی به شعر و شعراء نیز و از انجا (طبع موزوں از خصائص فطرت سلیم است) در خلال اوقات واردات قدسی را (چه از حقیقت و چه از مجاز) در سلك نظم می کشیدند و دیوان شعر آنحضرت در کتابخانه عالی موجوداست۔"[۱۱]

تاریخ بدایونی کے مصنف لکھتے ہیں:

"شعرای بسیار نادرۂ روزگار از دامن اوبرخاسته اند۔"[۱۲]

شعرائے کرام کی صحبت کی وجہ سے ہمایوں کی فارسی شاعری میں نکتہ سنجی اور سخن فہمی کو خوب جلا ملی۔ شعراء اور نامور علماء وفضلاء اس کے علم و ادب میں دلچسپی اور شاعری میں ذوق وشوق کی وجہ سے اس کے دربار سے داد و دہش سے فیضیاب ہوئے۔

ہمایوں کے دربار میں مولانا جنوبی بدخشانی، مولانا نادری، شیخ الواجد فارغی، طاہر دکنی، خواجہ ایوب قاسم کاہی، شیخ امان اللہ پانی پتی جیسے بلند پایہ خوش طبع، شیریں زبان اور بذلہ سنج شعراء اور دیگر جید عالم اور ہندو علماء وفضلاء شامل تھے۔

اکبر کا دورِ حکومت (۹۶۳ھ-۱۰۱۶ھ/۱۵۵٦ء - ۱٦۰۵ء) فارسی زبان کی ترویج و ترقی کا زرین دور ہے۔ اس کے دورِ حکومت میں ہندوستان علوم وفنون کا مرکز بن گیا تھا۔ اکبر نے اپنے دربار کے علماء وفضلاء اور شعراء کی قدردانی دل کھول کر کی۔ انہیں انعام و اکرام سے نوازا۔ اس کی علمی فیاضیوں کا یہ اثر ہوا کہ ایران کے شعراء، سخن پرور اور سخن فہم کی ایک بڑی تعداد ہندوستان ہجرت کر کے آگرہ میں منتقل ہوگئی۔

اکبر اچھی طرح جانتا تھا کہ ہندوستان میں مضبوط اور مستحکم حکومت راجپوتوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم رکھ کر ہی قائم رہ سکتی ہے۔ اور تخت و تاج کا استحکام ہندوؤں اور

مسلمانوں کی متحدہ وفاداری پر منحصر ہے۔ اس کے دور حکومت میں مذہبی بھید بھاؤ نہیں تھا۔ وہ خود بھی مذہبی معاملوں میں آزاد خیال تھا۔ اس کے عبادت خانوں میں مختلف مذاہب کے علماء کی مجلسیں منعقد ہوتی تھیں۔ جن میں ہندو علماء بھی برابر شریک ہوتے۔ وید منتر پڑھتے۔ جس کی بدولت جوگیوں سنتوں سے بھی اسے انس و ارادت پیدا ہوگئی تھی۔ اکبر کا اپنی زندگی کے آخری دور میں ہندو مذہب سے دلچسپی کا یہ عالم تھا کہ وہ کبھی کبھی مسلمانوں کے ساتھ بے انصافیاں کر جاتا تھا۔ ہندو علماء کی خاطر داریاں کیا کرتا تھا۔ انہیں خطابات و انعامات سے نوازا کرتا تھا۔ جس کا اثر یہ ہوا کہ اکبر کی دیکھا دیکھی دوسرے امراء بھی ہندو ارباب علم وفن پر نوازش کرنے لگے۔

اکبرؒ کے دور حکومت میں سلطنت کی وسعت کے علاوہ تمام علوم وفنون، شاعری و ادب، صنعت وحرفت، تہذیب و ثقافت غرض ہر شعبہ حیات نے خوب ترقی حاصل کی۔ اس عہد میں تاریخ نویسی کی طرف زیادہ توجہ دی گئی۔ چونکہ اکبر تاریخ نویسی کا اعلیٰ ذوق رکھتا تھا۔ اس لیے اس کے عہد میں تاریخ نویسی اور وقائع نویسی پر نہ صرف مسلم مورخین اور ادباء نے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ بلکہ ہندو مورخین اور فضلاء نے بھی تاریخی کتابیں یادگار چھوڑی ہیں جو اس عہد کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ اور جس کی مثال دنیا میں نہیں ملتی۔ اکبر کے دور حکومت میں سنسکرت اور عربی زبانوں کے علاوہ دیگر زبانوں کی کتابوں کا فارسی میں ترجمہ ہوا۔ اکبری دور کے فارسی تراجم تاریخی شاہکار ہیں۔

اکبر نے ہندو مذہب اور علوم وفنون کے ہر شعبہ میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس نے اپنی ہندو مسلم رعایا کی تعلیم کا انتظام اچھے ڈھنگ سے کیا۔ عام تعلیم کو رواج دیا۔ یعنی ہر مذہب و ملت کے طلباء تعلیم حاصل کر سکیں۔ مکاتب و مدارس میں ہندو اور مسلم طالب علم اکٹھے تعلیم حاصل کرتے تھے۔ دونوں مذہب کے لوگوں کے لیے نصاب تعلیم مرتب کیا گیا۔ ہندوؤں کے لیے خاص نصاب مقرر کیا گیا۔ ابوالفضل آئین اکبری میں لکھتا ہے:

"اخلاق ، حساب، سیاق، فلاحت، ساحت، هندسه ،
نجوم، رمل، تدبیر منزل، سیاست مدن، طب، منطق،

طبیعی، الٰهی، ریاضی، تاریخ مرتبه، مرتبه اندوز دواز
هندی علوم بیا کرن، نیائی، بیدانت، پا تنجل بر خواند و
هرکس را از بائیست وقت در نگزارند۔"[۱۳]

ان مکاتب و مدارس کے بارے میں لکھتے ہیں:

"از این طرز آگهی مکتبها رونق دیگر گرفت و مدرسها
فروغ تازه یافت۔"[۱۴]

اکبر کی پالیسی کا یہ اثر ہوا کہ ہندوؤں نے ہر شعبہ علم میں کارہای نمایاں انجام دیئے۔

اکبر کے دربار کے ہندو راجاؤں میں ٹوڈرمل نے اپنی اصلاحات نافذ کیں اور یہ فرمان جاری کیا کہ فارسی کو دفتری زبان کا درجہ دیا جائے اور تمام دفتری امور فارسی زبان میں انجام دیئے جائیں۔ اس فرمان سے نہ صرف مسلم طبقہ خوش تھا بلکہ ہندو بھی اس فرمان سے راضی تھے۔ اس طرح فارسی زبان اکبر کے دور حکومت میں سیاسی اور دفتری زبان قرار پائی۔ اب ہندوؤں کے لیے فارسی زبان و ادب کو سیکھنا ضروری ہوگیا اور انہوں نے جوق در جوق فارسی پڑھنی شروع کردی۔ دفاتر اور مناصب پر بے شمار ہندو فائز ہوگئے۔ خود راجا ٹوڈرمل فارسی زبان پر مہارت رکھتا تھا۔ فارسی کی بہت سی کتابیں اس کے نام سے منسوب کی جاتی ہیں۔ تقریباً اٹھارویں صدی کے آخر تک فارسی زبان کو ہندوؤں نے خوب رواج دیا اور ترقی دی۔

فارسی زبان اکبر کے عہد میں ہندوؤں کے ہاں پڑھائی جانے لگی اور کایستھ خاندان کے ہندوؤں نے اس زبان میں خاص دلچسپی کا اظہار کیا۔ کیونکہ اس خاندان میں فارسی پڑھنے کا دستور شروع سے تھا۔ دربار میں منشی گیری کا کام کایستھ خاندان کے لوگ ہی انجام دیتے تھے۔ فارسی کو دفتری درجہ حاصل ہونے پر ان لوگوں نے اس زبان پر ملکہ حاصل کرلیا۔ اس طرح فارسی میں تمام علوم وفنون کو فروغ دینے میں ہندوؤں کا بڑا ہاتھ رہا ہے۔

اکبر کے دربار کے ہندو امراء نے بھی فارسی زبان و ادب اور علم وفن اور اس کی

تعلیم و تدریس کی دل کھول کر خدمت کی کہ اس کی مثال نہیں ملتی۔ وہ خود ماہر علوم وفنون کو وظائف و انعامات سے نوازتا رہتا تھا۔ اس کے دربار کے ہندو امراء و فضلاء میں راجا ٹوڈرمل، امیرالامراء راجہ بھگوان داس، راجہ مان سنگھ اور راجا بیربل کے نام قابل ذکر ہیں۔

راجا ٹوڈرمل کا شمار اکبر کے دربار کے نورتن میں ہوتا تھا۔ وہ وزیر مالیات کے عہدے پر فائز تھا۔ اکبر کے عہد میں فارسی زبان کو دفتری زبان کا درجہ اسی نے دلوایا۔ دفتری انتظامات میں نئی نئی اصلاحات کیں اور اپنی محنت اور مستعدی سے اکبر کا اعتقاد حاصل کیا۔ جس کی وجہ سے اسے عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ علم کے ساتھ ساتھ وہ میدان جنگ میں بھی اکبر بادشاہ کے ساتھ برابر شریک رہا۔

خلاصۃ التواریخ کے مصنف راجہ ٹوڈرمل کے بارے میں لکھتے ہیں:

"در دقایق، سیاق و حقایق بے نظیر، در علم محاسبات موشگاف، ضوابط و قوانین، وزارت و تنظیم احکامات سلطنت و بندوبست، امور مملکت و آبادی و معموری رعیت و دستورالعمل، کارهای دیوانی و قانون اخذ، حقوق سلطانی، وافزونی خزانه و اسینت مسالك و تادیب سرکشان و تسخیر ممالك و دستور مناصب امراء موجب سپاه دوامی پرگنات و تنخواه جاگیر از ویادگاراست۔"[۱۵]

تذکرہ خوش نویساں کے مصنف لکھتے ہیں:

"ٹوڈرمل از طائفه کتهری، نویسنده چابکدستی و خطوط بخوش خطی و نمکی می نوشت۔ بوسیله مظفر خان مرتبه وزارت اکبری رسیده۔"[۱۶]

راجا ٹوڈرمل کی فارسی تصنیف خازن اسرار یا دستورالعمل ہے۔ بھگوت پران اور رسالہ حساب بھی ان کی تصنیفات میں شامل ہیں۔

اکبر کے دور میں شاعری کو بھی عروج حاصل ہوا۔ وہ علوم وفنون کا قدردان تھا۔

اس کے علمی و ذاتی شوق کا یہ عالم تھا کہ فارسی کی مشہور و معروف کتابوں میں سے شاید کوئی کتاب ایسی ہو جو اکبر کے سامنے نہ پڑھی گئی ہو۔ حافظ اور مولانا روم کی مثنوی کے بیشتر اشعار اسے زبانی یاد تھے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ خود بھی شعر کہنے لگا تھا۔ ابوالفضل، اکبر کی شاعری کے بارے میں لکھتے ہیں:

"طبع الهام پذیر آنحضرت بگفتن نظم هندی و فارسی بغایت موافق افتاده در دقایق تخیلات شعری نکته سنجی و موشگافی می فرمانید۔" [۱۷]

اکبر کے دربار میں ہر طبقہ کے شعراء کو درباری شرف حاصل تھا۔ اکبر شعراء کی قدردانی اور حوصلہ افزائی دل کھول کر کرتا تھا۔ ان پر سیم و زر کی نوازشیں کرتا۔ اس دور کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے دربار میں پہلی بار شعراء کی قدر و منزلت کی خاطر ملک الشعراء کا خطاب مقرر کیا گیا۔ نہ صرف مسلم طبقہ کے شعراء کو اس کے دربار میں رسائی حاصل تھی بلکہ ہندو شعراء کو بھی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ اور انہیں بھی وہی مرتبہ و مقام حاصل تھا جو ایک مسلم طبقہ کے سخنور کو عطا کیا جاتا تھا۔

مرزا منوہر توسنی نہ صرف اکبر کے دربار کا ہندو شاعر تھا بلکہ ہندوستان میں فارسی زبان کا پہلا قابل ذکر ہندو شاعر تھا۔ اسے فارسی زبان سے گہری دلچسپی اور اس پر کامل عبور حاصل تھا۔ وہ نہایت صاف ستھرا اور پاکیزہ شعر کہتا تھا۔ اس کے کلام میں اسلامی تخیل صاف طور پر نمایاں نظر آتا ہے۔ وہ محمد منوہر کہلانے پر فخر کرتا تھا۔ بدایونی، منوہر کے حالات کو ان الفاظ میں لکھتے ہیں:

"منوهر نام دارد، ولدمون کرن راجه سانبراست که درنمکزار مشهور است و این نمك در سخن او تاثیر این سر زمین است صاحب حسن غریب و ذهن عجیب است۔ اول اورا محمد منوهری خوانند ند بعد ازان میرزا منوهر خطاب یافت و پدرش باوجود کفر بشرف و افتخاد و مباهات

محمد منوهر می گفت. و هر چند مرضئ طبع بادشاهی نبود طبع نظمی دارد۔"[۱۸]

اکبر کا پچاس سالہ دورۂ حکومت علمی حیثیت سے کم درخشاں نہیں یوں تو مغل حکومت کی تاریخ میں علم پروری اور علم نوازی اس حکومت کی بنیاد کے ساتھ نظر آتی ہے۔ لیکن علوم وفنون کا عظیم الشان محل اکبر کے عہد میں پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ اس کے دور حکومت میں ہندو علماء وشعراء نے وہ نثری اور شعری کارنامے انجام دیئے جس کی نظیر نہیں ملتی۔ فارسی نثر کے اعلیٰ کام اس دور میں ہوئے۔ گردھر داس گوپال، چندر امن بیدل، کایستھ مادھوپوری، امر سنگھ، امانت رائے، مصر رام داس قابل اور نامعلوم مترجمین نے رامائن کا فارسی میں ترجمے کئے۔

غرض اکبری دور حکومت فارسی ادبیات وشاعری کی ترقی میں بام عروج پر پہنچ گیا تھا اور علمی وادبی ستاروں سے اس کا دربار روشن ومنور تھا۔

شہنشاہ اکبر کے بعد اس کا بیٹا نورالدین جہانگیر (۱۰۳۷ھ / ۱۶۲۸ء) تخت نشیں ہوا۔ اس نے بھی اپنے آباء واجداد کی قابل ستائش صفات کو محفوظ و برقرار رکھا۔ اور اپنے دربار کو فارسی زبان و ادب اور شعر وسخن کا گہوارہ بنایا۔ فارسی اور ترکی زبانوں میں اچھی دسترس پیدا کی۔ جہانگیر فارسی زبان کا اچھا انشاء پرداز تھا۔ توزک جہانگیری اس کی نثر نگاری کا اعلیٰ شاہکار ہے۔ جو سادگی و صفائی اور قادرالکلامی کے لحاظ سے بے مثال ہے۔ تاریخی نقطہ نظر سے توزک جہانگیری نہایت اہم دستاویز ہے۔

جہانگیر کی قادرالکلامی نہ صرف نثر ہی تک محدود تھی بلکہ وہ شعر وشاعری اور علم و ادب کا اعلیٰ ذوق رکھتا تھا۔ وہ خود شاعر تھا۔ اکثر اپنے اساتذہ کی پیروی میں شعر کہتا تھا اپنی توزک میں جابجا موقع ومحل کے مطابق اشعار لکھے ہیں جن سے اس کے حسن ذوق کا پتہ چلتا ہے۔ چونکہ جہانگیر شعر شناس تھا، اس لئے شعراء کی قدردانی اور سرپرستی کرتا تھا۔ طالب آملی، عرفی، نظیری، شکیبی، حیاتی، شیدا وغیرہ شعراء اس کے دامن دولت سے وابستہ رہے اور انعام واکرام پاتے رہے۔

شعرالعجم کے مصنف اس کے بارے میں لکھتے ہیں:

"باید دانست که هر یك از فرمانروایان سلسله تیموری
سخن فهم و آشنا به رموز سخن بوده اند و لیکن جهانگیر
درین فن استادمهارتی بسزاداشت فطرة وی محبت کیش
بوده از نخست دلی دردمندداشته است۔" [۱۹]

جہانگیر کے دربار میں نہ صرف مسلم شعراء، علماء، فضلاء کو قدر و منزلت اور اعلیٰ مناصب عطا تھے بلکہ ہندو علماء، فضلاء، شعراء اور امراء کو اپنے دورِ حکومت میں ذمہ دار عہدوں پر مقرر کیا۔ ہندوؤں کے ساتھ رواداری اور بے تعصبی اکبر سے کسی طرح کم نہ تھی۔

"جهانگیر شعر کا اچھا ذوق رکھتا تھا۔ وہ علوم و
عروض کو سمجھتا تھا۔ ایك بار ایك ہندو شاعر نے ایك
اچھے مضمون کی نظم پڑھی جس کا اصل یہ تھا کہ "اگر
آفتاب کا کوئی بیٹا ہوتا تو کبھی رات نہ ہوتی کیونکہ جب
آفتاب چھپ جاتا تو اس کا بیٹا اس کے بجائے عالم افروزی
کرتا۔ خدا کا شکر ہے کہ آپ کے والد کو خدا نے ایسابیٹا
دیا کہ لوگوں نے ان کے انتقال کا غم نہ کیا۔ آفتاب کو رشك
ہے کہ آپ کے طالع کی روشنی اور عدالت کے نور سلطنت
میں‌کہیں رات نہیں۔"

جہانگیر اس اچھوتے خیال کو سن کر بہت محظوظ ہوا اور ایک ہاتھی انعام میں دیا۔'' [۲۰]

جہانگیر کے متعلق لکھتا ہے:

"این تازگی مضمون ازشعرائی هند کم بگوش رسیده،
به جلدوی این مدح فیلی باو مرحمت کردم۔

جہانگیر کے حکم سے ان اشعار کا فارسی میں ترجمہ بھی کیا گیا۔

"گر سرداشتی جهان افروز شب نه گشتی همیشه بودی روز

زآنکه چون او نهفته افسرزر   به نمودی کلاه گوشه پسر
شکر کز بعد آن چنان پدری   جانشین گشت این چنین پسری
که زشنقار گشتن آن شاه   کس به ماتم نه کرد جامه سیاہ" ۲۱

میرزا منوہر توسنی جو اکبری دور کا ہندو فارسی شاعر تھا۔ اس نے زیادہ تر جہانگیر کی رفاقت میں تربیت پائی۔ جہانگیر کا سلوک اپنی بادشاہی کے زمانے میں اس کے ساتھ بہت حد تک مربیانہ رہا۔" ۲۲

اکبر اور جہانگیر کی طرح شاہجہان (۱۰۳۷ھ/۱۰۶۸ھ) کا دور حکومت تعمیری اور علمی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے۔ اس بادشاہ نے فن تعمیر پر زیادہ توجہ دی۔ اس کا حسن ذوق فن مصوری و نقاشی، مکاتب و مدارس اور مساجد وغیرہ کے تعمیری کاموں میں ظاہر ہوتا ہے۔

شاہجہاں کو علم و ادب کا ماحول اپنے آبا و اجداد کی طرح وراثت میں ملا تھا۔ اس کے دربار کی شان وشوکت اس کے دربار میں موجود قابل ذکر علماء، فضلاء، اور شعراء سے ظاہر ہوتی ہے۔ حالانکہ علم و ادب سے اسے خاص لگاؤ نہیں تھا۔ اس کے باوجود اس کے دربار کی علمی فضا اور اہل سخن کے ساتھ اس کی فیاضیاں اس کے ذوق سلیم کی شاہد ہیں۔ اس کی شاہانہ سرپرستی کے چرچے سن کر ایران سے نامور شعراء نے ہندوستان کا رخ کیا۔ بقول مولانا شبلی "ایران اور ہندوستان ایک مکان کے دو صحن بن گئے۔" ۲۳

شاہجہاں نے ان شعراء کی شایان شان سرپرستی کی۔ انہیں انعام و اکرام اور اعزازات سے نوازا۔ بعض کے روزینے مقرر کئے۔ اور بعض کو جاگیریں عطا کیں اور علماء بھی فیوض شاہجہانی سے مالا مال ہوئے۔ بادشاہ اپنی شاہانہ سرپرستی، فیاضی اور شعراء اور ارباب کمال کی قدردانی میں اکبر اور جہانگیر سے بھی بازی لے گیا تھا۔

مسلم شعراء میں ابوطالب کلیم جو جہانگیر کے دور حکومت میں ہندوستان آیا تھا۔ اپنے کلام کی بدولت عہد شاہجہانی میں ملک الشعراء کے خطاب سے نوازا گیا۔ محمد جان قدسی نے بھی بادشاہ کی داد و دہش کے چرچے سن کر ہندوستان کا رخ کیا۔ او ہفت ہزاری منصب کا امیر بنا۔ اور بعد میں دربار میں اپنی شاعری کا سکہ جما کر ملک الشعراء کے خطاب سے بھی

سرفراز کیا گیا۔ ان کے علاوہ دیگر نامور شعراء مثلاً میں صائب، ظفرخان احسن، سالک یزدی، شیدا، محمد طاہر آشنا، حکیم حاذق گیلانی وغیرہ کے ساتھ شاہجہاں نے ہندو اہل کمال کی بھی سرپرستی کی۔ اس کے دور حکومت میں مسلمانوں میں اور خاص کر ہندوؤں میں انشاء، شاعری اور تاریخ کو ترقی حاصل ہوئی۔ تاریخ نویسی میں ہندوؤں نے خوب کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ ہندو مورخین میں بندرابن داس بہادر شاہی جنہوں نے لب التواریخ کے نام سے تاریخی کتاب لکھی۔ ''پہلے یہ شاہجہان کے معمولی منشیوں میں ملازم تھا لیکن اس کے بعد اپنی بے نظیر ذہانت، دیانت اور قول و عمل سے ترقی کرتے کرتے پنجاب کا دیوان مقرر ہوا۔ ۲ میں جلوس شاہجہانی میں اس کے دوبارہ پائے تخت مین واپس بلالیا گیا۔ اور رائے ہزاری ذات کی عزت سے مفخر کیا گیا۔''۲۴ے

چہار چمن مصنفہ چندر بھان برہمن کو سرجادو ناتھ نے شاہجہانی دور کی تاریخ میں شمار کیا ہے۔ ۲۵ے بھگونت داس نے شاہ جہاں نامہ کی تصنیف کی۔ یہ رسالہ شاہجہاں کے زمانے میں لکھا گیا۔ جو ۵۴ منظوقوں پر مشتمل ہے اور اس میں مغلیہ خاندان کا، آدم علیہ السلام سے لے کر شاہجہاں کی تخت نشینی تک کا حال درج کیا گیا ہے۔ ۲۶ے

عہد شاہجہانی میں چندر بھان جو برہمن کے نام سے مشہور تھا ایک نامور ہندو شاعر، مورخ، منشی اور مصنف گذرا ہے۔ یہ شاہجہاں کے دربار کا مشہور و معروف شاعر تھا۔ اپنی خداداد قابلیت سے متصف تھا۔ نظم و نثر دونوں میں اسے ملکہ حاصل تھا۔ خاص طور پر اس نے شاعری میں اپنا دیوان یادگار چھوڑا ہے۔ اس کے علاوہ اس کی تصانیف میں گلدستہ تحفتہ الانوار، تحفتہ الفصحا، مجمع الفقراء، رقعات برہمن وغیرہ اس کی مرصع و مسجع نثر نگاری کا بہترین نمونہ ہیں۔ اس کے علاوہ متھرا داس ہندو، بنوالی داس ولی، وامق کھتری وغیرہ بھی اسی عہد کے نامور شعراء ہیں۔

ہندو شعراء میں سندر داس اس کے دربار کا ملک الشعراء تھا۔ چنتامنی اور راجہ شمبھوناتھ بھی اس کے دربار سے منسلک تھے۔ راجہ شمبھو ناتھ نے شاہجہاں کی فرمائش پر کوندا کلب لتا لکھی۔ اس کتاب میں شاہجہاں نے داراشکوہ اور جہاں آرا پر مدحیہ نظمیں لکھی

ہیں ۲۷۔ اس کے علاوہ شوقی (مل رائے) جو گلدستہ سخن کا مصنف ہے شاہجہان کی مدح میں قصیدے کہے ہیں وہ عہد شاہجہانی میں سرکاری ملازمت میں تھا۔

داراشکوہ ہندوؤں کے علم و ادب اور خاص کر سنسکرت زبان سے زیادہ دلچسپی رکھتا تھا۔ عربی اور فارسی زبان پر اسے عبور حاصل تھا۔ ہندوؤں کے مذہب اور تصوف سے زیادہ رغبت رکھتا تھا۔ جس کا اثر یہ ہوا کہ اس کے دربار میں جوگیوں، سنتوں اور برہمنوں کی مجلسیں منعقد رہتی تھیں۔ وہ ہر وقت ان کی صحبت میں رہتا۔ اس نے ہر ملک کے ارباب کمال اور ذی علم شخصیتوں سے فارسی زبان میں ویدوں کا ترجمہ کروایا۔ وہ خود بھی صاحب تصنیف تھا اور بیشتر کتابوں کا فارسی زبان میں ترجمہ کیا تھا۔ اس نے اپنشدوں کا ترجمہ سرالاسرار (یا سر اکبر) کے نام سے کیا۔ وحدۃ الوجود کا قائل تھا۔ اسی وجہ سے اس نے چند نامور اور فاضل پنڈتوں کے ذریعہ اپنشدوں کا ترجمہ کرایا جو ۱۶۵۷ء میں مکمل ہوا۔

چندر بھان برہمن جو شاہجہانی عہد کا مشہور و معروف شاعر تھا اسے داراشکوہ کے عہد حکومت میں شاہانہ سرپرستی حاصل رہی۔ اس کے علاوہ داراشکوہ کے درباری ہندو شعراء میں بیغم بیراگی بھی تھا۔ جس کی مثنوی تصوف میں مشہور ہے۔ اور اس کے بعض اشعار پر مثنوی رومی کا گمان ہوتا ہے۔

اورنگ زیب عالمگیر کے دور حکومت میں علم و ادب کا چرچا رہا۔ اس بادشاہ نے تقریباً پچاس سال تک حکومت کی۔ اس کے دربار میں بھی ہندو علماء، ادباء، مورخین اور شعراء نے فارسی زبان و ادب کی قدر و منزلت کو چار چاند لگایا ہے اور اپنی بے مثال تصانیف یادگار چھوڑی ہیں جو تاریخی اعتبار سے مغلیہ دور کے قیمتی شہ پارے ہیں۔

ہندو اہل قلم نے اورنگ زیب کے عہد حکومت میں مختلف اہم موضوعات پر تاریخی و ادبی کتابیں تصنیف کیں۔ مثلاً فن انشاء، مکاتیب، اخلاقیات اور مختلف زبانوں کی داستانوں کو فارسی میں تراجم کئے۔ اورنگ زیب خود بھی مکتوب نگاری کا اعلیٰ ذوق رکھتا تھا۔ اس کے مکاتیب ہندوستان کے فارسی ادب کا بیش قیمت سرمایہ ہیں۔ مکاتیب و انشاء کو ہندو ادباء نے اکٹھا کیا۔ اور کتاب کی شکل دی۔

کارنامہ اور نگارنامہ جو منشی لعل چند ملتانی نے مرتب کیا۔ اس میں اورنگ زیب کے خطوط، سرکاری دستاویز، فرامین و اسناد شامل ہیں۔ میگھ راج نے مفید الانشاء مرتب کی۔ جو اورنگ زیب کے مکاتیب پر مشتمل ہے۔ خلاصۃ المکاتیب کو سجان رائے بٹالوی نے تالیف کی۔ کارنامہ واقعہ کے مصنف چھچل منشی ہیں۔ گلدستہ سخن کومل رائے شوق نے مرتب کیا۔ ان کے علاوہ دیگر زبانوں کی داستانیں مثلاً سنگھاسن بتیسی کو ابن ہرکرن نے فارسی میں تصنیف کی۔ اور اسی عہد میں شاہنامہ کے عنوان سے چتر بھج بن مہر چند کایستھ نے یہ داستان فارسی میں لکھی۔ قصہ میکا و منوہر کو مادھوداس گجراتی نے تصنیف کی۔ حکایت ناسکیت کے مصنف روپ نرائن کھتری بن ہری رام سیالکوٹی ہیں جنہوں نے اس کا سنسکرت سے فارسی میں ترجمہ کیا۔ اور اس کا نام حکایت ناسکیت رکھا ان کے علاوہ رامائن کو چندرمن بیدل نے منظوم و منثور شکل میں لکھا۔

تاریخی کتابوں میں لب التواریخ کو رائے بندرا ابن اور رائے بھاڑامل نے جو شاہجہان کے دور حکومت میں دیوانی کے عہدے پر فائز تھے (۱۱۰۶ھ / ۹۵-۱۶۹۴ء) میں تکمیل کی۔ یہ کتاب ہندوستان کے تاریخی حالات پر مشتمل ہے۔ بعد کے مورخین کے لیے یہ کتاب تاریخی اعتبار سے مستند ماخذ ہے۔ اس کے علاوہ منتخب التواریخ (تلخیص) کے مصنف جگجیون داس بن منوہر داس ہیں۔ خلاصۃ التواریخ، سجان رائے بٹالوی نے لکھی۔ تحفۃ الہند، مولفہ لعل رام بن رائے دولہ رام کی تالیف ہے، فتوحات عالمگیری کے مولف ایسر داس ناگر ہیں اور تاریخ دلکشا بھیم سین کایستھ نے تالیف کی۔

اورنگ زیب کے دور حکومت تک ہندو سرکاری کام میں بہت زیادہ دخیل ہو گئے تھے۔ اس وجہ سے اس کے دور حکومت میں جتنی بھی تاریخ، مکاتیب اور انشاء کے موضوع پر کتابیں لکھی گئیں وہ بہت اہم اور مستند مانی جاتی ہیں۔

اورنگ زیب عالمگیر نے اپنے دربار کے ہندو شاعروں کو بلاتفریق مذہب و ملت اپنی فیاضیوں سے خوب نوازا۔ حالانکہ وہ قصیدہ گوئی کا مخالف تھا اور اپنے دربار سے اس نے ملک الشعراء کا عہدہ ختم کر دیا تھا، اس کے باوجود مسلم و ہندو شعراء دربار سے وابستہ رہے اور

سر پرستی عالمگیری سے محروم نہیں رہے۔ ہندی زبان کا مشہور شاعر چنتا منی کوی اور بیر داس جو رزمیہ شاعر تھا اورنگ زیب عالمگیر کے سایہ عاطفت میں پروان چڑھا۔

فارسی شاعروں میں لالہ شیو رام داس حیا، بیغم بیراگی، سالم کشمیری، لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی، چندر من بیدل، اخلاص، کشن چند، وامق کھتری، منشی مادھو رام خوشگو، گلاب رای مخلص، سدانند بے تکلف، سبقت، وغیرہ قابل ذکر اور نامور شعراء دربار سے وابستہ رہے۔ جو نہ صرف دربار اورنگ زیب عالمگیری سے فیضیاب ہوئے بلکہ زیادہ تر شعراء نے فارسی زبان و ادب کی خدمت کی۔ اور دیوان یادگار چھوڑے ہیں جو فارسی علم و ادب کے قیمتی سرمایہ ہیں۔

ہندوستان میں مغل معاشرہ اور اس کی ثقافت کو دربار کی شان و شوکت، مغل حکمرانوں کے جاہ و جلال اور امراء کی خوش حالی سے جانچا اور پرکھا گیا ہے۔ اسی وجہ سے مغل دور حکومت کو ہندوستان کی تاریخ کا سنہرہ دور کہا جاتا ہے۔ اس سنہرہ دور کی نشانیاں آج تک محلات، باغات، قلعے، دروازے اور بارہ دریوں کی شکل میں موجود ہیں۔ جو عظمت رفتہ اور قصہ پارینہ کی یاد دلاتی ہیں اور جب ہم تاریخوں میں مغل دربار کی رسومات، تفریحات، تہوار، جشنوں اور جلوسوں کی شان و شوکت کے بارے میں تفصیل سے پڑھتے ہیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ ہندوستان کو مغلوں نے عظمت کی بلندیوں تک پہنچا دیا تھا۔ مغل دربار کی مصوری، موسیقی، علم و ادب، شعرو شاعری، فن تعمیر اور انتظام سلطنت نے ان کی حکومت کو دنیا کی دوسری عظیم سلطنتوں سے ممتاز کر دیا۔ مغل حکمرانوں کی انسان دوستی اور انصاف پسندی کے واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے دور حکومت میں رعیت خوش حالی اور امن و امان و چین کی زندگی گزار رہی تھی۔

مغلوں سے پہلے کے حکمران، سلاطین کے نام سے مشہور ہوئے۔ لیکن بابر نے بادشاہ کا لقب اختیار کیا۔ بابر غیر معمولی لیاقت و استعداد کا مالک تھا۔ اس میں وسعت قلبی، فیاضی، انسانی ہمدردی، رحم دلی، سادگی جیسی خوبیاں موجود تھیں وہ ہر محفل میں شمع محفل کی حیثیت رکھتا تھا۔ حالانکہ بابر اپنے مذہب، مسلم علماء، شیوخ اور فقہا کا بڑا احترام کرتا تھا۔

لیکن اس نے اپنی سیاسی سوجھ بوجھ کو کبھی ان لوگوں کے محدود و متعصبانہ مذہبی مشوروں سے متاثر ہونے نہیں دیا۔ اس کے دربار میں مذہبی یا فرقہ وارانہ اختلاف و کش مکش بہت کم دیکھنے میں آئی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس نے ہندوؤں کو کافر اور افغانوں کو نا قابل اعتماد بیان کیا ہے، اس کے باوجود اس کا رویہ ان کے ساتھ دوستانہ اور مہذبانہ تھا۔ میدان جنگ میں بھی اس کا رویہ اصول و قوانین کے مطابق ہوتا تھا۔ اس نے ہندوؤں کے مذہب اور ان کے معاشرتی اور سماجی رسومات پر کوئی پابندی نہیں لگائی۔ بہت سی رسومات جو ہندوؤں کے شادی بیاہ میں رائج رہیں انہیں شاہی خاندان والوں کے ساتھ عام مسلمانوں نے بھی قبول کیا۔ مغل بادشاہوں نے اپنے دور حکومت میں مساوات کو قائم کیا۔

مغل سلطنت کا وقار نہ صرف فوجی طاقت پر منحصر تھا بلکہ غیر مسلم رعایا اور خاص طور پر راجپوتوں کے ساتھ مذہبی رواداری کو بھی بڑا دخل تھا۔ بابر نے ایک جدید سلطنت کا تصور قائم کیا۔ جس کی بنیاد مذہبی یا طبقاتی تفریق کے بجائے سیاسی نظریات پر تھی۔ اس نے سلطنت میں بادشاہ کا مقام تعین کیا۔ راجپوتوں کے مسئلے کو اتحاد اور ازدواجی تعلقات کے ذریعہ حل کیا۔ اور دربار کو تمدنی و ثقافتی خصوصیات کا حامل بنایا۔ اس طرح بابر نے نہ صرف ایک نئی سلطنت کی بنیاد ڈالی بلکہ اس نے سلطنت کی خصوصیات اور اس کی رہنمائی کے اصولوں کو بھی واضح کردیا۔ اس نے ہندوستان میں ایک نئے خاندان اور نئی روایات کی بنیاد ڈالی۔ جس کی مثال کسی اور ملک کی تاریخ میں مشکل سے ملے گی۔

ہمایوں عربی، ترکی اور فارسی زبانوں کا ماہر تھا۔ وہ مہذب ہوشیار، سنجیدہ اور فیاض شخص تھا۔ وہ امن کو جنگ کے مقابلے میں زیادہ پسند کرتا تھا۔ اس کا مزاج صوفیانہ تھا۔

اکبر کا راجپوتوں کے ساتھ جو رویہ اور برتاؤ تھا اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ ان کے سماجی یا مذہبی امور میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کرنا چاہتا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ راجپوت حکمران سلطنت کے وفادار ہیں لہٰذا اس نے اعلیٰ عہدوں پر انہیں فائز کیا۔ وہ اپنے ہم مرتبہ اور ہم عہدہ افسروں کے ساتھ بلا تفریق مذہب و ملت برابری کا حق رکھتا تھا۔ مغل حکمرانوں کی طرح اکبر نے بھی ۱۵۶۲ء میں راجپوتوں کے ساتھ ازدواجی تعلقات قائم کرنے شروع

کئے صباح الدین عبدالرحمٰن لکھتے ہیں کہ:

''اکبر کے حرم میں کچھواہیہ خاندان کے راجہ بہاری مل کی لڑکی اور راجہ بھگوان داس کی بہن داخل ہوئی۔ اور محل میں آنے کے بعد اس کا لقب مریم زمانی ہوا۔ فتح پور سیکری میں جب اس کے لیے محل بنایا گیا تو اسی کے لقب کی نسبت سے اس کا محل مریم کا محل اور چمن مریم کا چمن کہلایا۔ یہ لقب بتاتا ہے کہ وہ محل میں آنے کے بعد وہ مسلمان ہوگئی۔ مرنے کے بعد مسلمانوں کی طرح دفن کی گئی۔ محل میں اس لیے نمایاں اور محبوب ہوگئی کہ اس کے بطن سے اکبر کا ولی عہد شہزادہ سلیم پیدا ہوا۔'' ۲۸

راجپوت راجاؤں نے بھی ایمانداری اور پورے اعتقاد کے ساتھ مغلوں کی سرپرستی میں حکومت کے کام انجام دیئے۔ راجپوتوں سے نزدیکی تعلقات قائم کرنے کے بعد اس نے ہندوؤں پر سے جزیہ بھی ختم کر دیا۔ اکبر نے اپنے دور حکومت کے اوائل سے ہی رواداری اور مذہبی ہمدردی کی راہ اختیار کی۔ اس نے ہر مذہب مثلاً ہندوؤں، عیسائیوں، زرتشت اور دیگر مذاہب کے علماء سے تعلق قائم کئے۔ وہ ان کے مذہب کے بارے میں بحث ومباحثہ کرتا۔ اس نے ہندوؤں کے مذہب کا گہرا مطالعہ کیا۔ اکبر کی رگوں میں ہمایوں کی صوفیانہ آزاد خیالی، حسن اخلاق اور سخاوت موجود تھی۔ وہ اتالیقی کے دوران ہی سے صوفیوں، درویشوں اور مشائخ کرام سے عقیدت واحترام کے جذبہ کے ساتھ ملتا تھا۔ اکثر بھیس بدل کر فقیروں، یوگیوں اور سادھوؤں سے ملتا۔ ہندو بیگمات کے مذہبی جوش اور سادگی نے بھی اکبر کے دماغ پر غیر ارادی طور پر اثر کیا۔ اور اپنی تعلیم وتربیت اور مزاج کی بنا پر اپنی غیر مسلم رعایا کے مذاہب، عقائد اور مکاتب فکر کا خیال رکھا۔

اکبر نے اپنے دور حکومت میں جہاں اور تبدیلیاں اور اصلاحیں کیں وہاں اس نے رسومات وتقریبات اور تہواروں میں بھی اضافے کئے۔ خاص طور سے ایرانی اور ہندوستانی تہواروں کو اس نے دربار کی تقریبات میں شامل کیا۔ ایرانیوں کا مشہور تہوار نوروز جیسے ہندوستان کے مسلم سلاطین نے بھی بڑی دھوم دھام کے ساتھ منایا، اکبر کے دور حکومت میں

جشن نوروز کی ابتداء ۱۵۸۲ء میں ہوئی۔ حالانکہ نوروز کا تہوار مسلمان علماء میں باعث اختلاف رہا لیکن ان اختلاف کے باوجود یہ تہوار اہتمام کے ساتھ منایا جاتا تھا۔ رقص و سرور کی محفلیں سجائی جاتی تھیں۔ اکبر کے دربار کو سلطنت مغلیہ کے رعب و دبدبہ اور وقار کو مدنظر رکھ کر سجایا جاتا تھا۔ دربار لگتا اور ان درباروں میں امراء اپنے بہترین لباس پہن کر صف بستہ کھڑے ہوتے۔ ہندوستان اور ایران کے شعراء اپنا کلام سناتے۔ بادشاہ درباریوں اور امراء کو قیمتی تحفے دیتا۔ خطابات عنایت کرتا۔ جاگیریں اور اعلیٰ منصب پر ترقی دیتا۔ یہ تہوار محل میں خوشگوار تبدیلی لاتے تھے۔ ان تقریبات کی اہمیت صرف ثقافتی اور سماجی نہیں ہوتی تھی بلکہ ان میں سیاسی مقاصد بھی پورے ہوتے تھے۔

اکبر سے لے کر شاہجہاں کے زمانے تک نوروز کا تہوار بڑے شان و شوکت کے ساتھ منایا جاتا رہا۔ اورنگ زیب نے یہ جشن نہیں منایا۔ اس نے اس کو اسراف سمجھ کر روک دیا۔ لیکن بہادر شاہ ظفر کے وقت تک یہ جشن اہتمام کے ساتھ منایا گیا۔ نوروز کے علاوہ عید گلابی یا آب پاشان کی تقریب بھی مغل بادشاہ مناتے رہے یہ ایرانی تقریب تھی۔ ان جشنوں سے ایک شاندار تہذیب و تمدن کا اندازہ ہوتا ہے۔

مغل بادشاہوں کے درباروں میں مسلمانوں کے مذہبی تہوار جیسے شب بارات، عیدالفطر، عیدالضحیٰ، عید میلادالنبی اور شب معراج وغیرہ بڑی شان و شوکت کے ساتھ منائے جاتے تھے۔ دعوتوں، ضیافتوں، تحفے، تحائف اور محفل عیش و عشرت پر روپیہ پانی کی طرح بہایا جاتا تھا۔ دربار کی آرائش ان موقعوں پر ان کے تمدن کے ساتھ ساتھ بڑھتی رہی۔ بادشاہ پورے جاہ و جلال کے ساتھ دربار میں جلوہ افروز ہوتے اور سب چھوٹے بڑے ہر مذہب و ملت کے لوگ ان کے حضور میں سجدہ بجالاتے۔ ان تہواروں پر بادشاہ، امراء اور دیگر اہل فن حضرات کو خلعت سے نوازتا تھا۔ ''اٹھارویں سال جلوس میں جشن عید میں عالمگیر نے رانا راج سنگھ مرزبان کو خلعت کے ساتھ جمدھر مرصع عطا کیا۔ اور مہاراجہ جسونت سنگھ کے لیے خلعت بھجوایا۔'' ۲۹

عید اور عیدالضحیٰ کی طرح شب بارات بھی عہد مغلیہ میں پرجوش طریقے سے منائی

جاتی تھی۔ شاہی محل اور دوسری عمارتوں کو چراغاں کیا جاتا تھا اور آتش بازی کے تماشے دکھائے جاتے تھے۔ بادشاہ محتاجوں میں روپیہ تقسیم کرتے تھے اور علماء کو انعام واکرام سے نوازتے تھے۔

مغل بادشاہوں نے نہ صرف مسلم تہواروں کو شایان شان طریقے سے منایا۔ بلکہ وہ ہندوؤں کے مشہور تہواروں رکشا بندھن، دیوالی، ہولی، دسہرہ اور شیوراتری وغیرہ کو بڑی دلچسپی کے ساتھ مناتے تھے۔ حکمران کی حیثیت مذہبی سے زیادہ ثقافتی ہوتی تھی۔

اکبر کے دربار میں رکشا بندھن کا تہوار بڑے پرجوش طریقے سے منایا جاتا تھا۔ اور امراء اور منصب دار لوگ اس کے ہاتھ پر جواہرات کی ڈوری باندھا کرتے۔ جہانگیر نے بھی اس رسم کو اپنے دربار میں قائم رکھا۔ دسہرہ کے دن یعنی رام کی راکشسوں پر فتح کی سالگرہ پر شاہی گھوڑے اور ہاتھی مرصع ساز وسامان کے ساتھ قطار در قطار بادشاہ کے سامنے پیش ہوتے تھے۔ دیوالی کے تہوار پر شاہی محل، عمارات اور ہر جگہ کثرت سے چراغ جلائے جاتے۔ اکبر اور جہانگیر کے عہد میں دیوالی کا تہوار بڑے شان وشوکت کے ساتھ منایا جاتا رہا۔ ہولی کے تہوار پر راجپوت شہزادیاں اپنی کنیزوں کے ساتھ شاہی محل میں ہولی کھیلتی تھیں۔ ان کے ساتھ اکبر اور جہانگیر بھی ہولی کھیلتے تھے۔ شیوراتری کے موقع پر تمام رات پوجا ہوتی۔ اکبر بھی یہ رات، جوگیوں اور سادھوؤں کے ساتھ گذارتا تھا۔ وہ اس کی درازئ عمر کی دعا کرتے۔

عالمگیر کے عہد میں بھی مذہبی رواداری کا پورا خیال رکھا گیا۔ ہندو اپنے مذہب کی رسومات اور تقریبات وتہوارات کو اسی طرح مناتے تھے۔ اس کے علاوہ بہت سی مذہبی رسومات جو ہندوؤں کی شادی بیاہ میں رائج رہیں انہیں شاہی خاندان والوں کے ساتھ ساتھ عام مسلمانوں نے بھی قبول کیا۔ مغل بادشاہ کے حرم میں جب راجپوت شہزادیاں داخل ہوئیں تو شادی بیاہ کی رسومات میں اضافہ ہوتا گیا۔ شاہی محل میں نور جہاں اور اس کے خاندان کے اثرات بڑھے تو ان رسموں میں ایرانی لطافت اور نفاست سے ایک خاص رنگ پیدا ہوتا گیا۔

اکبر نہ صرف ان درباروں اور جشن کے مواقع پر ہی عوام کے سامنے آتا تھا۔ بلکہ وہ ہر روز صبح اپنے محل کے جھروکے سے درشن دیا کرتا تھا۔ لوگ بادشاہ کے دیدار کے لیے یا بادشاہ تک اپنی شکایت پہنچانے کے لیے بڑی تعداد میں جھروکے کے نیچے جمع ہوجاتے۔ اس طریقے کو ہندو خاص طور پر سراہتے تھے۔ اس بارے میں صباح الدین عبدالرحمٰن لکھتے ہیں کہ:

''اکبر کے دربار میں دربار داری کے بہت سے مراسم تھے۔ ہندو عوام کو اکبر پر ایسا اعتبار ہوگیا تھا کہ روزانہ صبح کو آفتاب پرستی کے وقت جھروکے کے نیچے جمع ہو جاتے اور جب تک اکبر کا درشن نہیں کرلیتے تھے مسواک نہ کرتے۔''[۳۰]

درشن کا رواج اکبر کے بعد شاہجہاں کے دور حکومت تک قائم رہا۔ عالمگیر نے اس رسم کو ختم کردیا۔

مغل بادشاہوں کی جانب سے امراء کو خطابات سے نوازا جاتا تھا۔ ان خطابات سے امراء کی بادشاہ اور حکومت سے وفاداری، محبت اور تعلق ظاہر ہوتا تھا۔ اکبر نے مسلمان امراء کو ملک یا دولہ پر ختم ہونے والے خطاب دیئے ملک پر ختم ہونے والے خطابات وزیروں کو دیئے جاتے تھے۔ یا اعلیٰ منصبداروں کو دیتے تھے۔ ہندو امراء کو مسلمان امراء سے مختلف خطابات دیئے جاتے تھے۔ یہ خطاب راجہ، مہاراجہ، رائے رایان، راؤ، رانا، رائے رایان کا خطاب امیر الامراء اور خان خانان کے برابر ہوتا تھا۔

اکبر اور دیگر مغل بادشاہوں نے ہندوستانی تہواروں اور رسومات کو دربار کی تقریبات میں شامل کر کے اپنی صلح کل کی پالیسی اور متحدہ قومیت کے نظریے کو پھیلایا۔ کیونکہ ان متحدہ رسومات کی وجہ سے مسلمان اور ہندو امراء میں یگانگت اور دوستی بڑھی۔ اور اس کا اثر عوام پر بھی ہوا۔ جنھوں نے مغل بادشاہوں کو غیر ملکی کے بجائے ہندوستانی سمجھنا شروع کردیا۔

مغل بادشاہ فنون لطیفہ کا بھی اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ فن موسیقی، فن مصوری، فن

معماری اور فن خطاطی وغیرہ میں انہوں نے نہ صرف مسلم اہل فن کو سراہا اور ان کی قدر دانی کی، بلکہ ان کے دربار میں ہندو ماہرین فن بھی عزت و مرتبہ رکھتے تھے۔

فن موسیقی:

فن موسیقی کو مغل عہد میں بہت فروغ حاصل ہوا۔ حالانکہ بابر کی زندگی کا بیشتر حصہ قسمت کے نشیب و فراز میں گذرا۔ پھر بھی وہ علم و ادب سے دلچسپی کے ساتھ ساتھ موسیقی کا اعلیٰ ذوق رکھتا تھا۔ ہمایوں بھی موسیقی کو پسند کرتا تھا۔ اس کے دربار میں شاعر اور موسیقار بھی شامل تھے۔ وہ انہیں عہدے اور منصب عطا کرتا تھا۔

اکبر کا دور حکومت فنون لطیفہ کی وجہ سے ایک زرین عہد تصور کیا جاتا ہے۔ اسے فن موسیقی سے بے حد لگاؤ تھا۔ اس کے دربار میں بڑے بڑے موسیقار جمع تھے۔ اس کے دربار کے موسیقار اور گانے والے زیادہ تر گوالیار کے رہنے والے تھے۔ راجہ مان سنگھ گوالیاری کی وجہ سے موسیقی کا بڑا مرکز تھا۔ اس کے عہد میں باز بہادر حاکم مالدہ موسیقی کا عاشق اور باز خانی اسلوب سرود کا موجد تھا۔ اودے پور کی رانی میران بائی مشہور شاعرہ اور مغنیہ تھی۔ ''مہار'' راگ کی ایک قسم ہے۔ جیسے میران بائی ملہار کہتے ہیں۔ اسی رانی کی اختراع ہے۔'' [۳۱] اکبر کے دربار میں ہندو، مسلمان، ایرانی، تورانی اور کشمیری گویے اور موسیقار موجود تھے۔ تان سین گوالیاری اکبر کے دربار کا مشہور و معروف گویا تھا۔ رام داس بھی اکبر کے دربار کا ماہر اہل فن تھا اور تان سین کا ثانی کہلاتا تھا۔

ان کے علاوہ اکبر کے دربار میں ہندو ماہرین فن موسیقی موجود تھے۔ سور داس گوالیاری اور میاں چند گوالیاری وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ اکبر خود بھی موسیقی کا ماہر تھا۔ وہ تان سین کی بڑی قدر کرتا تھا۔ وہ تان سین کے ساتھ اس کے استاد ہری داس کے پاس جاتا جو اپنے عہد کے سب سے بڑے استاد اور بھگت سمجھے جاتے۔ تان سین جب کوئی چیز ہری داس کے سامنے گاتا تو اکبر اس کو غلط طریقے پر گانے کے لیے اشارہ کرتا تو اس وقت تان سین کو ہری داس ٹوکتے اور خود گا کر بتاتے۔ جس کو سن کر اکبر بہت محظوظ ہوتا۔'' تان

سین نے دھرپد کے مشکل راگ کو آسان بنا کر سوبہار ایجاد کیا۔ میاں کی سارنگ، میاں کی ٹوڑی اس کی طرف منسوب ہے۔ اس کی وجہ سے ہندوستان میں موسیقی کو عروج حاصل ہوا۔ وہ ہندوستان کی تاریخ میں ایک نیا باب ہے۔'' ۳۲

اپنے باپ کی طرح جہانگیر نے بھی فن موسیقی کی دل کھول کر سرپرستی کی۔ ہندوستان میں موسیقی کی اہمیت اس حد تک بڑھ گئی تھی کہ مغل بادشاہ اور دربار کے دیگر امراء کے لیے مجلس موسیقی دربار کا اہم جز بن گئی تھی۔ جہانگیر نے اس کی جو فیاضانہ سرپرستی کی، وہ ایک روایت بن گئی۔ اس کے دربار میں مسلم فن موسیقی کے ساتھ ہندو اہل فن بھی موجود تھے۔

شاہجہاں کے دور حکومت میں جگناتھ کو مہا کوی کا خطاب دیا گیا۔ وہ فن موسیقی میں اعلیٰ مہارت رکھتا تھا۔ خود شاہجہاں بھی فن موسیقی سے شغف رکھتا تھا۔ موسیقی کا قدردان تھا۔ اس لیے اس نے جگناتھ جیسے مشہور ماہر فن موسیقار کو چاندی میں تولوا کر وہ چاندی اسے عطا کر دی تھی۔ تان سین کے بعد فن موسیقی میں اسی کا درجہ ہے۔

اورنگ زیب موسیقی کو شرعاً غلط اور ناجائز سمجھتا تھا۔ اس کے دربار میں موسیقی کی سرپرستی نہیں ہوسکی۔ لیکن شاہی تقریبات میں ان پر پابندی عائد نہیں کی جاتی تھی۔

مغل بادشاہوں کے علاوہ دربار کے امراء موسیقی کی قدردانی میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتے تھے۔ اکبر کے دربار کا مشہور ومعروف درباری بیربل فن موسیقی میں مہارت رکھتا تھا۔ ہندی راگوں سے دلچسپی رکھتا تھا اور ساز بھی اچھی بجا سکتا تھا۔

محمد شاہ کے زمانے مین بھی فن موسیقی کو مقبولیت حاصل ہوئی۔ اس کی قدردانی روایت کے مطابق انتہائی کمال کو پہنچ گئی تھی۔ بہادر شاہ کے دربار میں بھی موسیقی کا کافی چرچا رہا۔ موسیقی کا فن مغلیہ دربار کے آخری وقت تک قائم رہا۔ ان بادشاہوں نے اس فن کی دل کھول کر سرپرستی کی۔

فن مصوری:

ہندوستان مین مسلمانوں کی آمد سے قبل ہی فن مصوری نے عروج حاصل کرلیا تھا۔ ہندوؤں کے مندروں اور راج محلوں کی دیواروں پر بڑے بڑے باکمال مصور تصویر کھینچتے تھے۔ مسلمان سلاطین و امراء نے زیادہ تر ہندوستانی انداز کو اپنایا اور دیواری تصاویر کی حوصلہ افزائی کی۔ مسلمانوں نے ہندوستانی مصوری کو ''کتابی تصویر'' کا لازوال تحفہ عطا کیا۔ مسلمان یہ فن ایران سے لائے تھے۔

بابر کو جنگ و جدال اور استحکام مملکت سے فرصت نہیں تھی جس کی وجہ سے فن مصوری کی قدردانی پوری طرح نہیں کر سکا۔ لیکن وہ مصوری کا اعلیٰ ذوق رکھتا تھا۔ توزک بابری مین اس کا قلم مصوری کے پھول بکھیرتا ہے۔ ہمایوں کو بھی فنون لطیفہ سے بے حد دلچسپی تھی۔ اکبر نے بھی مصوری کا فن اپنے باپ دادا سے ورثہ میں پایا تھا۔ اس کے دور حکومت میں مغل دبستان وجود میں آیا۔ اس نے اس فن اور ہندوستانی فنکاروں کی حوصلہ افزائی کی۔ اس کے دربار میں ہندو مصورین میں دسونت، گیسو، لال، ساون، مکند، مادھو، جگن مہیش، کھیم کرن، تارا، سانولہ رام وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ داستان امیر حمزہ کو مصور کرنے کا کام جو ہمایوں کے عہد میں مکمل نہیں ہوا تھا۔ اکبر نے میر سید علی تبریزی کے ذریعہ تکمیل کو پہنچایا۔ ان کے علاوہ بابر نامہ اور مہابھارت وغیرہ کے مصور نسخوں میں کئی ہندو مصورین کے نام قابل ذکر ہیں۔

جہانگیر کے دربار مین قابل قدر ہندو مصورین میں بشن داس اور منوہر باکمال مصور تھے۔ بشن داس شبیہ سازی میں بہت مشہور تھے۔ بساون کے بڑے بھائی منوہر بھی جہانگیر کے لیے بہت سی تصویر تیار کیں۔ جہانگیر قدیم تصاویر کا بھی بہت قدردان تھا۔ وہ مصوری اور فن مصوری پر نقد و نظر میں بڑا کمال رکھتا تھا۔ جہانگیر کا دور شبیہ سازی اور رنگ آمیزی کی ترقی کی وجہ سے مغل مصورین کا زرین دور کہلایا۔

شاہجہان نے فن معماری پر زیادہ توجہ کی تھی۔ فن مصوری سے بھی اسے لگاؤ تھا۔

درباری روایات کے مطابق اس نے مصوروں کی سرپرستی دل کھول کر کی۔اس کے دربار میں مسلم مصوروں کے علاوہ ہندو مصورین میں منوہر بچتر انوپ چند، چترمن امتیازی اہمیت رکھتے تھے۔شبیہ سازی اور روزمرہ کی مصوری میں بچتر بڑی مہارت رکھتا تھا۔اورنگ زیب شریعت کا پابند تھا۔اس کے باوجود اس فن کو سرپرستی حاصل رہی۔ یہ فن برابر ترقی کرتا رہا۔ کیونکہ امراء بھی مصوری کی قدردانی اور سرپرستی کرتے تھے۔

اٹھارویں صدی ہجری میں جہاندار شاہ (۱۷۱۲ء-۱۷۱۳ء) محمد شاہ (۱۷۱۹ء-۱۷۱۸ء) اور احمد شاہ کے دور حکومت میں بڑی سرمستی رہی۔اس لیے ان کے دور حکومت میں مصوروں کی تصویروں میں عاشقانہ رنگ نظر آتا ہے۔حکومت کے زوال کے آثار ان تصویروں میں نظر آتے ہیں۔

فن خطاطی:

فن خطاطی نے بھی مغل دور حکومت میں ترقی اور عروج حاصل کیا۔مسلمانوں کے ساتھ ہندو ماہرین خطاط دربار میں موجود رہتے تھے۔اکبر کے دربار کے ماہر ہندو خطاطوں میں پنڈت جگن ناتھ، رائے منوہر لال اور راجا ٹوڈرمل ممتاز تھے۔اورنگ زیب بھی خط نسخ اور نستعلیق دونوں پر دستگاہ رکھتا تھا۔اس کے عہد میں پنڈت لکشمی رام لالہ سکھ رام، منشی محبوب رائے، اور منشی کسن رائے مشہور ہندو خطاط اور خوش نویس گذرے ہیں۔

فن معماری:

ہندوستان میں فن معماری مغلوں کے عہد میں کمال کو پہنچا۔مغلوں کے زیر اثر ہندوؤں نے بھی اپنی عمارتوں کی تعمیر میں مغلوں کی پیروی کی۔انہوں نے نہ صرف مغلیہ طرز کی عمارتیں بنوائیں بلکہ ان پر کتبے بھی فارسی زبان میں لکھ کر نسب کئے۔جس سے ان کا فارسی زبان سے دلچسپی و شغف کا اندازہ ہوتا ہے۔

نقش پارسی بر احجار ہند میں مرقوم ہے:

"بعضی ازین کتیبه های مذهبی که خیلی نادرولی

جالب توجه است عبارتست از بعض کتیبه های ابنیه
مذهبی هندو که مربوط بمعابد هندو است ولی بخط و زبان
فارسی نوشته شده مانند کتبه شاه عالم دوم
(۱۱۷۸هجری) راجع به "دورگا" و مانند معبدشیوا درمترا
(Muthra) که درسال ۱۲۲۲هجری ساخته شده و
هردودارای کتیبهٔ فارسی میباشند."۳۳

ہندوستان میں فنون لطیفہ اورفن تعمیرات کی ترقی فارسی نفوذ پر دلالت کرتی ہے۔
ہندوستانی فن تعمیر ایرانی اثرات سے بھرپور ہے۔ ہندو راجاؤں کے محل اور مذہبی عمارتیں
خصوصاً مندروں کی تعمیر میں اسلامی وایرانی اثرات کی زبردست آمیزش ہے۔

باب دوم

مغل عہد کے معروف فارسی شعراء

مرزا منوہر توسنی

منوہر نام توسنی تخلص سانبر کے راجہ لون کرن کے بیٹے تھے۔ اکبر کے دربار کے معزز امراء میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ ان کی پیدائش کا حال معلوم نہیں لیکن وفات ۹۹۱ ہجری میں ہوئی۔ طبقات اکبری میں ثبت ہے:

"راجه لون کرن از امرای دو هزاری بود و در سنه نهصد و نودویك در گذشت۔" [۳۴]

منوہر توسنی کے بچپن کے حالات اور تعلیم و تربیت کے بارے مین تفصیلی معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ طبقات اکبری کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے بچپن کا زمانہ اکبر کی سرپرستی مین گذرا اور وہیں ان کی تعلیم و تربیت ہوئی۔ ان کی پرورش چونکہ محل میں ہوئی تھی۔ اور زیادہ تر وقت شہزادہ سلیم کی صحبت میں گذرا تھا اس لئے انہوں نے شاہی آداب و رسوم سیکھنے کے ساتھ ساتھ علم و ادب پر بھی دسترس حاصل کرلی۔

"رائے منوهر بن لون کرن از صغرمن در حجره شفقت الٰهی نشو و نما یافته در خدمت شاهزاده کامگار سلطان سلیم بزرگ شده۔" [۳۵]

میرزا منوہر توسنی کو تعلیم و تربیت کے لیے سازگار ماحول ملا اور وہ اکبر کے دربار کی علمی و ادبی محفلوں میں بھی برابر شریک رہے۔ شہزادہ سلیم کی صحبتوں نے ان کو اور جلا بخشی جس کے نتیجہ میں منوہر کو بھی نہ صرف شعر و شاعری سے دلچسپی پیدا ہوئی بلکہ وہ بھی شعر کہنے لگے۔ ان کا ابتدائی تخلص "کوسنی" تھا جس کی تائید طبقات اکبری کی اس عبارت سے ہوتی ہے:

"خط سواد پیدا کرده، شعربهم رسانیده میگوید "کوسنی" تخلص دارد۔" [۳۶]

اکبر خود شعر شناس تھا۔ اور شعراء کی قدردانی اور سرپرستی کرتا تھا۔ شعراء کی ایک

بڑی تعداد اس کے دربار سے وابستہ تھی۔ جنہیں وہ انعام و اکرام سے نوازتا تھا۔ توسنی بھی اپنے کلام کی بدولت بادشاہ کے دربار کے پرگو فارسی شعراء خاص میں شمار ہونے لگے۔ اپنی قادرالکلامی کی وجہ سے انہیں اکبر نے مرزا منوہر کا خطاب دیا۔ مذہب اسلام سے انہیں خاص لگاؤ تھا۔ اس بات کی تردید ان کے کلام سے ہوتی ہے کہ وہ خود بھی محمد منوہر کہلوانا پسند کرتے تھے۔ ان کے والد باوجود مسلم نہ ہونے کے انہیں محمد منوہر کے نام سے پکارتے تھے۔
منتخب التواریخ میں بدایونی لکھتے ہیں:

"اول او را محمد منوهر می خواند ند بعد ازین مرزا منوهر خطاب یافت. وپدرش باوجود کفر بشرف و افتخار و مباهات همین محمد منوهر می گفت. هرچند مرضی طبع بادشاهی نبود." ۳۷

مولف ہمیشہ بہار منوہر کے خطاب کے بارے میں رقم طراز ہیں:

"رائ منوهر نام خلف لون کرن راجه نمکساز مشهور سانبهرا ست بود. اکبر بادشاه نظر به صفای ذهنش نمود بخطاب میرزای سربلند ساختند." ۳۸

تذکرہ گل رعنا میں شفیق لکھتے ہیں:

"توسنیؔ تخلص رای منوهر و لدلون کرن راجه سانبهر است.د ر رایان صاحب رایت عهد اکبر معزز و مکرم می زیست." ۳۹

مخزن الغرائب کے مولف کا بیان ہے:

"از قوم راجپوت است. وی پسر لون کرن راجه سانبهراست که به نمکزار مشهوراست. پدرش باوجود کفر بشرف افتخار ومباهات محمد منوهر میگفت درزمان اکبر بادشاه با میرزای رسید." ۴۰

شمع انجمن کے مولف لکھتے ہیں:

"توسنی تخلص رای منوهر ولد مونکرن راجه
سانبهراست همیشه باشعرای اسلام مختلط بود۔"[۴۱]

بزم تیموریہ کے مصنف کا کہنا ہے:

"نام منوھر تھا۔ سانبر کے راجہ لون کرن کا لڑکا تھا۔
اکبر نے اس کو مرزا منوھر کا خطاب دیا تھا مگر اپنے آپ
کو منوھر لکھتا تھا۔"[۴۲]

اکبر نے جب توسنی کو نیا خطاب مرزا عطا کیا تو توسنی نے خوش ہو کر چند بیت بادشاہ کی تعریف وتوصیف میں بطور شکریہ کے پیش کئے:

"شربت آشا مادر بزم مادروی کشان
کز جگر در کف کباب درخون دل د رساغر است
پیك مردانست حرف از جان و دل گفتن بعشق
دل چون خون سخت بسته جان چون باد صر صراست
توسنی سوده سمند شوق در میدان عشق
می رسی ایمن بمقصد رهبرت چون اکبر است"[۴۳]

ایک اور موقع پر میرزا منوہر توسنی بادشاہ کے جاہ وجلال، اس کی سخاوت اور عدل و انصاف کی تعریف بیان کرتے ہیں کہ رعایا اس کے لطف وکرم سے خوش ہے:

"غرض زخلقت سایه همین بود که کسی
نبود حضرت خورشید پای خودننهد
خدابمسند فرمان دهیش جاندهد
که آشنا بود و داد آشنا ندهد"[۴۴]

میرزا منوہر توسنی اکبر کے دربار کے وہ پہلے ہندوفارسی زبان کے شاعر تھے جن کے کلام کی شہرت ایران تک پہنچی۔ اور میرزا صائب تبریزی جیسے بلند پایہ شاعر نے ان کے

اس شعر کو اپنی بیاض میں شامل کیا۔

زاهدا کعبه پرستی تو و ما دوست پرست
توبه این عقل مسلمانی و مابر همنیم[۴۵]

میرزا منوہر توسنؔ کا مندرجہ بالا شعر جو میرزا صائب تبریزی نے اپنے دیوان میں شامل کرلیا تھا۔ شاید اسی مناسبت سے تذکرہ نگار روز روشن نے جہاں توسنؔ کی شاعرانہ خوبیاں بیان کی ہے، وہیں ان کی مضمون نگاری اور الفاظ کی نشست و برخاست کی بھی تعریف کی ہے۔ اور میرزا منوہر توسن کو تبریزی لکھ گئے ہیں۔ جو سراسر اشتباہ ہے ان کے مندرجہ ذیل بیان سے ظاہر ہوتا ہے:

"توسنی تبریزی در مضمون تراشی و گلدسته بندی و جامعه چینی و خلال سازی دستی داشت. و بدور اکبری پا بعرصه هندوستان گذاشت."[۴۶]

میرزا منوہر توسنؔ کو فارسی زبان پر دسترس حاصل تھی وہ خوش خیال اور شیرین بیان شاعر تھے۔ ان کا کلام آزردہ اور مردہ دلوں میں حرارت پیدا کردیتا ہے۔ وہ اگرچہ مسلمان نہ تھے لیکن انہوں نے اپنی شاعری میں فلسفۂ توحید اور وحدۃ الوجود کو بیان کیا ہے۔ اور اس سے بڑھ کر انہوں نے نعت رسول اور منقبت میں اپنے دلی جذبات کا اظہار کمال خوبی سے کیا ہے۔ حالانکہ اس زمانے میں اور بھی ہندو شاعر تھے جن کے دل بھگتی تحریک کے زیر اثر یا صوفیہ حضرات کی تعلیمات اور صحبتوں سے اسلام کے لیے نرم گوشہ رکھتے تھے لیکن وہ اس کا اظہار برملا زبان سے نہیں کرتے تھے۔ میرزا منوہر توسن نے ان سب باتوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مذہب اسلام کے لیے اپنے جذبات کا اظہار بے باکانہ کیا ہے۔ مخزن الغرائب کے مولف توسن کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"شاعر خوش خیال و شیرین مقال بود سوز سخنش آتش در دلهای مرده درزده و آتش فکرش ذوق صاحب تو اجر راتیز کرد. هر چند از دین حنیف بیگانه بود اما بباطن

سخنش یگانه، معلوم شود که توحید و نعت و منقبت
بسیار گفته و چنین هنود در هند بسیار هستندکه بسبب
ناقوس قوم خود اسلام را پوشیده داشته اند. چنانچه
کس رادیده خلص الفاظ اشعارش همه مزین خوش قماش
افتاده و بامذه بدل نزدیك قابل تحسین و آفرینست
هندوی کج مج زبان همنوای مرغان ایران باشد نهایت
غریب و شاداست۔" ۴۷؎

توسنی کی قادرالکلامی اور اس کی شاعرانہ محاسن کو تذکرہ نگاروں نے مختلف انداز سے بیان کیا ہے۔ جہانگیر نامہ میں جہاں جہانگیر کی حکومت کے ابتدائی بارہ سالوں کے حالات بیان کئے گئے ہیں وہ بھی میرزا منوہر توسنی کے ذکر سے خالی نہیں ہے۔ جہانگیر نے بھی اس کی فہم وفراست کا اقرار کیا ہے اور اس کی شعرگوئی وسخن فہمی کا معترف نظر آتا ہے۔

"منوهر سنگ از قوم لچهو اهیهای سیکها وتست وپدرمن در خورد سالی به اوعنایت بسیاری کردند. و فارسی زبان بود بآن که از و تابه آدم اطلاق فهم هیچ یك قبله او می تو ان کرد خالی از فهمی نیست و شعر فارسی می گوید۔" ۴۸؎

تذکرہ گل رعنا کے مولف توسنی کی تعریف میں لکھتے ہیں کہ وہ پہلا غیر مسلم شاعر ہے کہ جس کی شاعری کی شہرت ایران تک پہنچی:

"او اول شاعر هندوست که نامش به ایران رسیده و میرزا صائب شعر اودر بیاض خودثبت فرمود۔" ۴۹؎

نشترعشق کے مولف توسنی کی شاعرانہ خصوصیات، نفس مضمون، سلاست و روانی کے بارے میں رقم طراز ہیں:

"فکر شعر بروانی و سلاست می فرمود. او اول
شعرای هنود است که نامش به ایران رسید میرزا صائبا

مرحوم از کلام او یک بیت رامی آید پسندیده داخل بیاض خود نموده باوجود ظلمت پرشتی خود را محمد منوهر می نامد۔" ۵۰ؐ

میرزا منوہر توسنی کا مجموعہ کلام یا کوئی دیوان دستیاب نہیں ہے۔ مختلف تذکرہ نگاروں نے ان کے جستہ جستہ پسندیدہ اشعار اپنے تذکروں میں پیش کئے ہیں۔ ان اشعار کے پیش نظر میں ان کی شاعرانہ خوبیوں پر ناقدانہ تجزیہ پیش کرتی ہوں۔

توسنی کے کلام کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اسلام اور فارسی زبان سے خاص دلچسپی رکھتے تھے کیونکہ ان کے اشعار میں اسلامی تخیل کا عنصر نمایاں نظر آتا ہے۔ زبان سادہ اور عام فہم ہے۔ ان کے کلام میں عشق حقیقی کی جھلک صاف نظر آتی ہے۔ ان کا عشق، عشق مجازی نہیں ہے۔ انہوں نے غزلیات میں وحدانیت اور وحدۃ الوجود کے فلسفہ کو بیان کیا ہے اور یہ ہی عکس ان کی رباعیات میں بھی نظر آتا ہے۔ وہ عشق حقیقی کے جذبہ سے اس قدر سرشار نظر آتے ہیں کہ وہ دین سے بھی بے نیاز ہوگئے ہیں۔ اور ایزدتعالٰی کے عشق میں اس درجہ گرفتار ہیں کہ جس کی انتہا نہیں، فرماتے ہیں:

بی درد تودر دلم سراسر خاراست — بی عشق تو در جگر لبالب ناراست

بتخانه و کعبه هر دو نزدم کفراست — مارا به بیگانگی ایزد کاراست ۵۱ؐ

ان کا خیال ہے کہ اس مالک کی نظر میں سب برابر ہیں۔ چاہے وہ کعبہ کو ماننے والے ہوں یا بتوں کو پوجنے والے:

از اثر یك نگه اوست مست

هم بت و هم بتکده، هم بت پرست ۵۲ؐ

دوسری جگہ کہتے ہیں کہ اے زاہد تو اپنی کعبہ پرستی میں خوش ہے اور ہم اپنی بت پرستی پر نازاں ہیں۔ دونوں کا مالک وہی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ تو مسلمان ہے اور ہم برہمن:

زاهداکعبه پرستی و مادوست پرست

تو باین عقل مسلمانی و ما برهمنیم ۵۳ے

میرزا منوہر توسنی کہتے ہیں کہ شیخ اپنے دین دار ہونے پر فخر کرتا ہے اور برہمن اپنے کافر ہونے پر مغرور ہے۔ اس ذات باری کے عشق میں جو گرفتار ہے اس کو کفر و ایمان سے کوئی سروکار نہیں ہے:

شیخ مستغنی بدین وبرهمن مغرور کفر

مست حسن دوست را با کفر و ایمان کارنیست ۵۴ے

فارسی زبان ہندو اور مسلمانوں میں اتحاد کا ذریعہ تھی۔ میرزا منوہر توسنی ہندو اور مسلمانوں کے اتحاد کے لیے اپنے خیالات کا اظہار اس شعر سے کرتے ہیں:

یگانه گشتن و یکجا شدن چشم آموز

که هر دو چشم جدا دو جانمی نگرند ۵۵ے

میرزا منوہر توسنی کی کچھ رباعیات اور مثنوی کے اشعار ہمیں تذکرہ گل رعنا اور مخزن الغرائب سے دستیاب ہوئے ہیں۔ جن میں ان کے خیال کی پرواز اور انداز فکر کے ساتھ ساتھ درد دل اور عشق حقیقی کی مستی بھی شامل ہے جو کلام میں ایک عجیب کیفیت پیدا کر دیتی ہے۔ انہوں نے تجربوں اور مشاہدات کو پیش نظر رکھ کر ایسا انداز بیان اپنایا ہے کہ جس سے کلام کی دلنشینی میں اضافہ ہوتا ہے جس کا اظہار وہ اپنی ذیل کی رباعی میں کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میرا مذہب عشق ہے اور عشق کے مذہب میں میرے سامنے ہجر اور وصال کوئی معنی نہیں رکھتے کیونکہ میری آرزو ان دونوں جذبوں سے بھی بلند ہے:

در دل زهوت های و هوئی دگراست

از سینه ز شوق گفتگو ی د گراست

هجران چه وصل چیست در مذهب عشق

زین هر دو بلند آرزوی دگر است ۵۵ے

توسنی کی اس رباعی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حشر و نشر کے قائل ہیں اپنے اعمال کو ہی نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں:

روز یکه مسموم حشر افزون گردد	وز آتش غم دو چهره گلگون گردد
مادر دوزخ چنان بذوقی سوزیم	کزرشك بهشتان خون گردد ۵۷

توسنی حالانکہ برہمن زادہ تھے اور ان کے افکار و خیالات میں ہندو عقاید کا عنصر نمایاں ہونا چاہیئے تھا لیکن مسلمان علماء و فضلاء اور خاص کر درباری شعراء کی صحبتوں اور ان کے کلام کے مطالعے سے ان کے دل و دماغ سے شرک اور بت پرستی کے جذبات و عقاید ختم ہو گئے تھے۔ وہ ظاہر میں برہمن زادہ تھے۔لیکن باطن میں توحید کو مانتے تھے۔ وحدۃ الوجود کے قائل تھے۔ اسلام سے سچی عقیدت و محبت رکھتے تھے۔ ان کا مطالعہ وسیع تھا۔ ان کے عشق میں سچائی اور خلوص پایا جاتا ہے۔ وہ ایک بلند پایۂ عاشق ہیں۔ان کے کلام میں اسلامی افکار واحساسات کارفرما ہیں۔

اپنی مثنوی کے ان اشعار میں وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگ رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ باری تعالیٰ ان کے سینہ کو اپنے عشق و محبت سے بھردے اور ایسا دل عطا فرما دے کہ جو دنیا و جہان اور آخرت کے خزانوں سے پر ہو:

الٰهی سینه کن باعشق دم ساز	دلی ده معدن گنجینه راز
بدل داغ محبت جاودان ده	نشان مهر خود برفرق جان ده
امید من زتو انعام عام است	که نومیدی زدرگاهت حرام است
زبحر و حد تم گر ترکنی لب	چه کم گردد ترا زین بحر یارب
بوصف خویشتن گویا ی ام ده	بکوی خویشتن بویائییم ده
نمی دانم خدایا تو و دین چیست	گرفتار کمند آن و این چیست
اگر من کافرم دین از تو خواهم	یقینم ده که من این از تو خواهم
اگر ایمان همین است کعبه پرستی است	پرستار ان بت را طعنه از چیست
به کافر کفر بادین داردین ده	دلم را انشاء نوریقین ده
من سرگشته را از مهربانی	سوی خود خوان بهر رای دانی ۵۸

میرزا منوہر توسنی کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مذہب اسلام

کامطالعہ دقیق نظروں سے کیا تھا۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جن برگزیدہ ہستیوں سے وہ متاثر ہوئے تھے اس میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شخصیت ان کی نظر میں سب سے زیادہ اہم تھی۔ اس لیے انہوں نے حضرت علیؓ کی شان میں ایک منقبت لکھی۔ تمام اشعار میں انہوں نے ان کی صفات کو کمال خوبی سے نظم کی ہے:

تعالیٰ الله عجایب بارگاهست	که غیر از کعبه و بتخانه راهست
علی بگزیده لطف الله است	بمحشر مهربان عذر خواه است
نگنجد و صف حیدر در بیان ها	بود در منقبت قاصر زبان ها ۵۹

چندر بھان برہمن

چندر بھان نام، برہمن تخلص گیارہویں صدی ہجری کے اوائل میں لاہور میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد پنڈت دھرم داس خطہ کشمیر سے ہجرت کر کے لاہور میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ جیسا کہ تذکرہ شعرای پنجاب میں ثبت ہے:

"نام پدرش دھرم داس از اھل خطه کشمیر بود." [۶۰]

ان کے والد دھرم داس ایک تجربہ کار انشاء پرداز تھے۔ انہیں فارسی زبان پر پوری طرح دستگاہ حاصل تھی۔ اور چونکہ مغل دور میں فارسی زبان کو دربار کی اور دفتر کی زبان کا درجہ حاصل تھا اور سلطنت کے تمام کام فارسی زبان میں انجام دیئے جاتے تھے۔ اکبر کی پالیسیوں نے ہندوؤں کو اپنی طرف متوجہ کیا تھا اور ہر ہندو یہ چاہتا تھا کہ مغلیہ سلطنت کے انتظام میں شریک ہو۔ دھرم داس نے بھی اکبر کے دربار میں داخل ہو کر منصب سلطنت حاصل کیا۔ ایک مدت تک ملازمت میں رہے۔ بعد میں دنیا کی بے ثباتی ایسی نقش ہوئی کہ ملازمت سے استعفیٰ دے دیا اور گوشہ نشینی اختیار کر لی۔ جیسا کہ اس عبارت سے اندازہ ہوتا ہے۔

"آباو اجداد این درست اعتقاد بطرز قدیم خود عمل می نمودند تاکه نوبت به دھرم داس پدر این فقیر رسید، آن مخدوم نویسندۂ کاروانی بود، مدتی درسلك منصبداران خاصه شریفه انتظام داشت بعد از ان بی ثباتی روزگار مدار داشته، استغنائی خدمت و منصب نموده، در گوشه عافیت نشست." [۶۱]

دھرم داس کے چار بیٹے تھے۔ چندر بھان کے علاوہ اودے بھان، رائے بھان اور اندر بھان۔ ان میں دو ملازمت میں تھے اور اودے بھان نے آزادانہ بے تعلق زندگی بسر

کی۔ ۶۲

تذکرہ گل رعنا کے مولف کا بیان ہے کہ خود برہمن نے کہا ہے کہ ہم تین بھائی تھے۔

"رائی بھان واو دی بھان ومن سه بردار بودیم من ورائی بھان تجرد اختیار کردیم و هوس آزادی در سر داشتم واودی بھان به مقتضای استعداد و قابلیت که کسب معاش افتاد در خدمت عاقل خان بسر برد۔" ۶۳

مصنفین اور تذکرہ نگار برہمن کی جائی پیدائش کے بارے میں اختلاف رائے رکھتے ہیں۔ کشن چند اخلاص برہمن کی جائی پیدائش کی بارے میں لکھتے ہیں:

"رائ چندر بھان متوطن لاهوری دارالا من صلح کل آرمیده و بسیار پسندیده وضع و دردمند و فقر دوست بود۔" ۶۴

صاحب تذکرہ حسینی نے اپنے تذکرہ میں جائے پیدائش اکبرآباد لکھی ہے۔

"دعاگوی شاعران خوش سخن چندر بھان برهمن از سکنه اکبر آباد است۔" ۶۵

گل رعنا میں شفیق کا بیان ہے:

"رائی چندربھان برهمن لاهوری ناقوس نوازبت خانه است۔" ۶۶

مولفین مراۃ الخیال، خم خانہ جاوید، نتائج الافکار اور شمع انجمن اس بات پر متفق ہیں کہ برہمن کی جائے پیدائش اکبرآباد ہی ہے۔

یہ صحیح ہے کہ برہمن نے افضل خان کو خط لکھا تھا۔ جس میں انہوں نے لاہور، وہاں کی آب و ہوا، موسم وغیرہ کے حالات کو بہت ہی موثر انداز میں بیان کیا تھا وہ لکھتے ہیں کہ وہ جب لاہور پہنچے وہاں کے پرلطف حالات، آب و ہوا قدرتی مناظر اور دوسری دلچسپ

چیزوں کو دیکھ کر وہ گرویدہ ہو گئے ان سب سے متاثر ہو کر ہی برہمن نے لاہور کی تعریف میں چہار چمن لکھا۔ لیکن تذکرہ نگاروں نے ان کی اس عبارت سے اندازہ لگایا کہ برہمن لاہور کے رہنے والے تھے۔

"بعداز حصول رخصت از خدمت موهبت که اسیر سعادت جاودانی است قطع منازل وطی نموده بیدرقئه عنایت الٰهی وتوجه ظاهر و باطن قبله گاهی که در همه جا و همه وقت قرین حال این نیاز مند است۔ بدارالسلطنت لاهور که بمقتضای لطافت آب و هوا و اقسام خوبیهادم سادات بجنت الماوامی زند رسید۔ سجدات شکر و سپاس بدرگاه واهب العطایا بجاآورده۔"[۶۷]

ایک جگہ لکھتے ہیں:

" ...... این شکسته دل، درست اعتقاد، چند ر بهان برهمن شکستگی طبع دل را باعث درستی حال خود میداند، برهمن زاده ملك پنجاب است ...... مولد و منشای این نیاز مند شهر دارالسلطنت لاهور است۔"[۶۸]

برہمن نے چہار چمن میں اپنی جای پیدائش کا ذکر متعدد بار کیا ہے کہ ان کا مسکن لاہور ہی تھا جیسا کہ وہ ایک مقام پر لکھتے ہیں:

"خانه این مور ضعیف در همین شهر(لاهور) واقع است۔...... "[۶۹]

برہمن کا خاندان علم و ادب کا سرچشمہ تھا۔ اور یہ خاندانی علمی و ادبی فضلیت تھی کہ ان کے والد نے انہیں خاندانی روایت کے مطابق سنسکرت و بھاشا کی تعلیم دلائی۔ اپنے وقت کے پنڈتوں اور آچاریوں سے سنسکرت کے ہر شعبہ علم میں مکمل تعلیم حاصل کی۔ خاندانی علم سے فراغت پا کر ان کی طبیعت فارسی و عربی زبان سیکھنے کی طرف مائل ہوئی۔ عہد مروجہ کی اخلاقی، ادبی اور تاریخی کتابوں کے مطالعہ سے ان کے تعلیمی و تربیتی تجربہ میں اضافہ ہوا۔

برہمن نے فارسی وعربی کی ابتدائی تعلیم ملا عبدالحکیم سیالکوٹی (۱۰۶۷ھ/۱۶۵۰ء) کی زیر سرپرستی حاصل کی۔ اور متداول علوم کی تکمیل ملا عبدالکریم لاہوری سے کی شاعری و انشاء کے دقائق سے آشنا ہوئے۔ نثر و نظم میں متقدمین و متاخرین کی تصانیف کا مطالعہ کیا۔ وہ نظم ونثر، انشاء پردازی، واقعہ نگاری اور جذبات کے ادا کرنے میں بے نظیر تھے۔ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی اور عبدالکریم لاہوری جیسے استادوں نے تعلیم کے معاملے میں برہمن کی دل کھول کر سرپرستی کی۔ اس کے علاوہ برہمن نے دوسرے استادوں سے بھی استفادہ کیا اور اپنی علمی استعداد کو بڑھایا اور جو قربت اور تعلق انہیں مولانا سے تھا کسی دوسرے سے نہ تھا۔

برہمن نے چونکہ اوائل عمر میں کشمیری پنڈتوں سے خط کی اصلاح کرائی تھی۔ اس لئے ان کے خط میں ایک خاص نزاکت اور کشش تھی۔ انہیں خط شکستہ اور خط نستعلیق میں مہارت حاصل تھی۔ ان کے علاوہ دیگر خط کے وہ کامل خطاط تھے۔ انہوں نے بنارسی داس کی زیر قیادت خط نستعلیق، اور خط شکستہ ملا سدرا کی سرپرستی میں سیکھا۔ ان کے خط شکستہ نے ہی دشمن کی فوجوں کا مقابلہ کیا۔ اور انہیں شکست دی۔ برہمن کو اپنے قلم کے بیان اور لباس پر خود ناز تھا کہتے ہیں:

یکی نشست خط خواهش از صحیفه دل

بسی نوشت برهمن شکسته و نستعلیق۰ ۷ے

وہ خود لکھتے ہیں کہ ان کے خطوط کے نمونے کی شہرت ایران وتوران تک پہنچی:

"رقائم و نوشته جات این نیاز منددرا یران و توران شهرت یافته اند و ما اطراف و اکناف هندوستان در ملك هرنا حیه رسیده." ۱ے

مروجہ علوم کی تحصیل کے بعد برہمن میر عبدالکریم داروغہ عمارات دولت خانہ دارالسلطنت کی خدمت میں ملازم ہوگئے۔ میر عبدالکریم لاہور کے صوبہ دار تھے۔ وہ عالم فاضل اور صنائع تھے۔ جب انہوں نے لاہور کی عمارات کی تعمیر شروع کرائیں۔ اس کے انتظام کے لیے دنیا بھر کے خطاط، مصور، اور سنگ تراش بلائے گئے۔ برہمن بھی ان دنوں

میر عبدالکریم کے ساتھ تھے۔ سارے کام ان کی زیرنگرانی انجام ہوئے۔ وہ خود لکھتے ہیں:

"این نیاز مند فیض برده ملا عبدالکریم است"

(چهارچمن) [۴۲]

بعد میں افضل خان کے توسل سے دربار شاہجہانی میں رسائی ہوئی۔ افضل خان اور چندر بھان برہمن کے اختلاط وصحبت اور میل ومحبت کا ذکر برہمن کی تصانیف میں جابجا ملتا ہے۔ چہار چمن میں لکھتے ہیں:

روزی بندگان اعلیٰ حضرت ...... بتماشای حویلی ......
افضل خان ...... تشریف فرمودند. چون تماشاکنان بوسط
باغ رسیدند کمترین ...... راکه درسلك نشان آن خان ......
منظم بود. دست گرفته مشرف ملازمت ...... متعدد گردانید
ند .... بعرض رسانید ند که این همان شخص است که
نوشته حیات او مکرراز نظر ...... اقدس گذشته." [۴۳]

افضل خان نے ان کے نام اور کلام کو ایرانی شعراء سے بھی بڑھ کر مشہور کر دیا۔ افضل خان کی وفات (۱۰۴۸ھ/۱۶۳۹ء) کے بعد، برہمن کی لیاقت کی وجہ سے شاہجہان (۱۰۳۷ھ/۱۶۲۸ء) نے انہیں اپنی سلطنت کا میر منشی مقرر کیا۔

شاہجہاں کی علم نوازی کی بدولت برہمن کی علمی قابلیتوں اور فضیلت کا چرچا تمام عالم میں ہونے لگا۔ داراشکوہ جو طبعی طور پر علم پرست تھا اس کے دربار میں بھی اہل علم اور صاحب کمال ہستیاں جمع رہتی تھیں۔ برہمن کے حسن ولیاقت تحریر وتقریر، مذہبی مسلک نے داراشکوہ کو بھی اپنا گرویدہ بنالیا۔ اور شاہجہاں سے انہیں مانگ لیا۔ اس نے بھی انہیں اپنے دفتر کا میر منشی مقرر کیا۔ داراشکوہ نے بھی سنسکرت اور عربی وغیرہ کی بہت سی کتابوں کو فارسی زبان میں ترجمہ برہمن کی زیرنگرانی کرایا۔

افضل خان کی وفات کے بعد جب سعداللہ خان شیرازی وزیر سلطنت ہوئے برہمن نے ان کو بھی اپنا کلام نظم ونثر سنانا شروع کیا:

"در عینی که کمترین بندگان در خدمت مرحوم مغفور علامه روزگار اصنهافه والا مقدار افضل خان کسب سعادت می نمود. اوهر روز غزلی تازه از نظر کیمیا اثرآن خان مغفرت کشان گذرانیده باصلاح میرساند. الحال بمقتضای مساعدت اختر در سلك پنهای سرکاری فیض آثار فائز گشته امروز سخن فهمی و قدردان منحصر است. در ذات ملکی ملکات لهٰذا بخود قرار داده که آنچه بعد ازین ازنظم و نثر از طبع ناقص سرزند بنظر نواب مهربان درآورده باصلاح برساند." ۴ے

۱۰۵۵ھ/۱۷۰۱ء میں سعداللہ خان شیرازی شاہجہاں کی وزارت پر سرفراز ہوئے اور ۱۰۶۶ھ/۱۲/۱۷ء میں انتقال کیا۔ اس وقت شاہجہاں کی مردم شناس نظر نے سلطنت کے اہم اور نازک کام کے لیے برہمن کا انتخاب کیا اور داراشکوہ سے واپس لے کر انہیں خطاب ''رائے رایان'' سے مفتخر کیا۔ اور منصب و جاگیر سے نوازا۔ حالانکہ وہ اس وقت میر منشی کے منصب پر فائز تھے۔ مگر اس شان تقرری سے ان کا افتخار اور بڑھ گیا جب برہمن کو شاہجہاں نے رائے رایان کا خطاب عطا کیا۔ اس وقت انہیں سلطنت کا کام انجام دیتے ہوئے بیس سال گذر چکے تھے چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں:

"همین روز سعادت اندوز کمترین بندگان را که مدت یك قرن درخدمت حضور پرنور و صحبت و مصاحبت وزرائی عظیم الشان شهباز پرواز آورده بخطاب رائے رایان سرفراز بخشید. خدمت مسودۂ نویسی مناشیرقضا تاثیر مقرر فرمودند." ۵ے

بہارگلشن کے مصنف بھی لکھتے ہیں:

''جب سعداللہ خان شیرازی وزیر سلطنت شاہجہان کا انتقال ہوا تو

اس وقت شاہجہاں کی مردم شناس نظر نے چندر بھان برہمن کا انتخاب کیا اور خطاب رائے رایان سے نواز کر قلمدان وزارت برہمن کے سپرد کیا۔''۶ے

شاہجہان نے برہمن کی قدر و منزلت میں اضافہ کیا اور دارالانشاء کے لیے انہیں واقعہ نویسان حضور میں شامل کرلیا اور خاص طور پر انہیں شاہی نسخے کی تحریر پر مامور کیا۔ وہ شاہجہاں کے سفر میں ہمرکاب رہتے تھے۔ چنانچہ وہ کابل وکشمیر جاتے ہوئے سفر کی کیفیات، آب و ہوا اور دوسری خصوصیات کو قلم بند کرکے بادشاہ کے حضور میں پیش کیا کرتے تھے۔ شاہجہاں، چندر بھان برہمن کو ''ہندوی فارسی دان'' کہہ کر پکارتے تھے۔ جشنوں اور دوسرے متبرک تہواروں کے موقعوں پر شعراء اشعار پیش کرتے تھے تو چندر بھان بھی رباعیاں لکھ کر حضور میں لاتے اور انعام پاتے۔ ان رباعیات کا تفصیلی ذکر بعد میں آئے گا۔ چہار چمن میں لکھتے ہیں:

"روزی...... بندگان.......... بادشاه .... در لاهور ...... جلوس فرمودند اکثرعمده هائی دربده های دولت باپیوند یاد داشتند۔ و قلم اشرف اقدس شرف نفاذیافت که متعلقان و منسوبان افضل خان مرحوم بحضور مبارك بگذراند۔ چون این نیاز مندرسید۔ خط شکسته فقیر که حالی از درستی نبود بنظر کیمیا اثر در آمد و پسند افتاد و از اشعاراین خاکسار رباعی بسم مبارك معلیٰ رسید درجه تحسین یافت۔ و مقتضائی مناسبت در سلك واقع نویسان حضور پر نور انتظام گرفت وخدمت تطهیر بیاض خاصه بادشاهی باین نیازمند مقرر گشت۔ چنانچه در راه کابل و کشمیر کیفیت هر منزل و واقعه هر مقام را از خصوصیات راه آب و هوا هر روز نوشته۔ بعرض انوار اعلیٰ رسانیده۔

بربیاض مرقوم شده است۔ در آغاز حال این برهمن
عقیدت کیش را بزبان الهام بیان هندوی فارسی دان می
فرمودند و در روزهای جشن ایام متبرک هرگاه اشعار
شعرائی شهوراز نظر اعلیٰ میگذشت رباعی این نیاز مند
سامع جاه و جلال میرسد۔ و باضافه منصب و انعام
سرفرازی می یافت۔" ۷۷

برہمن نے مغل دربار کے جن علماء وفضلاء سے فیض حاصل کیا۔ ان میں آصف خان خانان (سپہ سالار) شعروشاعری میں افضل خان، نظم ونثر میں اسلام خان وزیر سے استفادہ کیا۔ سعد اللہ خان وزیر سے تعلقات قائم ہوئے تو ان کے تجربات ومشاہدات میں اضافہ ہوا۔ ان کے بعد وزیر جعفر خان نے انہیں اپنا معتمد بنالیا اور جب راجہ رگھوناتھ داس وزیراعظم ہوئے تو ان کی خدمت میں رہ کر برہمن کی قدرومنزلت میں اضافہ ہوا۔

سلطنت شاہجہانی کے حصول کے لیے جب اس کے بیٹوں داراشکوہ اور اورنگ زیب میں جنگ ہوئی تو دارا جنگ میں مارا گیا۔ اور شاہجہان کو اورنگ زیب نے قید میں ڈلوا دیا لیکن برہمن کو دربار اورنگ زیبی میں وہ خوشی حاصل نہیں ہوئی۔ حالانکہ اورنگ زیب نے بھی ان کی اسی طرح قدردانی کی تھی۔ اس کے باوجود برہمن کی وہی علمی مصروفیت رہی۔ کیونکہ ان کی نظر میں ان کا کوئی قدردان باقی نہیں تھا۔ انقلاب سلطنت، شاہجہاں کی قید، شاہی خاندان کی بربادی اور دارا جیسے مربی وسرپرست کا قتل یہ تمام حالات ایسے رونما ہوئے کہ انہوں نے شاہی ملازمت کو ترک کرنے کا ارادہ کرلیا اور استعفیٰ لکھ کر اورنگ زیب کے دربار میں پیش کر دیا۔ اور تارک الدنیا ہوکر بنارس چلے گئے۔ تاریخی نقطہ نظر سے ان کا یہ استعفیٰ ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ لکھتے ہیں:

"التماس که از نظر کیمیا اثر حضرت خلیفه زمان بادشاه عالمگیر
گذشته

شدیم پیر بعصیان و چشم آن داریم
که جرم ماجوانان پارسا بخشند

رادراین مور ضعیف آن بود که دربار گاه سلیمانی که مرجع فرمانروایان هفت کشوراست۔خدمت بوسیله ودام حضور سعادت ابدیٰ حاصل نماید۔ لیکن از انجاکه ایام جوانی که خلاصه اوقات زندگانی است در خدمت این دودمان خلافت نشان بسرآمد۔ هنگام شباب به شیب رسید توان حالی درحواس خمسه نمائنده و قوت و قدرت دربار فلك آثار خود کمتریافت لهٰذا استغنائی خدمت حضور پر نور نموده، بخاك روبی روضه منور مقدسه که درمیان اول و آخرت واقعه شده کسب سعادت جاوید می کند۔ بخدمائے که مامور است، زدوئی یافت و بے غرضی و معامله فهمی و نفس الامری که سالها دیوان خانه اعلیٰ مشق آن نموده، سرگرم می باشد، و برسوخ عقیدت وصفائی طوبت و اخلاص درست، بدعاء از و یار عمر ودولت ابدپیوند که بروضیع و شریف لازم اتم واجب است اشتعال میدارد، اگرچه حقیقت حال هر یك برضمیر نور که آئینه جهان نما عبارت از اوست پیدا و آشکاراست۔ لیکن بحسب ظاهر اکثر بندهائی سرکار فیض آثار شاهد حسن اعتقاد و اخلاص این برهمن گوشه گیراند۔" ۷۸؎

ترک ملازمت کے وقت برہمن کی عمر چالیس سال سے تجاوز کرچکی تھی۔ جیسا کہ اس شعر سے ظاہر ہوتا ہے۔

شبی به لطف خداوند ایزدمتعال
علاج درد گنه توبه شدیس از چل سال ۷۹؎

برہمن بنارس میں ایشور بھکتی میں بقیہ عمر صرف کر کے ۱۰۷۳ھ/ ۶۳-۱۶۶۲ء میں راہی بقا ہوئے تذکرہ نگاروں نے برہمن کی تاریخ وفات کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار مختلف انداز میں کیا ہے۔ مخزن الغرائب کے مولف رقمطراز ہیں:

"بعد قتل شدن داراشکوه وی ترک روزگار در شهر

بنارس بطرز هندوان گوشه گیر گشته۔" ۸۰؎

نتائج الافکار کے مصنف لکھتے ہیں:

"بعد اورنگ آرائی عالمگیر صد نوازشات فراوان، بتقرر خدمات نمایاں گشت۔ آخرکار از استعفانموده در شهر بنارس که معبد هنود است رحل اقامت انداخت و برریاضت بروفق راه ور سم فرقه خود پرداخت و در ۱۰۷۳ھ ثلث سبعین والف برق اجل خرمن حیاتش را سوخت۔" ۸۱؎

مولف شمع انجمن کا کہنا ہے:

"برهمن زنار دار ساکن آگره، خالی از وارفتگی نبود در سرکار داراشکوه عنوان منشی گیری داشت ۔ بعد قتل وی ترك نوکری نمود۔ شهر بنارس رفت، در انجا براه ورسم خویش مشغول بوده تا آنکه ۱۰۷۲ھ در آتشکده خاکستر فنا گردید۔" ۸۲؎

تذکرہ حسینی کے مولف رقم طراز ہیں:

"دیوانی و انشای بسیار ساده یادگار گذاشته ...... بعد قتل داراشکوه ترك روزگار خود گفته شهر بنارس ...... در سال هزار هفتا دوسه هجری فناگردید......" ۸۳

تذکرہ مراۃ الخیال کے مصنف کا بیان ہے:

"بعد از قتل داراشکوه بشهر بنارس رفت ...... تا آنکه فی مشهور سن الف و ثلث و سبعین در آتشکده فنا گردید۔" ۸۴؎

تذکرہ داغ معانی کی مولف لکھتے ہیں:

"......بعد هلاك سلطان داراشکوه ترك نوکری کرد و بشهر بنارس رفت و در آنجا براه رسم و آئین مذهب و

ملت خویش بعبادت مشغول بود تادر سنه هزار هفتاد وسه
۱۰۷۳ھ درآتشکده فنا خاکستر گشت۔" ۸۵

پروفیسر امیر حسن عابدی اپنے مضمون میں لکھتے ہیں :
(ترجمہ)

''عمر کے آخر ایام میں برہمن آگرہ سے بنارس چلے گئے اور وہیں ۱۰۷۳ھ/۲۳-۱۶۲۲ء میں اس دارفانی سے کوچ کر گئے۔'' ۸۶

حسرت موہانی اپنے رسالہ اردو معلیٰ میں رقم طراز ہیں :

''اورنگ زیب شاہ عالمگیر کے زمانے میں برہمن پر نوازشات شاہی مبذول ہوتی رہیں۔ اوران کا تقرر خدمات نمایاں میں ہوتا رہا۔ آخری عمر میں نوکری سے استعفیٰ دے کر شہر بنارس میں سکونت اختیار کی اور ۱۰۷۳ھ میں انتقال کیا۔'' ۸۷

اردو دائرہ المعارف اسلامیہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دارا کی وفات کے بعد چندر بھان برہمن نے گوشہ نشینی اختیار کرلی اور ۱۰۷۳ھ میں بنارس میں وفات پائی۔ ۸۸

برہمن عظیم المرتبہ اور سلیم المزاج ہندو شاعر تھے۔ ان کی طبیعت میں ظرافت اور فکر کی بلندی نے انہیں دوسرے شعراء سے ممتاز و مقبول بنا دیا تھا۔ خط شکستہ درست لکھتے تھے۔ انشاء پردازی میں ابوالفضل کے پیرو تھے۔ شعروشاعری سے انہیں کافی دلچسپی تھی۔ ان کی فکروعقل اور قلم سے نکلا ہوا ہر لفظ ان کی سخن فہمی کی داد دیتا ہے۔ اپنی تحریروں میں وہ ہندو مراسم کا نہایت احترام سے ذکر کرتے ہیں۔ان کی طبیعت میں شوخی اور سوز گداز پایا جاتا ہے۔ وہ اپنے معاصرین کے لیے شمع محفل تھے۔ علم و شعر میں قدرت رکھتے تھے۔ انہیں فارسی زبان پر عبور حاصل تھا۔

برہمن کی شاعری میں لطافت، باریکی خیال، عرفانی فکر کی صفائی اور پختگی ہے۔ ان کا شمار ہندوستان کے مشہور ومعروف ہندوشعراء میں ہوتا ہے۔ عام طور پر انہیں دوسرے درجہ کے ہندو شاعروں میں مانا جاتا ہے۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ ان کی شاعری کا رنگ

دوسرے شعراء سے جداگانہ ہے۔ ان کی شاعری میں شیرینی متانت، سادگی وسلاست دربار شاہجہانی کے دوسرے شعراء سے ممتاز کرتی ہے۔ اور اسی بناپر انہیں عہد شاہجہانی کا مشہور و معروف اور پسندیدہ شاعر ہونے کا شرف حاصل ہے۔

برہمن نے عنفوان شباب میں فارسی زبان پر عبور حاصل کرلیا تھا۔ معاصر و متقدین شعراء کے احوال اور ان کے طرز تحریر اور شاعری کا مشاہدہ و مطالعہ کر کے اپنے کلام میں شاہانہ تخیل کے ساتھ مختلف خیالات و مضامین کو شعر کا جامہ پہنایا۔ برہمن چونکہ دارا کے منشی خاص تھے لہٰذا وہ ان کی حوصلہ افزائی کرتا تھا اس لئے برہمن نے شہزادے کی طبیعت کے مطابق نظم و نثر میں اپنا کمال دکھایا۔ بزم تیموریہ کے مصنف اس بارے میں لکھتے ہیں کہ:

''داراشکوہ نہ صرف شاعر تھا بلکہ شاعروں کا سرپرست اور مربی تھا۔ داراشکوہ اپنے منشی چندر بھان برہمن کی نثر و نظم کی سادگی کا دلدادہ تھا۔'' [۸۹]

مراۃ الخیال کے مولف اس بات پر تعجب کا اظہار کرتے ہیں کہ داراشکوہ خود بہت عمدہ مقفع و مسجع و مرصع نثر لکھتا تھا لیکن وہ برہمن کی سادگی کا دلدادہ تھا لکھتے ہیں کہ:

"عجب که شاهزاده بآن هم مستعدان که در عرصه روزگار رنگ آمیزی الفاظ آبدار صفحه خاطر ارباب دانش راچون شفقهائے موسم بهار هزار متلون می ساختنند خاطر مبارك سخن ساده اش فرود آورده بود این معنی خالی از چیز بنوده باشد مافراق تا هزار هما طرز آشنای داشت بااوبزور طالع بدین پایه رسید." [۹۰]

چندر بھان برہمن کے بارے میں تذکروں میں ایک ایسا واقعہ بھی ملتا ہے جس سے اس کی توہین وتخفیف کا پہلو نظر آتا ہے۔ سرخوش اپنے تذکرے میں اس کا ذکر کرتے ہیں کہ ایک دن بادشاہ کے حضور میں اسے شعرخوانی کا حکم ملا اس نے اپنا یہ تازہ شعر پڑھا:

مرادیست بکفر آشنا که چندین بار
بکعبه بر دم و بازش برهمن آوردم

شاہجہان کو یہ شعر مزاج کے خلاف اور دین سے منحرف لگا۔ سن کر بھڑک اٹھے اور فرمایا کہ یہ بدبخت کافر و مرتد ہے اسے قتل کرنا چاہئے۔ افضل خان جو بادشاہ کی طبیعت اور مزاج کے واقف تھے۔ بادشاہ کی حالت اور غصہ کو ختم کرنے کے لئے سعدی کا یہ فی البدیہہ شعر سنایا:

خرعیسیٰ اگر بمکه رود
چون بیاید هنوز خرباشد

بادشاہ مسکرائے اور دربار کے دوسرے امور پر متوجہ ہو گئے۔
مراۃ الخیال کے مولف دوسرے انداز میں اس قصہ کو بیان کرتے ہیں:

"گویند نوبتی داراشکوه رایکی از ابیاتش مطبوع افتاد روزی در غسل خانه که مجمع مستعدان هفت اقلیم بود. بعرض صاحبقران رسانید ند که درین ولاطرفه شعری از چندر بهان برهمن سر زده است اگر حکم شود بحضور آمده بخواند. و درین معنی شاهزاده را اظهار استعداد و ترقی وی ملحوظ نظر بود بادشاه باحضارش حکم خاص نمود چون حاضر شد فرمود که درین ایام شعری که بابا از توپسند کرده است. بخوان چندربهان این بیت بخواند

مراد یست بکفر آشنا که چندین بار بکعبه بردم و بازش برهمن آوردم

بادشاه متشرع دیندار از استماع آن برآشفت
آستین هابر مالید و گفت : کسی میتواند که جواب این کافر برساند. از امرای عظام افضل خان که بحاضر جوابی موصوف بود پیش آمده گفت : اگر حکم شود از شعر استاد جواب برسانم. بادشاه اشاره کرد افضل خان

این بیت حضرت شیخ را که از غیب دانی های چهار صد سال دردآن مردودگفته بود، بخواند:

خرعیسیٰ اگر بمکه رود چون بیاید هنوز خرباشد

خاطر مبارك بادشاه بشگفت و شکربجا آوردوگفت: در تصرفات دین محمدی بود که این قسم جواب رسید ورنه من از غصه هلاك می شدم۔ افضل خان را انعا مهافرمود۔ و شهزاده رامنع کرد که باردیگر همچنین مزخرفات را بحضور نیاورد و چندر بهان را از غسل خانه بیرون کردند۔" ۹۱

فارسی نثر نگاری میں برہمن نے شہرت دوام حاصل کی ہے۔ ان کو اپنی وقائع نویسی کے عہدہ پر فخر تھا اسی طرح شاعری میں بھی ان کا فارسی دیوان قابل قدر شہ پارہ ہے۔ ان کا کلام فارسی شاعری کی اصناف غزل، رباعی، مثنوی وغیرہ سے پر ہے۔ برہمن کی شاعری کے بارے میں تذکرہ نگاروں نے اپنے خیالات کا اظہار مختلف انداز سے کیا ہے۔

گل رعنا میں شفیق برہمن کی ستائش اس طرح کرتے ہیں:

"...... ناقوس نوازبت خانه سخن و بیدخوان صنم کده این فن ......" ۹۲

تذکرہ ہمیشہ بہار کے مصنف اپنے تذکرہ میں برہمن کی شاعری کو اس طرح سراہتے ہیں۔

"...... به هنگام خواندان اشعار آب از چشهاروان می ساخت۔" ۹۳

عمل صالح کے مولف رقم طراز ہیں:

"......چون شعر خوددر کمال سادگی و بی تکلفی می زید۔ زبان قلمش بسیار خوش سخن است و طبعش بغایت ماهر درین فن......" ۹۴

ڈاکٹر سید عبداللہ، برہمن کی فارسی شاعری اور اس کے محاسن کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''برہمن ہندوستان کے پہلے مشہور و مقبول ہندو شاعر ہیں۔ انہیں عام طور پر دوسرے درجہ کا شاعر سمجھا جاتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اشعار کی شیرینی اور لطافت عہد شاہجہانی کے اچھے شعراء کے لگ بھگ ہے۔ کلام میں سادگی اس قدر ہے کہ کسی دوسرے کے ہاں نہیں ملتی۔ یہ ہی وصف ہے کہ جس کی بنا پر برہمن کو عہد شاہجہانی کا پسندیدہ شاعر مانتے ہیں۔'' ۹۵

یہ برہمن کی خوش نصیبی ہے کہ بہت سے جدید تذکرہ نگاروں نے برہمن کی شاعری کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا۔

شیخ اکرام جو ارمغان پاک کے مولف ہیں برہمن کی شاعری پر اپنے خیال کا اظہار اس طرح کرتے ہیں:

''برہمن کی شاعری کا موازنہ غنی، سلیم اور نامور شعراء سے کیا جائے تو برہمن کے اشعار کم مرتبہ نہیں ہوں گے۔'' ۹۶

تاریخ شاہجہاں کے مصنف لکھتے ہیں:

''چندر بھان برہمن دور مغلیہ کا پہلا ہندو شاعر تھا جو خداداد قابلیت سے متصف تھا۔ وہ لاہور کا باشندہ تھا۔ بردبار اور وسیع النظر آدمی تھا۔ نثر و نظم دونوں اصناف میں خوش اسلوبی سے یکساں طبع آزمائی کا ملکہ رکھتا تھا۔ اگر چشم حقیقت کو یہ تلاش ہو کہ ابوالفضل کی تحریر کی کسی فنکار نے مکمل طور پر جذب کر کے اس کو باردگر پیش کیا تو بلاشبہ چندر بھان برہمن کو ہی اس کا اہل پائے گا۔ اس کا دیوان اور چہار چمن مرصع اور مسجع نثر نگاری کا نمونہ ہے۔'' ۹۷

پروفیسر امیر حسن عابدی کا بیان ہے:

(ترجمہ) ''یہ کہا جاتا ہے کہ برہمن کے دیوان میں ۱۳۰۷۷ اشعار

ہیں۔ لیکن علی گڑھ ۳۰۷ اور رامپور میں ۳۵۱۹۔ برہمن کا دیوان ۲۸۹ غزلیات ۲۰ رباعیات پر مشتمل ہے۔ اس طرح کل ملا کر ان کے دیوان میں ۱۵۴۳ اشعار ہیں۔ چہار چمن میں بہت سی رباعیات لکھی ہیں جو شاہجہاں بادشاہ سے متعلق ہیں۔ لیکن ان میں دیوان شامل نہیں کیا گیا۔ برہمن نے اپنے دیوان کے نسخے عمدہ جلد میں بنوا کر ایران اور توران اور دوسری جگہ بھیجے تھے۔"[۹۸]

برہمن کے کلام کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ایرانی شاعری کے دلدادہ تھے اور اس سرزمین پر فخر کرتے تھے۔ ایرانی نژاد شاعروں کی دربار میں موجودگی کو باعث فخر سمجھتے تھے۔ اس لیے وہ متقدمین شعراء کے کلام کو مطالعے میں رکھتے تھے۔

برہمن کی فارسی تصنیفات:

منشات کی ابتداء میں برہمن نے اپنی فارسی تصنیفات کا ذکر کیا ہے۔ مثلاً دیوان، گلدستہ، چہار چمن، بدیع الانوار، تحفتہ الانوار، تحفتہ الفصحا، مجمع الفقراء، مثنوی ہفت بحر وغیرہ لکھتے ہیں:

> "... دیوان غزلی و مثنوی بانسخه چند مثل گلدسته، چهارچمن، بدیع الانوار ، تحفته الفصحا و مجمع الفقراء ترتیب داده ازان هنگامی که این نیاز مند قلم بدست گرفته واقعات متفرقه در هرباب در امور اخیر نوشته، اگر نقل آن را احاطه می نمود نسخه علیحده ترتیب می یافت."[۹۹]

چہار چمن:

برہمن نے نثر کی شکل میں ایک مختصر مجموعہ مرتب کیا وہ علم و ادب کے لحاظ سے انشائی چہار چمن کہلایا۔ برہمن کی یہ تصنیف چار حصوں میں منقسم ہے۔ جس میں ان کے خاندانی حالات زندگی، خطوط جو انہوں نے اپنے والد اپنے دونوں بھائیوں اور اپنے بیٹے

کے نام پند ونصائح کی شکل میں قلم بند کئے ہیں۔ ان کے علاوہ مختلف اشخاص اور نوابوں کے نام لکھے ہیں۔ ان میں بھی برہمن کی فلسفیانہ اور صوفیانہ نکات کو موثر انداز میں بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے رقعات وتحریرات کو خود جمع کر کے ایک مجموعہ رنگین مرتب کیا۔ اپنی اسی انشاء پردازی میں انہوں نے ابوالفضل کا تتبع کیا ہے۔

چہار چمن میں اخلاق وادب، پند ونصائح کے مختلف انداز ملتے ہیں۔ مثال کے طور پر برہمن کا یہ خط جو انہوں نے اپنے بیٹے تیج بھان کو لکھا ہے۔ پند ونصیحت کا ایک مجموعہ ہے اس میں اس وقت کے حالات کو سامنے رکھ کر نصیحت کی ہے۔ جب اورنگ زیب نے اپنے باپ شاہجہاں کو زندان میں ڈال کر جو ظالمانہ حرکت کی اسے کوئی بھی باپ دل سے پسند نہیں کرسکتا۔ برہمن نے ایک تنبیہی اور تہدیدی خط اپنے سعادت مند بیٹے تیج بھان کو لکھا جس کا ہر لفظ داد وتحسین کا مخزن ہے اور پورے کا پورا خط ہر باپ کا بزرگانہ نصیحت نامہ ہے دیکھئے کس طرح برہمن اپنے بیٹے کو کن کن القاب سے مخاطب ہو کر خط کا آغاز کرتے ہیں:

"نصیحت نامه که بر فرزند سعادت نشان برخوردار تیج بهان نگارش یافت۔ "فرزند دلنبد، چراغ خانۂ زندگانی، شمع بزم شادمانی نوردیده آمد رسیده آرام خاطرغم کشید۔ قوت ایام پیری اعصائی هنگام دستگیری، گل گلزار، امید، مایه عشرت جاوید، درمان خاطر رنجور، مرهم زخم نامور، نور نظر سرورسینه بے کینه، پیوند دل، لخت جگر، سرمایه تجارت روزگار، حاصل گردش لیل و نهار، گلشن همیشه بهار، نشاط ساز، طریق تسلیم و رضا ...... فرزند برخوردار تیج بهان همیشه شاهد و مقصود درکنار و از آفات روزگار برکران بوده۔" ۱۰۰؎

خط کو آگے بڑھاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہر وقت اپنے فرزند کو نصیحت کرتے رہنا چاہئے کبھی بھی غافل نہیں رہنا چاہئے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ ہر وقت ہر جگہ سوتے میں

جاگتے میں، غفلت میں ہوشیاری میں اپنی عقل کو ہاتھ سے جانے نہیں دے گا:

"بمقتضائی این نسبت لازم است که لوازم نصیحت را
از ان گرامی فرزند دریغ ندارد. بباید که آن فرزند دلبند
''بیغم برسبیل فہرست'' کتاب کے عنوان سے اس مثنوی کی وجہ تسمیہ بتاتے ہیں کہ جو کچھ حق کی طرف سے میرے دل میں آیا۔ میں نے بلا تکلف اس کو قلم زد کر دیا:

وقت آن آمد که از جوش جنون — برزنم از دید باسیلاب خون
کوه صحرا را کنم چون لاله زار — برخون چکان آید نسیم نوبهار ۲۸۷؎
آنچه می آید بدل از سوئی حق — بی تکلف می نگارم برورق ۲۸۸؎

اس کے بعد ''جوش دیگر در بیان آ نکہ ہر چیزی بجای خود خوب است'' کے عنوان سے ایک مثنوی لکھی ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کی قدرت کو بیان کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تمام انسان بلا لحاظ رنگ ونسل اور مذہب اس کی نظر میں برابر ہیں:

داد شورشها و مستیها دهیم — داد شوق و حق پرستیهادهیم
هر همه برجای خود و زیبا بود — هرهمه برقدر خود یکتا بود
کافر و مومن و زنگی و یهود — ارمنی وگبر و ترسا و جهود
هیچ کس از جودحق محروم نیست — سراین معنی بکس مفهوم نیست ۲۸۹؎

بیغم مثنوی کے ابتدائی مراحل میں اللہ جل جلالہ کی شان میں مناجاتیں نظم کرتے

ہیں اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس طرح دعا کرتے ہیں کہ اے خدا تو ہی ہماری غلطیوں اور خطاؤں کو معاف کرنے والا ہے۔ ہماری یہ عمر دنیا کی جاہ وتمنا میں گذر رہی ہے۔ انہوں نے یہ مناجاتیں بہت ہی موثر اور دلنشین انداز میں نظم کی ہیں:

''درمناجات حق سبحانہ وتعالیٰ''

وقت آن آمد که از جوش طرب	نغمه رنگین زنم باصد ادب
ای خدا از خاکساران توایم	ای خدا از دل فگاران توایم۲۹۰
جز تو دیگر کیست در ارض و سما	جز تو دیگر کیست تابخشدبما
من خطا کردم خطا کردم خطا	تو عطا کن تو عطا کن توعطا۲۹۱

بیگمؔ ''مناجات دویم بدرگاہ حق سبحانہ وتعالیٰ دراستدعاء دعا'' میں اپنی ہستی اور خودی کے بارے میں لکھتے ہیں:

ای دریغا عمر من برباد رفت	برنیا مداز دلم یك آه تفت
ای دریغا خویش رانشا ختم	خاك در هر جا بسر انداختم
کوه و صحرا اند همه تاراج پا	زیر پاد ادم همه ارض و سما۲۹۲

ایک اور عنوان ''جوش دیگر'' قائم کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں نے اپنی کتاب میں صرف ذکر خدا کے اور کوئی بات نہیں لکھی ہے۔ اور میں بھی اس کی وحدت کے باغ کا ایک عندلیب ہوں:

در کتابم نیست جز ذکر خدا	مثنویم نیست غیراز یك نوا
عندلیب مست باغ و حدتم	سوخته جای زداغ وحدتم ۲۹۳

سلوک کے راستے پر چل کر ایک صوفی مختلف مراحل سے گذرنے کے بعد محبوب حقیقی کی قربت حاصل کرتا ہے۔ صوفیا کی اصطلاح میں وہ مدارج جیسے عبادت، ریاضت، فقر اور صبر وقناعت، توکل و رضا وغیرہ کہتے ہیں جب ان مدارج سے ایک صوفی گذر جاتا ہے تو پھر وہ فنا فی اللہ ہو جاتا ہے۔ اور وہ محبوب حقیقی کے تصور میں غرق رہنے لگتا ہے۔ اس بات کو

وہ حضرت جنید بغدادیؒ کے ایک واقعہ سے بیان کرتے ہیں۔ ایک دفعہ حضرت جنید بغدادیؒ کے مریدوں میں سے ایک نے ان سے سوال کیا کہ آپ کس کا تصور باندھا کرتے ہیں تو انہوں نے فرمایا "بلی کا"۔ اس سے متعلق بیغم ایک قصہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ بلی ان کے کمرے میں آئی اور آتے ہی کیا دیکھتی ہے کہ ایک چوہا ایک سوراخ سے نکلا لیکن فوراً ہی وہ بلی کو دیکھ کر اپنے بل میں گھس گیا۔ اور اس پر بلی نے متواتر کئی گھنٹوں تک نہایت استقلال اور صبر وضبط سے انتظار کیا۔ بالآخر وہ چوہا بلی کے پنجوں میں آ گیا۔ چنانچہ اس کے بعد سے اس بلی کو ہادی راہ سمجھتا ہوں۔ بیغم اس حکایت کو ان الفاظ میں شروع کرتے ہیں:

گفت شخصی از مریدان باجنید — کای فروغ جبهه صبح امید
در تصور کیست سیرت از شیوخ — از توی پرسم من از صدق ورسوخ
در جوابش گفت ای شیخ زمن — در تصور گربه آمد سیرمن
در طریقت ها کم از گر به مباش — چند گو پندت سخن هافاش فاش[۲۹۴]

بیغم ایک اور دوسری حکایت "حکایت دیگر در بیان سلوک" میں فرماتے ہیں کہ حق سے ہی طلب کر اور اس سے مانگنے میں کسی قسم کی شرم محسوس نہیں کرنی چاہئے۔ وہی عالم کا پالن ہار ہے اور جو لوگ اس پر یقین محکم رکھتے ہیں وہ ان کی غیب سے مدد کرتا ہے اپنے اس خیال کو بیغم بہت ہی دلکش اور دلنشین انداز میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

دختری ذوالنون مصری وقت شب — گفت مادر را که جان آمد بلب
خشك شد چون نافه خونم در بدن — آتش سوزانست اندر جان و تن
من بمردم زاشتها نام خدا — پارچه نانی بده بهر غذا
گرندادی پارچه نانی بمن — جانم اینك شد برون از قیدتن
گفت مادر آنکه جان را آفرید — واین مه و خورشید زو آیدپدید
آنکه انسان را صفات خویش داد — آنکه باب رزق بر عالم گشاد
زوبخواه ای سازو غذا — زوطلب کن جامن برگ و نوا
گفت دختر این چه شرم و حیا است — کز خدا سازم طلب برگ و نوا

کی حیات نفس خواهم من زحق　　من بخوانم دردبستان این سبق۲۹۵

بیغم اس داستان کے تمثیلی پیرایہ بیان سے یہ بات واضح کرنا چاہتے ہیں کہ راہ طریقت اور طلب حق میں ہمت اور حوصلہ اور جدوجہد ہی انسان کو اس کے مقصد تک پہنچاتی ہے جس طرح اس لڑکی کا حوصلہ بلند تھا۔ اسی طرح انسان بھی اگر یاد حق میں مشغول ہو جائے اور اپنے آپ کو مثل پروانہ جلا ڈالے تو اس کو کامرانی نصیب ہوگی۔ اور وہ حقیقت کے قریب ہو جائے گا:

همت دختر ربود از جامرا　　کرد فارغ یکسر از چون و چرا
همتی کوتازند آتش به تن　　همتی کو بگذرد ازماومن
دست همت از همه بالا بود　　دست همت دست یکتان بود
همت پروانه باید در طریق　　کو بسوز د خویشتن را در رفیق۲۹۵

بیغم نے اپنی مثنوی میں بہت حد تک مولانا روم کی پیروی کرنے کی کوشش کی ہے۔ مولانا روم کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ جس موضوع کو بھی تمثیلی پیرایہ میں بیان کرتے ہیں اسے عام فہم اور اس قدر آسان بنا دیتے ہیں کہ عام قاری بھی ان کی اصل بات کو سمجھ جاتا ہے۔ بیغم کا تخیل اگرچہ اس پایہ کا نہیں ہے۔ تاہم ان کی شاعری میں ہلکا سا مولانا روم کا رنگ نظر آتا ہے۔ ایک حکایت میں اس بات کو ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ عارف پر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ عارف کے لیے ''اناالحق'' کہہ دینا جائز ہوتا ہے۔ اس کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

آن اناالحق آن زمان گفتن سزاست
در معنی آن زمان سفتن رواست۲۹۷

اور پھر اس کلمہ ''اناالحق'' کو ایک اور حکایت میں نظم کرتے ہیں کہ ایک ہرن نے بیابان میں شیر کو دیکھا اور اس سے بچنے کے لئے جتنی اس میں طاقت تھی اتنی تیزی سے دوڑا اور جیسے ہی شیر اس کے نزدیک پہنچا۔ آہو بے طاقت ہو کر زمین پر گر پڑا۔ اور بے ہوش ہو گیا۔ اور اپنے آپ کو شیر کی ہستی میں محو دیکھا:

"حکایت آن آھو که شیر رادر بیابان دید واز شیر بگریخت تاآنکه طاقت بود آھو میروید۔ چون شیر از دنبال نزدیك او رسید آھو بی طاقت شد و بر زمین افتاد و بیھوش شدو ھستی خود را درھستی شیر محو دید و نعره "اناالحق" شیر برزد۔" ۲۹۸ے

بیغم ایک حکایت ''دربیان بے ثباتی و ناپائداری کونین'' کے عنوان سے قائم کرتے ہیں کہ ان کی نظر میں یہ دنیا ایک کہانی اور افسانے کی مانند ہے۔ اور جو اس دنیا سے دل لگائے گا وہ اس دیوانے کی طرح ہے جس کو اس دنیا کی اچھائی برائی کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔ یہ دنیا ایک خیال، حباب و سراب کی مانند ہے اور بے وقوف لوگ بچوں کی طرح اس دنیا کے خواب میں سرمست رہتے ہیں اپنے اس بیان کی وضاحت میں بیغم نے اس حکایت کو شعر کی زبان میں بہت اچھے انداز میں بیان کیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

این جهان مانند این افسانه است — هر که بند د دل برین دیوانه است

غافلان طفلند واین عالم چو خواب — یا خیال و یاحساب و یاسراب

غافلان را چشم بر صورت گشاد — عاقلان را دیده برمعنی فتاد

چشم معنی بین اگر حاصل شود — صورت هر دو جهان زایل شود ۲۹۹ے

داراشکوہ بابالعل کا چیلا تھا۔ اور اکثر و بیشتر مذہبی مسائل پر ان سے گفتگو کرتا تھا۔ اس کتاب ''نادر النکات'' میں ان ملاقاتوں کا مفصل حال درج ہے کہ ایک بار داراشکوہ نے بابالعل سے تصور و استغراق کے معنی معلوم کئے۔ اس واقعہ کو بیغم نے نظم میں بہت ہی موثر اور عام فہم انداز میں بیان کیا ہے۔ اور اس کا عنوان بھی ''پرسیدن داراشکوہ از بابالعل کہ معنی تصور واستغراق چیست'' ہے۔ بیغم نے تمثیلی انداز میں ایک صیاد اور آہو کی داستان اس کمال وخوبی سے بیان کیا ہے کہ کس طرح ایک ہرن شکار ہو کر بیمار ہو گیا۔ صیاد نے اس کی دیکھ بھال کی۔ جب وہ صحت مند ہو گیا تو صیاد نے اس کو آزاد کر دیا۔ لیکن وہ اس سے اس قدر مانوس ہو گیا کہ بجائے جنگل کی طرف جانے کے وہ اس کی الفت میں اس کے پیچھے پیچھے آ گیا اس

حکایت سے وہ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص محبوب حقیقی سے لو لگاتا ہے اور ہمہ وقت اس کے ذکر میں گرفتار رہتا ہے تو پھر اس کا دل مالک حقیقی سے جدا ہونے کو نہیں چاہتا۔ صوفیا کے اس خیال کو بیغم نے بہت ہی موثر انداز میں نظم کیا۔ نمونے کے طور پر چند اشعار پیش خدمت ہیں:

گفت بابا لعل با داراشکوہ — کای توی در استقامت هم خواه
آنکه خواهندش تصور خاص و عام — آنکه استغراق آمد در کلام

یك زمان بی صید گیر آرام نیست — دیگر از حاجت به بندد دام نیست
چون نماند حاجتش پابند و دام — هست استغراق در معنی تمام[۳۰۰]

بیغم ایک اور حکایت ''دربیان آنکہ قید و آزادی مرد موقوف بیہوش است'' کے عنوان سے لکھتے ہیں جس میں ان کا مقصد یہ ہے کہ انسان قید و آزادی میں اس وقت امتیاز کر سکتا ہے جب وہ فہم و ادراک رکھتا ہو۔''[۳۰۱]

اس کے بعد دوسری حکایت ''دربیان آنکہ حق فراموش کردن بہ از یاد کردن است'' میں وہ استغراقی کیفیت کو بیان کرتے ہیں کہ جب انسان اللہ کی ذات میں فنا فی اللہ ہو جاتا ہے تو وہ نام حق کو فراموش کر دیتا ہے۔ اور یہ بات ایک عام فہم آدمی کی سمجھ سے بالاتر ہے۔ اسی لئے وہ کہتے ہیں کہ یہ سوائے ولی اولیاء کے کوئی دوسرا شخص اس کو سمجھ نہیں سکتا۔ اس کو سمجھنے کے لئے بوعلی قلندر جیسی عبادت و ریاضت کی ضرورت ہے جن سے گذر کر صوفی اس مقام پر پہنچتا ہے وہ اس خیال کو شعر میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

نام حق مرشد فراموش خوب شد — خوب شد از سربلا مغلوب شد
کا نچنان بودیم اکنون آن شدیم — جسم و تن بودیم اکنون جان شدیم
سالها باید که فهمی این کلام — عمر ها باید که دریابی مقام
این سخن را کس نه فهمد جزولی — گربود در فهم همچون بو علی[۳۰۲]

بیغم حقیقت کے معنی جاننا اور اس کی تلاش میں عمر بسر کرنے کو حقیقت الحقائق کہتے

ہیں۔ اور ان کی نظر میں اس کا جاننا وجود اعظم کے برابر ہے۔ اس بات کو وہ ایک حکایت ''حکایت در معنی حقیقت و پی بردن حقیقت کہ آنرا حقیقت الحقائق خوانند وجود اعظم دانند'' کے عنوان سے بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جس شخص نے حقیقت کی فکر میں اپنے آپ کو جلا ڈالا تو وہ اور زیادہ روشن تر ہو گیا:

آنکه در فکر حقیقی سوختی — آتشی رنج و طلب افروختی
رنج هابردی هزاران صبح و شام — خون دل خوردی پیالی جام جام
از لطافت ذات حق نه آید پدید — ذات حق پی برده چون گردد پدید
هست لامحدود آن ذات اله — نیست غیر ازآن حقیقت درنگاه ۳۰۳؎

بیغم نے اس ذات مطلق کی تعریف و توصیف میں متعدد اشعار لکھے ہیں۔ جس میں وہ باری تعالیٰ کی ذات کو ذات مطلق کہتے ہیں:

هست ذات پاك آن رب البشر — هر دو گونه الغدیر دیده ور
زآن دوگونه بی صفت آمدیکی — وآن دیگر راباصفت و آن بی شکی ۳۰۴؎

بیغم نے حکایت در حکایت فلسفہ توحید وحدت، وجود عدم قہر و جمال، جلال و تجدد کو شیخ اور مریدین کی گفتگو میں امثال و جواب سے بیان کیا ہے جو ان کے اندرونی احساسات اور عارفانہ نظریات کی نشاندہی کرتا ہے۔ بیغم کہتے ہیں:

منکر ما منکر تو حید حق — منکر مامنکر تقعید حق
منکر ما منکر رب الانام — منکر مامنکر وحی وپیام
منکر ما منکر اهل صفا — منکر ما منکر ارض و سما ۳۰۵؎

اسی حکایت میں بیغم اپنے اظہار کی تصدیق کے لئے ایک اور واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرید نے اپنے شیخ سے کہا کہ میں نے علم ظاہر میں سب کچھ سیکھ لیا۔ لیکن رنج والم کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا۔ صرف ونحو، منطق و طب و نجوم اصول فقہ اور دیگر علوم پر دسترس حاصل کی۔ منقولات و معقولات و ریاضی کی تعلیم حاصل کی۔ لیکن میری حرص و ہوا کم نہ ہوئی اور قیل وقال سے طبیعت افسردہ ہوگئی۔ علم ظاہر نے مجھ کر رنج والم دیئے اور پھر مرید نے شیخ

سے یہ کہا کہ ای شیخ زمان مجھ کو علم وحدت کی تعلیم دے تا کہ مجھے اسرار سے آگاہی ہو۔ شیخ نے جواب دیا کہ انسان اگر دنیا میں با ادب ہے تو اس کو دنیا کی تمام چیزیں حاصل ہیں اور اسی کے ذریعہ سے وہ خدا کا دیدار بھی حاصل کر سکتا ہے۔ اس بات کو مولانا روم نے بھی اپنی ایک مثنوی میں شرح و بسط سے بیان کیا ہے۔ بیغم نے اس حکایت میں نہ صرف مولانا کے فلسفیانہ نظریات کو اشعار میں بیان کیا ہے بلکہ مولانا کی مثنوی کے مصرع پر ایک مصرع اپنا لگایا ہے جس سے ان کی بات میں اور زیادہ زور پیدا ہو گیا ہے۔ اور اشعار کی زینت میں بھی اضافہ ہوا ہے اور بعض جگہ پورا شعر نقل کیا ہے:

منکر ماکیست بیغم بی ادب — بی ادب را نیست حاصل جز تعب
بی ادب را نیست دیدار خدا — بی ادب غافل ز اسرار خدا
بی ادب را آتشی اندر دل است — بی ادب را در جهان این حاصل است
بی ادب محروم مانداز فضل رب — بی ادب باشد همیشه در تعب
بی ادب تعظیم خواهد از خدا — بی ادب باشد همیشه در تعب

(رومی)

بی ادب تعظیم خواهد از خدا — بی ادب را سر نورد زیر پا
وه چه خوش فرمود مولانای روم — وزبحق آن بی ادب نخل زقوم
بی ادب تنها نه خود داشت بر — بلکه آتش در همه آفاق زد[۲۰۶]

بیغم اپنے لڑکے کو مراتب ستہ کے بارے میں بتاتے ہیں کہتے ہیں کہ ای پسر اولین رتبہ وحدت کا ہے جس کی حقیقت دیدہ ور ہی جانتا ہے۔ اس کی ذات کا ظہور ہر ذرہ میں ہے۔ اور اس کی مثال قرآن کریم کی آیت کو شعر کے درمیان میں بیان کرتے ہیں۔ "لم یکن معہ شئ" اور یہ ہی اہل دید کے نزدیک رتبہ ثانی ہے اور اہل کمال کے لیے رتبہ سوم عالم ارواح ہے۔ اسی طرح انہوں نے چہارم، پنجم، ششم مراتب کے بارے میں کہا ہے کہ وہ اہل دین، اہل شہود اور فرخندہ حال لوگوں پر ہی آشکارا ہے۔ غرض تمام جملہ مراتب اسی کی ذات سے وابستہ ہیں۔ اور دونوں عالم اسی کی پی اسبات ہیں۔ ان مراتب ستہ کو بیغم اشعار میں اس

طرح بیان کرتے ہیں:

در بیان مراتب ستّہ

از مراتب سته میگویم سخن　تاشود مکتوب اسرار کهن
رتبه اولین وحدت ای پسر　کان حقیقی هست پیش دیده ور
جز ظهور ذات آنجا هیچ نیست　فهم کن حرفم که اینجا هیچ نیست
خود ظهور ذات او باشد بذات　نیست اینجا غیردانش از صفات
متقی آمد همه اشیاء درآن　لم یکن معه شی شدبیان
بعدازان شد عالم معنی پدید　رتبه ثانی هست پیش اهل دید
رتبه سیوم براهل کمال　عالم ارواح دان ای خوش مقال
رتبه چارم مثال است ایخوان　وصف و اکنون همی سازم بیان
رتبه پنجم برم ای هوشیار　عالم اجسام آمددر شمار
هست ترکیبات رادروی ظهور　کان کشیفه باشدای اهل ظهور
هست این رتبه براهل شهود　عالم حسن وشهادت در وجود
این مراتب اولین و آخرین　رتبه ها دار ندپیش اهل دین
رتبه آخر به از اول بود　تاکمالات ظهور اکمل بود
مرتبه ششم آمد اکنون گفتی　زودمی یا بد مرا دو منقنی
هست این مرتبه براهل کمال　جامع هر هیچ ای فرخنده قال
آن حقیقت هست انسان بدان　که شود خورشید و کاهی آسمان
جامع جمله مراتب ذات اوست　هر دو عالم در پی اثبات اوست
هیچ وصفی نیست ز اوصاف خدا　کان نشد در ذات انسان برملا ۳۰۷؎

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی صفات کو نظم میں کمال خوبی سے بیان کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ ساتھ وہ اپنے پیرومرشد ملا شاہ بدخشی کے ارشادات کو بیان کرتے ہیں اور اپنے پیرو

مرشد اور مولانا رومی کا ذکر عقیدت و محبت سے کرتے ہیں علاوہ ازیں ان دونوں کے خیالات کی پیروی بھی کی ہے۔

هم سمیع و هم علیم و هم بصیر　　هم مرید و هم کلیم و هم قدیر
وصف هفتم حی لایموت　　تو بود شایسته حمدونعوت
واه چه خوش فرمود ملا شاه من　　شاه من عارف من آگاه من
مولوی هم گفته اندر مثنوی　　شاه بیت رنگریز معنوی[۳۰۷]

بعنوان "در بیان حقیقت دہر" کے عنوان سے روز و شب ہفتہ و ماہ و سال کی گردش کو اس طرح بیان کرتے ہیں:

روز و شب هرهفته کثرت بود　　هفته خود این جمله را وحدت بود
ماه شد و حدت این هفته ها　　هفته ها درمه بکثرت رفته ها
سال آمد وحدت این ماه ها　　ماه ها درسال برده راه ها
قرن هارا وحدت این سالها　　کثرت این سالها درسا لها
قرن هارا وحدت آمد دهرما　　دهر ما سر مد بود این بهر ما[۳۰۹]

لالہ شیورام داس حیاؔ

لالہ شیورام داس نام، حیاؔ تخلص کایستھ قوم کے معزز خاندان میں پیدا ہوئے۔ کسی معاصر یا متاخر تذکروں میں حیا کی تاریخ پیدائش کے بارے میں کوئی واضح اشارہ نہیں ملتا ہے۔ اور نہ ہی حیاؔ نے اپنے کلام میں کہیں اس طرف اشارہ کیا ہے کہ وہ کب پیدا ہوئے۔ ان کے حالات زندگی تلاش و جستجو کے بعد جس قدر فراہم ہو سکے ہیں اس کی تفصیل اس طرح ہے۔

حیاؔ رائے بھگتی مل کے دوسرے بیٹے تھے۔ عالمگیر اورنگ زیب کے وزیر اعظم اسد خان کے دربار سے وابستہ اور اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔ اسی مناسبت سے ان کو اسد خانی کہا جاتا ہے۔ تذکرہ نگاروں نے انہیں رائے بھگتی مل یا بھگوتی مل اسد خانی لکھا ہے۔ جیسا کہ مختلف تذکرہ نگاروں کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے۔ خوشگو حیا کے بارے میں لکھتے ہیں:

"پسر دویم رای بهگوتی مل اسد خانی که مرد عمده متصدیان بی نظیر و معتبر روزگار بوده۔" ۳۱۰

مقالات الشعراء کے مولف کا بھی تقریباً یہی بیان ہے:

"خلف رائی بهوکن کایستھ دیوان اسد خانی و برادر بزرگ راجه دیامل امتیاز مذکوراست۔" ۳۱۱

تذکرہ گل رعنا میں شفیق رقم طراز ہیں:

"حیا لاله سیو رام اکبر آبادی پسر دوم بهوکنی مل اسد خانی است که متصدیان عمده اسد خانی وزیراعظم سلطان اورنگ زیب عالمگیر بود۔" ۳۱۲

صحف ابراہیم میں نواب علی ابراہیم خان کہتے ہیں:

"اسمش شیورام داس قوم کایت پدرش از سلکان
نواب اسد خان وزیراعظم حضرت عالمگیر بود۔" ۳۱۳

مولف سفینہ ہندی کی بھی یہی رائے ہے:

"رائے بھوگنی کایست دیوان نواب اسد اللہ خان و
برادر بزرگ راجہ دیامل امتیاز مذکوراست۔" ۳۱۴

نتائج الافکار کے مولف تحریر کرتے ہیں:

"نکتہ شناس لالہ شیورام داس کہ حیاؔ تخلص می کند
اصلش از اکبر آباد است۔ پدرش لالہ بھگوتی مل در
متصدیان عمدہ سرکار اسد خان وزیراعظم عالمگیر
پادشاہ انتظام داشت۔" ۳۱۵

صبح گلشن کے مولف لکھتے ہیں:

"لالہ شیو رام اکبرآبادی قوم کایتھہ بود۔ پدرش
بھگوتی مل از متصدیان نواب اسد خان وزیرعالمگیر
بادشاہ گوئی بلند پائگی سیر بود۔" ۳۱۶

تمام تذکرہ نگار اس بات پر متفق نظر آتے ہیں کہ حیاؔ اکبرآبادی قوم کے کایستھ تھے اور عالمگیر کے وزیراعظم اسد خان کے یہاں اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔ اسی مناسبت سے انہیں اسد خانی کہا گیا ہے۔

لالہ شیورام حیا فارسی زبان و ادب کے دلدادہ تھے۔ ان کا شمار اپنے زمانے کے قابل اور سنجیدہ شاعروں میں ہوتا تھا۔ بچپن سے ہی ان کا رجحان علم و ادب کی طرف مائل تھا۔ عمدہ شعری ذوق رکھتے تھے۔ شروع میں نشاط تخلص کرتے تھے۔ لیکن بعد میں میرزا عبدالقادر بیدل کے شاگردوں میں شامل ہوگئے۔ ان سے اصلاح لینے لگے تو ان کی شاعری میں جلا آئی اور ان کا کلام فارسی کے بڑے شعراء کے ہم پلہ ہوگیا۔ حیا نے بیدل کی صحبت میں ہی رہ کر اپنا تخلص نشاط سے حیا اختیار کیا۔ شیورام حیا کا شمار اپنے زمانے کے بڑے شاعروں میں

ہونے لگا۔ ان کی اعلیٰ سوسائٹی میں ایک خاص حیثیت تھی اس کی وجہ ان کا سنجیدہ مزاج، اعلیٰ شعری ذوق، سخن فہمی اور حسن خلق تھا۔ تذکرہ نگاروں نے ان ہی خصوصیات کو مختلف انداز میں اس طرح بیان کیا ہے۔

مشہور و معروف تذکرہ نگار خوشگو کا بیان ہے:

"...... طبع موزوں داشته، نشاط تخلص می کرد. اما شعرش به فقیر ز رسیده از قوم کایستھ تعلقداشت بسیار به قابلیت موصوف و سنجیده و فهمیده به حسن خلق آراسته بود. و خدمات عمده سر انجام می دادوبه حسن همچشمان به عزت می زیست. طبعی بس بلند و سلیقه درست داشت. بسیار غنیمت بود. در خدمت مرزا بیدلؔ صاحب مشق گذراینده و تخلص یافته و به زبان ایشان حرف می زند."۳۱۷

ہمیشہ بہار کے مولف لکھتے ہیں:

"شیورام حیاؔ از شاگردان میرزا بیدل صاحب است و مشق شعر درست دارد۔"۳۱۸

مقالات الشعراء کے مولف رقم طراز ہیں:

"حیا شاگرد عبدالقادر بیدل است. طبع عالی و استعدادی کامل داشت۔"۳۱۹

شفیق اپنے تذکرہ گل رعنا میں لکھتے ہیں:

"صاحب ذهن رسا و طبع بلند بود. درهم چشمان معزز و مکرم می زیست و اصلاح سخن از جناب میرزا بیدل می گرفت." ۳۲۰

مخزن الغرائب کے مولف کا بیان ہے:

"وی پسر رای بھوگی مل اسد خانی واز شاگرد میرزا
بیدل است."^۳۲۱^

سفینہ ہندی کے مطالعے سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے:

"در نظم و نثر دست گاھی داشت۔ صاحب جاہ و
ثروت بودہ شاگرد میرزا عبدالقادر بیدل است......"^۳۲۲^

مولف نتائج الافکار رقمطراز ہیں:

"بالجملہ حیا صاحب طبع سلیم و فکر مستقیم بودہ و
در مراتبت نظم از قرن گوی سبقت ربودہ مشق سخن بہ
خدمت میرزا بیدل می گذرانید۔" ^۳۲۳^

تذکرہ صبح گلشن میں لکھا ہے:

"مشق شعر و سخن از میرزا بیدل صاحب است و
مشق شعر درست دارد۔" ^۳۲۴^

مذکورہ تذکرہ نگاروں کے بیانات سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ حیاؔ عبدالقادر بیدل کے شاگرد تھے۔ انہیں کی فیض صحبت نے ان کی شاعری کو جلابخشی جس کا اقرار وہ خود اپنے اس شعر سے کرتے ہیں:

تاسواد چشم من روشن شود از نور حیاؔ
صفحہ نقش قدم تعلیم استاد منست^۳۲۵^

حیاؔ نہ صرف شاعری میں بلند طبع تھے بلکہ نثر میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ اپنی علمی استعداد کی وجہ سے ان کی نثر میں ایک طرح کی متانت و لطافت وسنجیدگی کا عنصر شامل ہے انہوں نے اپنے استاد کی کتاب چہار عنصر کی پیروی میں ایک کتاب "گلگشت بہار ارم" لکھی۔ اس کتاب میں سیر برج جو متھرا اور بندرابن کے نواحی علاقے میں ہے اور ہندوؤں کے مشہور اوتار کرشن جی کی جائے پیدائش ہے کی خصوصیات اور احوال وکوائف بیان کئے ہیں۔ یہ کتاب فارسی نثر کی ایک عمدہ اور بہترین کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ خوشگو بھی اس

کتاب کے مطالعے سے محظوظ ہوئے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

"نثری دارد بطرز چهار عنصر مرزای مغفور مسمیٰ به گلگشت بهارارم دربیان کیفیت سیر برج که نواح متهرا و بندرابن باشد و تفصیل خصوصیات آن جادر مشرب هنود مولد و ماوی کرشن اوتار که مظهرا سم صفات نامتناهی است۔ قراردارند۔ فقیر از مطالعه آن خیلی محظوظ شدم۔"۳۲۶ے

تذکرہ گل رعنا میں شفیق کا بیان ہے:

"نثری دارد بطور نثر 'چهار عنصر' میرزا ئی مذکور مسمی به 'گلگشت بهارارم' دربیان کیفیت برج که عبارت از نواحی متهرا و بندرابن است۔"۳۲۷ے

مولف صحف ابراہیم رقم طراز ہیں:

"بتقلید طرز استاد نثری موسوم به گلگشت ارم در بیان متهرا و بندرابن نوشته۔" ۳۲۸ے

حیا اکبرآباد میں ۱۱۴۴ھ میں اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ اس وقت ان کی عمر چالیس بیالیس سال کی ہوگی۔ مختلف تذکرہ نگاروں کے بیان سے حیا کی تاریخ وفات صحیح و مستند مانی جاتی ہے۔

خوشگو لکھتے ہیں:

"...... دراکبرآباد بسال هزار و صد و چهل و چهار به اجل طبعی در عمر چهل و چند سالگی دامن برین خاکدان افشاند۔"۳۲۹ے

تذکرہ گل رعنا میں شفیق تاریخ وفات اس طرح لکھتے ہیں:

"در سنه اربع واربعین و مایته الف جامه

گذاشته۔"۳۳۰

نتائج الافکار کے مولف نے بھی یہی تاریخ وفات لکھا ہے:

"آخر الامر در عمر چهل و چند سالگی در اکبر آباد ۱۱٤٤ھ اربع و اربعین ومائته والف در گذشت۔" ۳۳۱

صبح گلشن کے مولف حیا کی تاریخ وفات کے بارے میں رقم طراز ہیں:

"در سنه اربع واربعین ومایته الف جامه گذاشته۔"۳۳۲

خوشگو جو خود بھی شاعر تھے ان کی شاعری کی محفلوں میں شعراء کی ایک بڑی تعداد موجود رہتی تھی۔ حیا کی شاعری کے وہ بھی مداح تھے۔ حیا سے اپنی ملاقات کا ذکر وہ ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

"وقتی که فقیر خوشگو به ویرانۂ خود مجمع شعراء وضیافت آنها مقرر کرده بود۔ رقعه به مهر خان صاحب آرزو بدست آورده به طلب ایشان رفتم۔ اول وضع درویشی فقیر استغنا کرد بعد از انکه رقعه خوانده احوال پرس گردید۔ چون پدر فقیر با پدرایشان در لشکر عالمگیری بسیارارتباط داشته از خود نشان دادم برخاست ویغلگیر شده سلوکها بجا آورد و گفت اول از اشعار خود ضیافت طبع می نمائید بعد از ان حرف ضیافت درمیان آید۔" ۳۳۳

مذکورہ بالا بیان سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ دونوں میں کس درجہ محبت تھی۔ حیا بہت بلند افکار، برجستہ گو کلام شاعر تھے۔ جب خوشگو نے ان کی محفل میں اپنی اصلاح شدہ تازہ غزل پڑھی تو انہوں نے اصلاح کی۔ وہ غزل معنی یاب خان اور دوسرے صاحب علم او ربڑے لوگوں کے سامنے سنائی۔ سب نے اس کی ستائش کی اور چونکہ کلام تازہ تھا لہٰذا حسن

مطلع اور مقطع سے لوگ محظوظ ہوئے۔ چنانچہ تین بیت لکھے:

"همان روز غزلی گفته به نظر استاد گذراینده بشرف صادر رسانیده بود و پیش معنی یاب خان شاعر و دیگر بزرگان این فن خوانده بودم و همه جا قبول یافته بود. چون تازه بود بر خواندم از حسن مطلع و مقطع خیلی محظوظ شده گرفت چنانچه سه بیت قلمی می گردد۔"[۳۳۴]

مذکورغزل کے تین شعر ملاحظہ ہو:

کجا بانرگسی پهلو زند چشم سخن گویش — هلالی خط به بینی می کشد درپیش ابرویش

برای صحبت خوبان سکندر طالعی باید — مگر آئینه بنشیند دمی زانو بزانویش

مگر ذوق سخندانی بیاداو دهد نامم — تو ای قاصد بتقریبی بخوان مقطع زخوشگویش

خوشگو لکھتا ہے کہ "حیا" نے مطلع میں مداخلت کی اور کہا کہ عبارت برعکس باندھی گئی ہے۔ شعر الٹا کہا گیا ہے اور اس صورت میں "پہلو زند چشم" کہنا گویا نرگسی چشم کی ہجو ہے نہ کہ تعریف جس سے شاعر کی مراد ہے۔ میں نے (خوشگو) سنا اور خاموش ہوگیا۔ دوسرے روز انہوں نے اپنے استاد سے اصلاح میں لاپرواہی کا گلا کیا۔ انہوں نے فرمایا اگر چہ ہم کجا کے معنی ہر کجا فرض کرلیں کہ جو قدماء کا عام قاعدہ ہے لیکن یہ صریحاً سینہ زوری ہے۔ درست وہ ہے کہ جو حیا کہتے ہیں اور وہ بشریت کے تقاضے سے میری نظر میں نہیں آیا۔ خوشگو لکھتا ہے کہ میں نے اس کو اس طرح درست کیا:

"فقیر آن را چنین درست کردم ع

زند کی نرگسی پهلو به چشمان سخن گویش"[۳۳۵]

حیا شاعری کے دلدادہ تھے۔ ہم عصر شعراء کی محفلوں میں اپنا کلام سناتے اور دوسرے شعراء کی اصلاح بھی کرتے چونکہ وہ میرزا عبدالقادر بیدل کے شاگرد تھے اس لیے ان کے طرز خیال کو مقبولیت حاصل ہوئی۔ ان کی شاعری میں فن کی گہرائی پائی جاتی ہے۔ حیا

کی شاعری غزل کی شاعری ہے کلام میں سادگی اور روانی ہے۔ سوز و گداز، کیف و سرمستی اور سیدھے سادے عاشقانہ جذبات کی ترجمانی ہے۔ صنعتوں کی نشست و برخاست کلام کے رنگ کو دوبالا کردیتی ہے۔

حیا نے فارسی زبان میں غزلیات و قصائد و رباعیات پر مشتمل دیوان یادگار چھوڑا ہے۔ جس کا ایک نسخہ رام پور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔ تذکرہ نگاروں نے بھی حیا کے منتخب و پسندیدہ اشعار کو اپنے تذکروں میں جگہ دی ہے۔ ان اشعار کی روشنی میں ہم ان کے شاعرانہ وصف و کمال سے بحث کرتے ہیں۔

حیا کی شاعرانہ خوبیوں سے متاثر ہو کر متعدد تذکرہ نگاروں نے ان کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے۔

ہمیشہ بہار کے مولف رقم طراز ہیں:

"مشق شعر درست داشت و دیوانی نیز ترتیب داد۔"[۳۳۶]

مقالات الشعراء کے مولف لکھتے ہیں:

"شعرش از انشاء دلچسپ و رنگین ترو نثر از نظم خوش نما دل نشین تراست باوصف علم و قابلیت جاه و ثروت نیز بوده. دیوانش که قریب چهار هزار بیت خواهد بود۔"[۳۳۷]

تذکرہ گلِ رعنا میں شفیق کا بیان ہے:

"اشعار خوب بسیار گفته و بالای اشعار خود الحیاء من الایمان می نوشت۔"[۳۳۸]

سفینۂ ہندی کے مولف رقم طراز ہیں:

"در نظم و نثر دست گاهی داشت. صاحب جاه و ثروت بود ...... دیوانش چهار هزار بیت خواهد بود۔"[۳۳۹]

نتائج الافکار کے مولف لکھتے ہیں:

"حیا صاحب طبع سلیم و فکر مستقیم بود۔ در مراقبت نظم از قرن گوی سبقت ربوده۔ مشق سخن میرزا بیدل میگذرانید۔" ۳۴۰

تذکرہ صبح گلشن کے خیال میں:

"حیاؔ بحسن خلق و مروت و همت و علم و حیا و رنگینی مزاج و موزونی طبع متصف بود۔ و مشق شعرو سخن از میرزا عبدالقادر بیدل می خود۔" ۳۴۱

حیاؔ نے بھی اپنے ہم عصر شعراء کی شاعری کی روایت کو برقرار رکھا۔ کلام میں سادگی اور روانی ہے۔ خیال کی پرواز اور قوت فکر کے ساتھ کلام میں عشق و سرمستی کے جذبات و معاملات کمال خوبی سے بیان کرتے ہیں۔ ان کی طبیعت میں شگفتگی و رعنائی و سرمستی ہے:

بیاد چشم تو داریم می پرستیها
رسانده ایم بگردون دماغ مستیها ۳۴۲

عشق میں ناکامی و نامرادی کے بعد کہتے ہیں کہ ان کے عشق کا مداوا ممکن نہیں ہے وہ معشوق کی کج ادائیوں سے مایوس ہو کر اپنی بدبختی، تیرہ روزی اور غم زدہ جذبات و احساسات کو شعر کی زبان میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

کجا علاج یذیر است تیره روزی عاشق
چو داغ لاله گلیمش زخون سیاه برآید ۳۴۳

لیکن دوسری جگہ کہتے ہیں:

دل اگر سخت است نرمش از گدازعشق کن
زنیهار ای بی خبر کین سنگ مینلکردنی است ۳۴۴

حیا کی شاعری عشقیہ جذبات اور جوش و ولولہ سے پر ہے۔ وہ اپنے جذبات کا برملا اظہار شعر کی زبان میں کر دیتے ہیں۔ محبوب کی کج ادائیوں اور بے رخی کے باوجود وہ اس

کے دلدادہ ہیں۔ اس کے دیئے ہوئے زخموں کو نعمت اور اس کی دید سے فرحت محسوس کرتے ہیں:

ای چشم تو سرمۂ نظرها — لعلت یا قوتی جگرها
در سایه داغ تست سرها — پروردۂ نعمت جگر ها
رفتی وبه سوئی من نه دیدی — چشم از تو نبود این قدرها
خوش آمدی از کجا بپرسم — ای باد صبا بگو خبرها
آئین سبو کشی برافتاد — آتش بدکان شیشه گرها [۳۲۵]

دوسری جگہ وہ محبوب کے پیکر اور اس کے جلوہ کی تعریف کرتے ہیں۔ محبوب کے فراق میں اپنے جذبات کو ضبط تحریر میں لانے سے قاصر نظر آتے ہیں۔ ان کی کیفیت بسمل کی سی نظر آتی ہے:

از فیض بهاراست چمن پیکر طاؤس — بلبل عجبی نیست برآرد پر طاؤس
از جلوه گهت بال فشان است غباری — آب غرق شرم گذشت از سر طاؤس
نیرنگ فراق توز تحریر برون بود — پیچیده سپردیم بقاصد پر طاؤس
از نشه معنی چه خبر بوالهوسان را — یکقطرۂ می نیست بصد ساغر طاؤس
کیفیت بسمل گهه آنجلوه چه پرسی — طاؤس فتاده است حیا برسر طاؤس [۳۲۶]

حیا کہتے ہیں کہ محبوب کے تغافل کا جو غم ہے وہ دل کو اور سو سال پیچھے لے جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ جب محبوب کی نگاہوں سے نگاہیں ملیں تو میں خود نہیں بتا سکتا کہ اس کی آنکھوں میں کیا بے کسی کیا عذر ظاہر ہوتا ہے:

غم تغافل صد ساله می برد دل مارا
حیا نگاه زچشمش چه عذر خواه برآید [۳۲۷]

محبوب کی کمر اور ابرو کو کس دلفریبی سے بیان کرتے ہیں:

نگاه من براه انتظار کیست حیرانم — که چشم من بهم چون دیدۂ روزن نمی آید
بوصف آن کمر چون موی آتش دیده در تلم — دلم خون کرد مضمونی که در بستن نمی آید

زند از می نه حرفی نی نگه نی جنبش ابرو هنوزش ازحیا آئین دل برون نمی آید۳۴۸

حیا نے بھی متقدمین شعراء کی طرح غزل میں زیادہ تر عشق و عاشقی کے جذبات کے علاوہ شراب، دنیا کی بے ثباتی، وحدۃ الوجود، فلک کی کج ادائی، واعظوں زاہدوں کی پردہ دری کے ضمن میں اشعار کہے ہیں۔ ان کی کلام میں جابجا شراب ومی کی رندانہ مضامین آزادی اور جوش کے ساتھ نظر آتے ہیں۔شراب کے بارے میں کہتے ہیں کہ ساقی کے دن بدن بڑھتے ہوئے حسن میں ایک نئی چمک اور روشنی ہے۔اس میخانہ میں جمعہ کی شب ساقی کا رنگ ہی انوکھا ہوتا ہے:

حسن روز افزون ساقی را فروغی دیگر است
هست در میخانه ام رنگی شب آدینه را ۳۴۹

وہ وحدۃ الوجود کے قائل ہے۔انسان چاہے بت خانے میں جائے یا حرم میں اس کا مقصد ذات خداوندی کی قربت ہے۔وہ اپنی مراد صرف اسی وجود سے پوری کراتا ہے:

می برد دیر و حرم از تو دل دیوانه را
طرح صحبت باد و شمع افتاد یك پروانه را۳۵۰

دنیا ایک سرائے ہے لیکن انسان کی ہوس دنیا کی رنگینیوں کو دیکھ کر دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔اسے یہ نہیں معلوم کہ اس کا حاصل دنیا سے ایک نہ ایک دن رخصتی ہے:

جز درد داغ حاصل انسان چه بوده است
در خاك و خون نشاند فلك این نهال را۳۵۱

پھر کہتے ہیں:

علاج درد سر عدم رانکرده جام شراب هستی
کسی در انجمن ندیدم شکسته باشد خمار خودرا۳۵۲

جس طرح پرانی شراب سے نشہ دوبالا ہوجاتا ہے اسی طرح انسان بھی دنیا کے لالچ میں دن بدن اپنی ہوس کو ہوا دے رہا ہے۔یعنی اس کی خواہشات میں ہر لمحہ ترقی ہورہی ہے:

حرص دنیا می شود در موسم پیری فزون

نشه می گردد دو بالا بادۂ پارینه را۳۵۳؎

می شوی ایمن چو از دل حرص دنیا می رود
تا سبو خالی بود بر روئی دریا می رود۳۵۴؎

حیا اپنے اعمال دنیا پر شرمندہ ہیں۔ کہتے ہیں:

در جهان شرمنده دارد یاد اعمال خودم
می کنم امروز کاری را که فردا کردنی است۳۵۵؎

کہیں کہیں وہ اپنے کلام پر بھی ناز کرتے ہوئے نظر آتے ہیں:

هر آه و ناله من موزونی حیا داشت
دیدیم این غزل را هر بیتش انتخاب است۳۵۶؎

بیا بناز و مترس از زبان بد گویان
حدیث لطف تو بامن که اعتبار کند ۳۵۷؎

حیا کو اپنی شاعری پر فخر ہے۔ کہتے ہیں کہ میرا شہرہ ہندوستان سے باہر عراق اور عرب تک ہے:

عاقبت شهره اشعار حیا
از عراق و عربی می گذرد۳۵۸؎

حیا اپنے عہد کے عارفوں اور زاہدوں پر طنز کرتے ہیں:

دانه در دانه تسبیح تو در دام بلاست
زاهد از ساده دلی لاف توکل دارد ۳۵۹؎

پشیمان عاقبت زاهد باین دستار می گردد
بروز حشر سر برداشتن دشوار می گردد۳۶۰؎

فارسی شاعری میں شعراء نے عام طور پر دنیا میں ہونے والے ظلم وستم اور ناانصافی کے لئے فلک کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ حیا بھی گردش روزگار کو چرخ کی ہی حیلہ سازی مانتے ہیں:

چرخ ناتوان گفت از احوال کس آگاه نیست
خویش را از حیله سازی کرده این مکار گر ۳۶۱؎

دوسری جگہ کہتے ہیں:

تنگ چشنمانست یکسر در بساط چرخ و بس
دانه چون اختر نریزدرخنه غربال او ۳۶۲؎

وہ لوگوں کو نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ جو لوگ غریبوں مسکینوں کی صدا پر اپنے کانوں کو بند رکھتے ہیں ان کی امید کے گلشن میں کبھی بہار نہیں آئے گی:

آن شخص که گوش خود از آواز گدابست
در گلشن امید ره باد صبا بست ۳۶۳؎

دنیا سے بے تعلقی میری آگاہی کا سبب بن گئی ہے۔ اگرچہ میری آنکھیں بند ہیں لیکن میرا دل روشن ہوگیا ہے:

غفلت ز جهان باعث آگاهی من شد
واگشت بزدیم دردل چون مژه هابست ۳۶۴؎

حیا اپنی پریشانی اور مصروفیات کو بیان کرتے ہیں کہ ان کے شب و روز کس طرح گردش دوران میں بسر ہوئے اور سکون نصیب نہیں ہوا۔ وہ خدا سے دعا کرتے ہیں کہ ان کا دل اس طرح دنیا کی چیزوں کو چھوڑ کر اس طرف لگ جائے کہ وہ سوائے خدا تعالیٰ کے کسی اور طرف نہ دیکھے:

رفت عمر ویك نظر فرصت نصیب دل نشد — روزها آمد بسر در غفلت وشبها بخواب
کاش دلها اینقدر ها باخدا بنددکسی — غیر از منعم نه بیند چیز دیگر را بخواب ۳۶۵؎

وہ قدماء کی طرز پر بے ثباتی عالم اور آسمان کی کج ادائیوں پر شکوہ کرتے ہیں:

در گور بعد مردنش آید مگر به کار — منعم بریز خاك نهان کرده مال را
نبودزآه سوختگان بردلی اثر — خط پائدار نیست بکاغذ زگال را
جز درد وداغ حاصل انسان چه بوده است — در خاك و خون نشاند فلك این نهال را

در شهد چون فتاد مگس حالتش مپرس　　　بر لعل یار قافیه تنگ است خال را۳۶۶؎

حیا نے چھوٹی چھوٹی بحر میں بھی غزلیں کہی ہیں۔ مشکل مضامین کو سادہ اور عام فہم الفاظ میں بھی بیان کیا ہے۔ وہ تصوف و معرفت کے مضامین کیف و سرور کے ساتھ نظم کرتے ہیں۔ ان کے خیالات پاکیزہ اور زبان سادہ ہے:

وحدۃ الوجود کے وہ قائل ہیں۔ خدا کا جلوہ انہیں ہر زرہ میں نظر آتا ہے:

اگر برق تجلی رونماید　　　همان یك جلوه از هر سو نماید
بچشم می پرستان بر لب جو　　　صراحی سبزه خودرونماید
چنان شد سر نوشت شمع روشن　　　که در آئینه زانو نماید
زسیلاب سر شکم حالت دل　　　سواد دیده آهو نماید
زسیلاب سر شکم حالت دل　　　چو عکس گل ز آب جو نماید
بزم وارستگان را حلقه بزم　　　کمند وحدت زانو نماید۳۶۷؎

حیا نے شاعری میں نہ صرف غزلیات پر طبع آزمائی کی ہے بلکہ رباعیات میں بھی مختلف موضوعات پر قلم اٹھایا ہے۔

دہلی ان کی نظر میں رنگا رنگ پھولوں سے پر گلشن ہے۔ اور یہاں کے خار بھی گلوں سے کم نہیں ہے۔ ان کی تعریف و توصیف میں کہتے ہیں:

دهلی که بهر گوشه او گلذاراست　　　در توصیفش زبان من طوما راست
تعریف گلشن که میتواند کردن　　　دامنگیر است اگر در اینجا خاراست۳۶۸؎

زندگی کا ہر باب ایک تاریخ ہے۔ لوگوں کی یادیں مرنے کے بعد بھی تاریخ کا ایک حصہ بن جاتی ہیں۔ تاریخ کی اہمیت کو حیا نے کس قدر دلکش انداز میں رباعی میں پیش کیا ہے۔ ذرا ملاحظہ فرمائیں:

دیدم بسیار فصل وباب تاریخ　　　کردم بتامل انتخاب تاریخ
یادی از مردهای صدساله دهد　　　فرستانیست هر کتاب تاریخ ۳۶۹؎

گنگا جمنا کے پانی اور اس کی موجوں کے بارے میں حیا اپنی اس رباعی میں کہتے

ہیں کہ:

آب گنگا دوری دود هر دل موجش ناخن بعقده های مشکل
با اینهمه حقر حلقه گردابش از غریق بحر غفلت ساحل

جمنا که عیاں است صفا آرایش کیفیت تازه ایست و مهتابش
موجش سر رشته که می تابد قلاب آب است حلقه گردابش ۳۷۰؎

بقول حیا دنیا کا کوئی کام اللہ تعالیٰ کی مرضی کے بغیر پورا نہیں ہوتا۔ ہر زرہ میں اسی کی ذات چھپی ہوئی ہے۔ اس کا فیض و کرم ہر کام کی کلید ہے:

ایذات همه صفات تو مظهر فیض هر صیغه فعل و حرف تو مصدر فیض
از بهر گشاد کار مردم دادند از جامه بدست توکلید در فیض ۳۷۱؎

حیا کی شاعری میں جہاں ایک طرف علم و عرفان کا پرتو نظر آتا ہے وہیں دوسری طرف ان کے بعض اشعار میں دنیاوی عیش و عشرت اور بادہ و جام کی جھلک بھی نظر آتی ہے۔ انہوں نے اگر شراب سے توبہ کی ہے تو اس شرط پر کہ ماہ تاب جلوہ گر نہ ہو:

ابراگر باشد و شراب نباشد بدترازین در جهان عذاب نباشد
توبه زمی کرده ام به گفته ناصح لیك بشرطی که ماه تاب نباشد ۳۷۲؎

دوسری جگہ کہتے ہیں:

جوش گلست و سازو صهبا رسیده است ساقی چو شیشه در بغل مارسیده است
یك زخم تیغ در تن من همچو موج آب هر جا رسیده در هه اعضاء رسیده است ۳۷۳؎

حیا نے خان راسخ بہادر کے عمارت تعمیر کرنے پر ایک قصیدہ لکھا جس میں انہوں نے ان کی ہمت و بہادری اور ان کے رفاہ عام کے کاموں کی تعریف و توصیف کی ہے۔ ان کے اس قصیدے کے اشعار سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے جب خاص و عام کے فائدے کے لئے عمارتیں تعمیر کیں تو اس میں انہوں نے اس کی تاریخ بنا ۱۱۴۲ھ لکھی ہے:

خان راسخ بهادر و فیاض کرد طرح عمارت حمام

همت عالیش تقاضا کرد | که شوِد منتفع چه خاص و عام
وقف برآشنا و بیگانه | گفت حمام فیض عام دوام ۱۱۴۲ ۳۷۴ے

حیاؔ نے ایک اور قصیدہ نواب دلاور جنگ کی مدح میں لکھا ہے۔ جس میں انہوں نے ان کی شجاعت، دلیری اور بلند اقبالی کی تعریف کی ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ ان کی شمشیر کی آب و تاب کی تعریف کرتے ہیں:

دلاور جنگ نواب فلك قدر | امیران دگر اختر توی بدر
شجاعت از جبین تو نمایان | برنگ و پر تو خورشید تابان
چۂ شمشیر آبروی آتش برق | چه موج خون بخون دشمنان غرق
سخن در وصف او شد معذرت خواه | تکلف بر طرف هم قصه کوتاه
گرامی تیغ نواب جوانمرد | بجوی شاه آب رفته آورد ۳۷۵ے

حیاؔ کے کلام میں ایک خاص قسم کی خوشگواری پائی جاتی ہے۔ ان کا کلام دل کشی اور تاثیر کا مرقع ہے۔ مضامین ایسے ہیں جو مدتوں سے بندھتے آئے ہیں اور جن میں کوئی دلفریبی نہیں ہوتی۔ حیاؔ نے جدت ادا سے ان کو نہایت دلآویز اور لطیف کر دیا ہے۔ کلام میں جو جذبات اور خیالات ہیں وہ خود ان کے واردات و حالات ہیں۔ اس لیے وہ ان کو جوش کے ساتھ بیان کرتے ہیں کہ پڑھنے والے مسحور ہو جاتے ہیں۔

لالہ امانت رائے امانت

لالہ امانت رائے امانت کا شمار بارہویں صدی ہجری کے مشہور و معروف غیر مسلم فارسی شعراء میں ہوتا ہے۔ ان کی اکثر تصنیفات مذہبیات اور تصوف سے متعلق ہیں۔ امانت نے شاعری میں عبدالقادر بیدل سے زانوئے تلمذ طے کیا تھا اور سراج الدین علی خان آرزو سے بھی ارادت و عقیدت رکھتے تھے۔ تذکرہ باغ معانی کے مولف لکھتے ہیں:

"امانت از هنود شاگرد مرزا عبدالقادر بیدل بود ، خان آرزو نوشته که دعویٰ تلمذ به فقیر نیز دارد."[۳۷۶]

امانت کا وطن لعل پور تھا۔ وہاں کے مشہور کھتری خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ جیسا کہ وہ خود سری بھاگوت گیتا میں اپنے ماجرای سرگذشت میں اپنے وطن لعل پور کی تعریف کرتے ہیں۔ وہاں کی ہر چیز ان کو عزیز ہے۔ اسی لئے وہ اس کو مثل فردوس کہتے ہیں:

زمین لعل پور مسکن من	که خاکش بود چون آئینه روشن
زهی شهری که صد فردوس جنت	بود شرمندهٔ او از لطافت
به پیرامونش از هر سونمودار	برنگ چار عنصر چار دیوار
گلستان خاك راه کو چهایش	ارم يك کوچه تنگ از فضایش
زمینش از هجوم حسن مردم	بخوبی بود چون گردون پرانجم
ببازارش متاع فیض ارزان	زجنس فیض مالا مال دکان
سرشته مردمش ز آب و گل نور	چو فردوس برین هر خانه معمور[۳۷۷]

امانت کی زندگی لعل پور میں سکون و آرام سے بسر ہو رہی تھی کہ اچانک غم روزگار اور غم دوراں نے ان کو اپنی گرفت میں لے لیا۔ اور وہ شہر بلائے ناگہانی اور آفات کی زد میں آ گیا۔ سیلاب نے اس شہر کی بنیادوں کو متزلزل کر دیا اور زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی لوگ اس

قدر پریشان خاطر اور بدحال ہوئے کہ وہاں زندگی گذارنا دشوار ہو گیا۔ امانت اس شہر کی بربادی پر اپنے دلی جذبات اور درد کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

زآشوب بلای ناگھانی — رسیدش چشم زخم آسمانی
بنای او به سیلاب فنارفت — زدست فتنه دیوارش زجارفت
زبس سیل بلا آورد طوفان — بدریا غرق شد یکسر چویونان
شد از بس کشتی اوقات پاره — همه رفتند در فکر کناره
چو موج احوال هر کس شد پریشان — بغم شستند دست از جان
همه مردم بطرفی آرمیدند — بهرجابرد سبیل غم رسیدند
بگر داب فنا خلقی در افتاد — حباب آسابسی سررفت برباد
حوادث عالمی را کر د پا مال — بطوفان کشتیم بود اندران حال ۳۷۸

امانت حالات سے پریشان ہو کر لاچاری کے عالم میں اپنے وطن کو خیر باد کہہ کر دہلی آ گئے۔ جہاں انہیں انت رام جیسے عالم فاضل استاد کی سرپرستی اور پدرانہ شفقت و محبت حاصل ہوئی اور جو زخم اس شہر کی بربادی نے ان کو دیئے تھے وہ بھی مندمل ہونے لگے۔ امانت نے اپنے دہلی آنے اور دوران قیام شفیق استاد کی مہربانی کو نظم میں اس طرح بیان کیا ہے:

مرا افتاد در دهلی گذاری — رهای یافتم زان وسطه باری
به خورشیدی غریبی سوختم من — پدرشد برسرمن سایه افگن
چونان در زیر ظل لطف جاداد — که رنج آن تپ و تابم شدازیاد
بسر بردم بخوبی روزگاری — نیامد بعد ازین بردل غباری
زهر علم و ادب تعلیم او داد — مرا او هم پدر بود ادستاد
زصاف راز حق لبریز جامش — جهان خوانده بنام انت رامش ۳۷۹

دہلی آنے کے بعد امانت نے استاد کے زیر سایہ دنیاوی اور دینوی دونوں علم حاصل کئے۔ لیکن اسی کے ساتھ ساتھ جب انہیں معاش کی فکر لاحق ہوئی تو نواب علی امجد

خان کوکہ کے ہاں منشی گیری پر مامور ہو گئے۔ نواب صاحب نے بھی ان کی قدر و منزلت کی اور ان کی علمیت کو سراہا۔ اسی بنا پر وہ تقریباً بیس سال تک ان کے یہاں ملازمت کرتے رہے۔ نواب صاحب کے احسانات، قدردانی اور ان کے فیض کرم کو امانت نے یوں شعری جامہ پہنایا ہے:

به صاحب دولتی گشتم شناسا — که قدراو زگردون است بالا
به فیض و کرمت یکتای آفاق — به احسان و کرامت درجهان طاق
شکوه اقرای نورانی و خانی — علی امجد محیط قدردانی
کنون در خدمنش از بست سالم — بباغ دولت از فیضش نهالم۳۸۰

امانت کے استاد انت رام نے ان کی دیکھ بھال بہت ہی ناز و نعم سے کی اور ہر طرح سے ان کا خیال رکھا۔ دنیا کی نعمت سے جب ان کا دل بھر گیا اور تمام دنیاوی علوم حاصل کر لئے تو ان کا رجحان علم عرفان کی طرف ہوا۔ استاد کی روحانی تربیت سے جب انہیں آگاہی حاصل ہوئی تو توحید کے کوچہ میں داخل ہو گئے۔ ان کے اشعار بھی ان کے اس رجحان طبع کی عکاسی کرتے ہیں:

به ناز و نعمتم پرورده او کرد — زهر چیز جهان بی آرز کرد
زهر نعمت دردل شد تمنا — هماندم کرد بهرمن جهیا
چگویم شکر لطف آن کرمِ کار — که افزون از قیاس ست و از احصار
حه لطف ظاهرش از حد فزون شد — بعلم باطنم هم رهنمون خویش
زدنیا و ز ما فیهما گذشتم — مقیم کوچهٔ توحید گشتم۳۸۱

امانت کی تصانیف میں منظوم ترجمہ، سری بھاگوت، منظوم ترجمہ رامائن اور ایک مثنوی نایک وغیرہ کہی جاتی ہے۔ ایک دیوان بھی ترتیب دیا تھا جیسا کہ باغ معانی کے مولف رقمطراز ہیں:

"کتب هندی مسبوط را در فارسی نظم کرده و دیوان ضخیم ترتیب داده از موزونان صاحب طبع بود۔" ۳۸۲

امانتؔ کا دیوان تو مفقود ہے لیکن تذکرہ نشترعشق، تذکرہ حسینی اور تذکرہ باغ معانی میں ان کے کچھ متفرق اشعار ملتے ہیں جو تصوف کی طرف ان کے رجحان اور ان کے میلان طبع کی عکاسی کرتے ہیں۔ نمونے کے چند اشعار نقل کئے جاتے ہیں۔

تذکرہ حسینی میں امانت کے یہ اشعار ملتے ہیں:

تاکرد از ین شهر کنها شب گیر
از ماجز بیکسی نیامد تدبیر

گوپی و گوال در ره اوست هنوز
استاده بجائی خود چوبزم تصویر

راست کیشان راغمی از انقلاب دهرنیست
در نگین حرف الف از راستی وا ژون نشد

بسکه خون در جگر از دست نگاری دارم
در دل خود چوحنا جوش بهاری دارم

درتمنائی تو ای سروردان برلب جو
همچو ساحل تهی از خویش کناری دارم

دل پرسوز خود از سینه گربیرون براندازم
درون خرمن آرام مردم اخگر اندازم[۳۸۳]

صاحب نشترعشق نے امانت کے ان اشعار کو اپنے تذکرہ میں جگہ دی:

نمی گردد بکند از خاک هم گرد مزارما
که بنشیند مبادا بردل خوبان غبار ما

خاک برسرمی کنیم از روزگار ما مپرس
گردبا دیم از عروج و اعتبار ماپرس ۳۸۴؎

تذکرہ باغ معانی میں امانت کے یہ اشعار درج ہیں:

راست باز انراغمی از انقلاب دهرنیست
در نگین حرف الف از راستی واژون نشد

نمی گرددبلند از بادهم خاک مزار ما
که بنشیند مبادا در دل خوبان غبارما

گردباد سرمه خیز د بعد مرگ از خاک ما
خاکسار گردش آن چشم جادویم ما

خاک برسرمیکنیم از روزگار ماپرس
گرد بادیم از عروج و اعتبار ماپرس ۳۸۵؎

سفینہ ہندی کے مولف نے بھی یہ ہی اشعار نقل کئے ہیں۔

امانت کی تصانیف میں سری بھاگوت کا جومنظوم ترجمہ ہماری دسترس میں ہے اس کے مطالعے سے ہم یہ بات بخوبی کہہ سکتے ہیں کہ امانت کی شاعری کی بنیاد تصوف ہے۔ ان کا رجحان وحدانیت کی طرف مائل تھا کیونکہ ان کی شاعری میں ہندوستانی تصور اور بھگتی تحریک کے اثرات کی جھلک نمایاں طور سے نظر آتی ہے انہیں تحریکات کے زیر اثر انہوں نے بھگوت گیتا کا منظوم ترجمہ بہت ہی محنت و کاوش سے کیا ہے۔ وہ اپنا دیوان بہت ہی عجلت میں ختم کرکے اس کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور جیسا کہ تذکرہ حسینی کے مولف کا بیان اس بات کی پرزور تائید کرتا ہے۔ امانت کہتے ہیں کہ:

"دیدم که درتاریکی شاد حسین دیوانه رقص می کند
دسته بسته بادب باستادم. او در عین وجد بمن آورده

گفت برو دریای لعل و گوهر و زچشمه دره ثابت خواهد جو
شد و همچنان شد که دیوان در کم پایه فرصت باتمام
رسید و سری بهاگوت تمام نایکابهید وغیره از هندی در
پارسی سلك نظم کشیده شد۔"۳۸۶

سری بھاگوت ہندوؤں کی ایک مشہور ومعروف مذہبی کتاب ہے جو اصل سنسکرت زبان میں لکھی گئی ہے۔ اولین بار فارسی زبان میں اکبر کے عہد میں اس کا ترجمہ فیضی نے کیا۔ امانت کا یہ منظوم ترجمہ ادبیات فارسی میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے متعدد ترجمے دنیا کی مختلف زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ یہ ایک فلسفیانہ اور مذہبی گیت ہے۔ سنسکرت ادب میں ہندوستان کی سب سے مشہور نظم ہے۔ ہندوؤں کے تقریباً تمام فرقوں میں اس کو سب سے زیادہ مقدس مانا جاتا ہے اور ہزاروں سال بعد بھی اس کی قدر و قیمت اور اہمیت میں کوئی کمی نہیں آئی ہے۔ اس کتاب کے اعلیٰ فلسفیانہ خیالات دوسری زبانوں کے ادب سے اس کو ممتاز کرتے ہیں۔ اس کتاب کی حیثیت الہامی نہیں بلکہ روایتی ہے۔ سری بھاگوت کا پیغام سادہ ہے اور اس کی تعلیمات امیر غریب سب کے لیے یکساں ہیں اور سب کو عمل کرنے کی تلقین کرتی ہیں۔ اس کا مصنف عمیق وسیع نظر کا حامل ہے اس کا نقطہ نظر تنقیدی نہیں ہے۔ وہ کسی خاص جماعت یا فرقہ کو مخاطب نہیں کرتا بلکہ اس کا پیغام آفاقی ہے اور عوام الناس کے لئے ہے۔

بھگوت گیتا کا مطالعہ غایر نظروں سے کیا جائے تو یہ کتاب ہندوؤں کی دوسری مذہبی کتابوں سے بالکل مختلف نظر آئے گی۔ اس کا مصنف اپنے زمانے کے کم وبیش تمام مذہبی فلسفیانہ نظریوں سے متاثر نظر آتا ہے۔ اور اس کا نقطہ نظر بھی قدامت پسندانہ ہے۔ اس کتاب میں سات سو منتر ہیں۔ یہ مہابھارت کا سب سے اہم حصہ ہے۔

سری بھگوت کے لغوی معنی خدا کی حمد کے ہیں۔ اس کی خاص خصوصیت یہ ہے کہ یہ اس طرح منظوم لکھی گئی ہے کہ شروع سے آخر تک کرشن جی اور ارجن کی گفتگو معلوم ہوتی ہے۔ دراصل یہ تمام نظم ایک علم کشف کے جاننے والے سنجئے کی زبانی بیان کی گئی ہے جو

دھرت راشٹر کو میدان جنگ کے واقعات اپنی ہتھیلی میں دیکھ کر بتا رہا ہے۔ امانت نے بھی اس کا منظوم ترجمہ کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھا ہے کہ نظم سے نظم میں ترجمہ کرتے وقت اس کی اصل روح مفہوم و معنی اور واقعات پر زبان اثر انداز نہ ہو۔ انہوں نے بہت ہی موثر زبان میں اس کا ترجمہ کیا ہے۔

سری بھاگوت ان ہدایتوں کا مجموعہ ہے جب کہ کروشیتر کی جنگ میں ارجن نے سلطنت حاصل کرنے کے لیے انسانوں کا ناحق خون بہانے سے انکار کیا تب کرشن جی نے ہدایات کیں۔ ان ہدایتوں میں حق اور انصاف کی خاطر جنگ کو جائز قرار دیا گیا ہے۔ پورے موضوع میں انسان کو عملی زندگی کا پیغام دیا ہے۔

امانت کا یہ منظوم ترجمہ فارسی ادب میں اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے یہ منظوم رزمیہ داستان فارسی کے قدیم مثنوی نگاروں کی طرز پر لکھی ہے جیسا کہ اس زمانے میں عام قاعدہ تھا کہ مثنوی کسی بھی مذہب یا فرقے سے تعلق رکھتی ہو مثنوی نگار اصل قصہ نظم کرنے سے پہلے مثنوی کی ابتداء میں حمد و مناجات اور نعت و منقبت وغیرہ ضرور لکھتے تھے۔ اس کے بعد دیگر موضوعات کو جن کو وہ ضروری سمجھتے تھے نظم میں بیان کرتے تھے۔ امانت نے بھی یہ مذہبی رزمیہ داستان نظم کرنے میں قدماء کی روش کو بلالحاظ مذہب و ملت برقرار رکھا۔ وہ اس کی ابتداء حمد باری تعالٰی سے کرتے ہیں۔ لیکن اس سے پہلے وہ سری بھاگوت کی تعریف میں کہتے ہیں:

درین بتخانه هند این کتاب است — سوارش مشرق صد آفتاب است
بتی از هر طرف در جلوه ناز — برهمن پیشه ناقوس دمساز
تراگرهست ذوق بت پرستی — درین منزل درایی وهم هستی
دمی بنواز ناقوس فغانی — زعشق بت بیان کن داستانی
جبین کن صندل آلود غلامی — سوار در سر آزاد بدامی
شود آئینه ات صاف از کدورت — به بینی جلوه معنی زصورت
چو صورت آفرین رابینی از دور — سراپا یت شود چو مهر پرنور

شوی ممنون بت هر جاکه باشی — برای خویشتن صورت تراشی
اگر صورت پرستی یارمن باش — بحیرت آشنا در انجمن باش
سجودیت ترا گر دلنشین است — خدا در اعتقاد من همین است ۳۸۷

امانت توحید کے قائل تھے۔ اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کے چشمۂ فیض پر ان کو یقین کامل تھا۔ اس لیے اس کی حمد و ثنا میں کہتے ہیں:

وصف نیرنگی آن ذات کندچوتحریر — چوشدازناله کلکم بدوعالم تاثیر
نام این نامه توحید ظهور کل است — چشمه فیض روان بهر صغیر است و کبیر
ثناهامالك کون و مکان را — نگهدارنده نه آسمان را
اگر افزون بتعداد صفاتست — برنگ نه عدد قائم نداشت
تفسیر رابذاتش نیست راهی — ندارد از متبدل اشتباهی
طلسم آرای صد رنگین خیالی — زخود آئینه داربی مثالی
بهار آرای گلزار تعین — از و پیدا گل و خار تعین
اگر گل از جمالش ترجمانست — و گر خاراست دروصفش زبانست
همه آفاق از مه تابماهی — بحسن قدرتش داردگواهی
اگر ماه است و گر مهر جهانتاب — بوداز جلوه او آسمان تاب
چمن را آب و رنگ از جلوهٔ او — بروآزادنی بخشد بگل بود
دل خود لاله کرداز سوز او داغ — به پیچ و تاب شوقش سنبل باغ ۳۸۸

امانت سری بھاگوت کو نامہ عرفان کہتے ہیں۔ اس کتاب کو ترجمہ کرنے کا مقصد اور اس کی افادیت اشعار میں بیان کرتے ہیں کہ میں اس داستان کی ابتداء اس طرح کر رہا ہوں:

ابتداء می کنم این نامه عرفان تاثیر
که سوادش بود آئینه مقصود پذیر ۳۸۹

سری بھاگوت فلسفہ علم و عرفان کا ایک نایاب مرقع ہے۔ امانت کے خیال میں عرفان کی روشنی سے ہی آفتاب طلوع ہوتا ہے۔ اور اس کائنات میں عرفان کا جلوہ ہر جگہ نظر آتا ہے

اور اس کے نور سے کوئی بھی چیز خالی نہیں ہے۔ امانت نے اس مثنوی کے ابتدائی اشعار میں جو شعر لکھے ہیں اسے پڑھ کر مولانا کی مثنوی کی یاد آتی ہے مثال کے طور پر امانت کہتے ہیں:

ای رفیقان قصه نی بشنوید   ناله درد دل وی بشنوید ۳۹۰

مولانا کا یہ شعر

بشنو از نی چون حکایت می کند   وزجد ائیها شکایت می کند ۳۹۱

اس کے علاوہ انہوں نے جو متعدد اشعار فلسفہ وحدۃ الوجود کے اور علم وعرفان کے فلسفے کے بارے میں کہے ہیں وہ مثنوی مولانا روم سے بہت مشابہت رکھتے ہیں جیسے:

که از دل بشنود هرکس حکایت   برد پی تابان گنج هدایت
طلوع آفتاب اوج عرفان   بخشین می شود از مطلع جان
زعرفان جلوه تحقیق هرجا   شود در چشم حق بین جلوه فرما
به بیند خالي از نورش و جودی   بخودزان رو کند هر دم سجودی ۳۹۲

امانت نے اس کتاب کے باب سوم میں پانڈو کی گفتگو کو کمال خوبی سے نظم کیا ہے۔ اس میں عمل اور ترک دنیا کا فلسفہ 'کپل' جو ایک مشہور رشی ہیں کی زبانی وضاحت سے بیان کیا ہے۔ وہ اسرار حقیقت اور رموز کائنات کو پانڈو سے اس طرح بیان کراتے ہیں کہ وہ فلسفہ اس کے دل میں اتر جاتا ہے۔ امانت نے اس کے موضوع کے بیان میں چار چاند لگا دیئے ہیں:

ادادان نگارستان معنی   کند آرایش ایوان معنی
که باما درزاسرار حقیقت   کپل سرکردگفتار حقیقت
تو پرسیدی زمن چون راه ارشاد   ترا رمز طریقت میدهم یاد
بعالم مهربانی نیست زین پیش   که کس بخشد خبر از ملت و کیش
نشانی بخشد از مقصود اصلی   نماید جلوهٔ معبود اصلی
ترا ای دت بهوت معرفت جو   نماید شاهد ملك بقا دو
نباشد در نجاتت اشتباهی   که داری در عبادت دستگاهی

هزاران سال از توفیق همت شدی مشغول در کسب عبادت
گرفتم در شبستانت ‌من اوتار زدیوار و درت خورشید انوار
ده سر منزل تحقیق عرفان نمیگردد بجز لطف من آسان
چنان تعلیم عرفانیست دهم من که گردد شمع نورذات روشن ۳۹۳؎

امانت نے اپنے تراجم میں سنسکرت اور ہندی الفاظ کا استعمال اشعار میں جابجا کیا ہے۔ یہ اس زمانے کا عام رواج تھا جس میں خاص کر متوسط درجے کے شعراء اس قسم کے الفاظ شعر میں ضرور استعمال کرتے تھے۔ امانت رائے امانت نے بھی اس کی پیروی کی۔ مثال کے طور پر ان کے چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں:

این همه گوسالها گوالها بیش آن بازی گر تمثالها
آرتی می کرد در هر صبح وشام برزبانش وصف حسن پاك شیام
راجه آن ملك جادربزم داشت خط شوق یاد بهگوان می نگاشت
مردم از جام بهجن بودندمست رفته از آواز شان دلهازدست

امانت نے بھگوت گیتا کی تعلیمات علم و عمل، عرفان اور ترک دنیا کے فلسفوں کو اپنی شاعری میں بہت دلکش انداز میں نظم کیا ہے۔ انہوں نے خدا کی عظمت اور ہمہ اوست، مکتی اور ترک علائق کے فلسفہ کو بہت ہی موثر پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ اس کی تائید میں انہوں نے درمیان میں جابجا ان فلسفوں کی تائید کی ہے۔ اپنے اشعار بھی نظم کئے ہیں۔ جس سے منظوم ترجمے کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔

مندرجہ بالا دلائل کی روشنی میں ہم یہ بات وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ امانت کا منظوم ترجمہ سری بھاگوت بلاشبہ فارسی ادب کے شاہکار تراجم میں سے ایک ہے۔

لچھمی نرائن شفیق (اورنگ آبادی)

رائے لچھمی نرائن جو اپنا تخلص شفیق اور صاحب کرتے تھے ۱۱۵۸ھ میں اورنگ آباد میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد منسارام کا شمار کھتری کپور خاندان کے معزز لوگوں میں ہوتا تھا۔ ان کے سن پیدائش کے بارے میں تذکرہ نگاروں کی رائے بھی یکساں ہے۔

عبدالحق نے چمنستان شعراء کے مقدمے میں شفیق کا سن پیدائش ۱۱۵۸ھ لکھا ہے۔[۳۹۴]

خود شفیق اپنی تاریخ پیدائش کے بارے میں تذکرہ گل رعنا میں لکھتے ہیں:

"مولف در گل زمین اورنگ آباد دو صفر سنه ثمان و خمثینو مائته الف (۱۱۵۸ھ) چهره هستی برافروخت"[۳۹۵]

نتائج الافکار کے مولف کا بیان ہے:

"شفیق در ۱۱۵۸ھ ثمان خمثین و مائته الف در اورنگ آباد قبای هستی برکشید۔"[۳۹۶]

سید عبداللہ رقم طراز ہیں:

''شفیق کا باپ منسا رام نواب نظام الملک آصف جاہ کا پیشکار تھا۔ شفیق اسی کا بیٹا تھا۔ ۱۱۵۸ھ میں پیدا ہوا۔''[۳۹۷]

مختلف تذکرہ نگاروں کے مذکورہ بیانات سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ شفیق کا سنہ پیدائش ۱۱۵۸ھ صحیح اور مستند ہے۔

شفیق کا آبائی وطن لاہور تھا ان کے آباواجداد لاہور سے لشکر اورنگ زیب عالمگیر (۱۱۱۸ھ-۱۰۶۹ھ) کے ہمراہ دکن آئے اور اورنگ آباد میں سکونت اختیار کی۔ ان کے والد منسارام چار پشت سے نواب آصف جاہ کی ملازمت میں تھے۔ خود گل رعنا میں شفیق لکھتے ہیں:

"شفیق لچھمی نرائن ماتھر مولف این صحیفه از قوم کھتری کپور است جداوبھوانی داس همراه اردوئے عالمگیری از لاهور وارد دکن شده در اورنگ آباد تو طن ریخت و به صیغه نوکری بسربرده۔ ذی اعتبار برآمد درین جاصاحب اولاد گردید۔" ۳۹۸؎

شام غریباں کے مقدمے سے بھی اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ:

"شفیق تخلص لچھمی نرائن ماتھر از قوم کھتری کپور است جدبھوانی داس همراه اروؤئی عالمگیری از لاهور وارد دکن شد در اورنگ آباد توطن ریخت۔" ۳۹۹؎

چمنستان شعراء کے مقدمے سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ:

"شفیق کھتری قوم سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے بزرگ لاہور کے رہنے والے تھے۔ ان کے دادا بھوانی داس لشکر عالمگیری کے ہمراہ دکن آئے اور اورنگ آباد میں سکونت پذیر ہوگئے۔" ۴۰۰؎

مولف نتائج الافکار اس بارے میں لکھتے ہیں کہ

"لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی که ازقوم کھتری است۔ اصلش از لاهور جداوبھوانی داس همراه عسکر عالمگیر وارد دکن گشته و در اورنگ آباد سکونت پذیر و شغل نوکری بعزت و اعتبار بسر برد۔" ۴۰۱؎

مولف شمع انجمن رقمطراز ہیں:

"کھتری بود اصلش از لاهور است۔ جدش بھوانی داس همراه عسکری عالمگیر وارد دکن گشته و در اورنگ آباد سکونت گزید۔" ۴۰۲؎

مذکورہ بالا تذکرہ نگاروں کے بیانات سے شفیق کے حسب ونسب کے بارے میں

کسی قسم کے شبہ کی گنجائش نہیں ہوتی وہ اورنگ آباد ہی میں مقیم رہے۔

''شفیق ایسے خاندان کے چشم و چراغ تھے جہاں علم و ادب کا چرچا تھا خود ان کے والد منسارام کو بھی تاریخ و انشاء کا شوق تھا۔ دربار آصفی اور ماثر نظامی میں ان کی قادرالکلامی اور تاریخ نگاری میں مہارت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔'' ۲۰۳؎

رمن راج سکسینہ کا بیان ہے:

''لالہ منسارام کی تحریر کردہ تاریخ اس دور کی اہم دستاویز ہیں۔'' ۲۰۴؎

شفیق کے ایک بھائی جن کا نام روپ نرائن تھا۔ فارسی کے شاعر تھے اور ذہین تخلص کرتے تھے۔ ۲۰۵؎

شفیق کا خاندان علم و ادب اور تہذیب و تمدن کا گہوارہ تھا۔ اس میں علم کی شمعیں روشن تھیں۔ شعروشاعری اور تاریخ نویسی کا ماحول تھا یہی وجہ تھی کہ بچپن ہی سے تحصیل علم کی طرف مائل تھے اور چونہ اس زمانے مین گھریلو تعلیم و تربیت کو زیادہ اہمیت حاصل تھی لہٰذا معلم و اتالیق کا انتظام کیا جاتا تھا۔ بچے آداب زندگی کے ساتھ ساتھ اخلاق اور تہذیب و تمدن سے واقفیت حاصل کرتے تھے۔ علم و ادب سے بھی بہرمند ہو جاتے تھے۔ آصف جاہ کے زمانے میں فرقہ وارانہ جھگڑوں کا نام ونشان نہیں تھا۔ ہندومسلمان، شیعہ وسنی حکومت کو مستحکم بنانے مین برابر کے شریک تھے۔ مغل دور میں دفتری اور سرکاری زبان فارسی تھی۔ ہر طبقہ کے لوگوں نے نہ صرف اس زبان کو سیکھا بلکہ فارسی علم و ادب اور شعروشاعری کا شوق پیدا ہوا۔ شفیق بھی بچپن سے فارسی زبان سے دلچسپی رکھتے تھے۔ ان کے والد منسارام نے انہیں عربی و فارسی حاصل کرنے کے لئے ملاعبدالقادر مہربان کی سرپرستی میں دے دیا۔

چمنستان شعراء میں شفیق لکھتے ہیں:

"در عمر یازده سالگی بخدمت قبله برحق شیخ عبدالقادر صاحب سلمه الله تعالیٰ کتب معارضه سندکرده و از سوادبیاض واقف گردید." ۲۰۶؎

شفیق نے عبدالقادر کے بعد میر غلام آزاد بلگرامی سے شعروسخن میں اصلاح لی اور ان کی شاگردی اختیار کی۔ اس بارے میں وہ اپنے تذکرہ چمنستان شعراء میں لکھتے ہیں:

"از آن جاکه شعر را دوست می داشت که بسلك تلامذه قبله دین و دنیا حضرت میرغلام علی آزاد مدظله العالی در آمد۔" ۲۰۷

گل رعنا میں درج ہے کہ:

"و از بد و شعور بدو در ظل عنایت آفتاب روشن کلامی جناب آزاد بلگرامی مدظله السامی تربیت یافته از سوادوبیاض واقف گردید۔" ۲۰۸

مولف شمع انجمن رقم طراز ہیں:

"شاگرد مرز اآزاد مرحوم بود۔" ۲۰۹

میر غلام آزاد شاعری میں یدطولیٰ رکھتے تھے۔ میر عبدالقادر مہربان بھی آزاد کے تلامذہ میں سے تھے۔ انہوں نے شفیق کو صاحب تخلص عنایت فرمایا۔ شفیق نے دو ہزار بیت پر مشمل غزلیات کا دیوان مرتب کیا۔ لیکن جب شاعری کے قواعد اور فن شعر میں مہارت حاصل کرلی تو اسے ضائع کردیا۔ وہ خود کہتے ہیں:

"بسلك تلامذه قبله دین و دنیا حضرت میرغلام علی آزاد مدظله العالی در آمد و متقابل میر عبدالقادر مهربان که یکی از مهرتابان آنجناب است۔ پوشیده صاحب تخلص قرارداده و دیوان غزلیات مردف قریب دو هزار بیت مرتب ساخت چون مرتبه والا قدری حیثیت پیدا کردباصطلاح شعرو قواعد ماهر گر دید سابق راتقویم پارینه دیده یك قلم برهمه یا خط کشید۔" ۲۱۰

شفیق کو بچپن ہی سے شعروسخن سے دلچسپی تھی۔ صاحب تخلص کے بعد انہیں کافی

شہرت حاصل ہوئی۔ فارسی شعراء میں میر محمد مسیح بھی صاحب تخلص رکھتے تھے۔ اس لیے شفیق نے اپنے استاد آزاد صاحب سے درخواست کی کہ وہ انہیں نیا یا دوسرا تخلص عطا فرمادیں۔ آزاد نے انہیں شفیق تخلص عنایت فرمایا۔ اردو شاعری میں بھی ان کو کافی چرچا اور شہرت حاصل تھی۔ اس لئے انہوں نے اردو میں صاحب اور فارسی میں شفیق اور صاحب دونوں تخلص کو اپنایا یا استعمال کیا ہے:

"الحال که سال هژده از عمر گذشته باشد چون مطلع شد که میر محمد مسیح صاحب تخلص در فارسی گذشته است۔ بجناب از راه شفقت تخلص شفیق عنایت فرمودند لیکن از آنجا که ریخته جات فقیر درین جابه عوام و خواص اشتهار یافته صاحب تخلص در ریخته برقرار داشته باشد۔ در بعضی بحور که شفیق نمی گنجد ناچار تخلص صاحب آورده می شود۔" [۱۱]

میر آزاد نے شفیق کو ۱۱۸۶ھ میں شفیق تخلص عطا کیا تھا اپنے اس نئے تخلص کی خوشی مین انہوں نے ایک قطعہ لکھا ہے۔ اس قطعہ میں انہوں نے نئے تخلص کی تاریخ بھی نکالی ہے۔

از حضرت فیض بخش آزاد گردید مرا تخلص انعام

گفتم تاریخ این عنایت امداد شفیق شد مرا نام[۱۲]

۱۱۸۶ھ

شفیق نے اردو میں صاحب تخلص رکھا۔ البتہ فارسی میں شفیق رہنے دیا۔ انہیں اپنے استاد آزاد بلگرامی سے حد درجہ عقیدت تھی جہاں کہیں وہ اپنے استاد کا ذکر کرتے ہیں اس میں انہوں نے ادب و احترام اور خلوص و محبت کو پیش نظر رکھا ہے۔ چمنستان شعراء کے مقدمے میں عبدالحق لکھتے ہیں:

"شفیق کو آزاد بلگرامی سے کمال عقیدت مندی تھی اور جہاں کہیں ان کی تالیفات میں آزاد کا نام آیا تو ان کا ذکر بڑے ادب و اکرام و خلوص

وارادت سے کرتے ہیں۔ ہر جگہ انہیں میر صاحب، قبلہ، پیرو مرشد یا قبلہ و کعبہ برحق اور اپنے آپ کو غلام لکھتے ہیں۔" ۱۳ے

میر آزاد اپنے زمانے کے نامور شاعر اور جید عالم تھے۔ آزاد نہ صرف فارسی کے شاعر تھے بلکہ عربی اور اردو میں بھی انہیں عبور حاصل تھا۔ اس لیے شفیق نے شاعری میں آزاد بلگرامی کی سرپرستی حاصل کی۔ اس بارے میں شفیق رقم طراز ہیں:

"از آن جاکه شعر را دوست می داشت که بسلك تلامذه قبله دین و دنیا حضرت میر غلام علی آزاد مدظله العالی در آمد." ۱۴ے

شفیق اپنی لیاقت و قابلیت اور شعر و سخن میں ملکہ حاصل ہونے کی وجہ سے بیشتر شاگردوں کے استاد بھی رہے ہیں۔ جن میں داغ اورنگ آبادی، احسان وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ صمصام الدولہ کے زمانے میں انہیں "دولت چند" جیسے خطاب سے نوازا گیا۔ تذکرہ گل رعنا میں وہ لکھتے ہیں:

"در اقتدار صمصام الدوله به منصب و خطاب 'دولت چند' سرفراز شد." ۱۵ے

بعد میں وہ نواب نظام علی آصف جاہ ثانی کے دربار سے وابستہ ہو گئے اس کے بعد ان کے بیٹے نواب امیر احمد خان عالی جاہ کے دربار سے منسلک رہے۔ شام غریباں کے مقدمے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ۱۱۷۷ھ میں آصف جاہ ثانی کے دربار میں ملازم تھے:

"در زمره ملازمان نظام علی خان آصف جاه ثانی انسلاك یافت و بعد اوبه پسران جناب عالی جاه وابسته شدو در ۱۱۷۷هجری با همراهی وی از اورنگ آباد به سمت حیدرآباد قصد سفر کردوهمان جاسکونت پذیر شد." ۱۶ے

اس بیان سے یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ شفیق کو صمصام الدولہ کے عہد میں "دولت

چند" جیسا عہدہ حاصل تھا۔ اور آخری عمر تک وہ انہیں کے دربار سے منسلک رہا۔

زندگی فانی ہے۔ ہر نفس انسانی کو ایک دن ختم ہونا ہے۔ لیکن وہ انسان کبھی نہیں مرتا جو اپنی حیات میں ایسے کارہای نمایاں انجام دے جاتا ہے جو اسے مرنے کے بعد بھی شہرت دوام بخشتے ہیں۔ شفیق نے نہ صرف نثر میں متعدد کتابیں تصنیف کیں بلکہ شعر وسخن میں وہ ایک فنکارانہ حیثیت کے مالک تھے۔ ان کا فن ان کے بعد بھی زندہ ہے۔ انہوں نے ۱۲۲۳ھ میں حیدرآباد میں اس دار فانی سے کوچ کیا۔ نتائج الافکار کے مولف رقم طراز ہیں:

"آخر کار دراوایل مائة و ثالث رخت حیاتش به آتش کده فنا سوخت۔" [۱۷]

کتب خانہ آصفیہ میں مخطوطہ "دیوان سخن اورنگ آبادی" میں شفیق کی تاریخ وفات موجود ہے:

"در کتب خانه آصفیه حیدرآباد دکن مخطوطه دیوان سخن اورنگ آبادی که شاگرد وی بود است، در آن قطعه تاریخ وفات شفیق موجود است از مصرعه آخرش "وائ مشاطه معانی رفت" سال هجری ۱۲۳۳ هجری برمی آید۔" [۱۸]

تذکرہ شمع انجمن کے مولف شفیق کی وفات کے بارے میں لکھتے ہیں:

"دراوائل مائة ثالث عشر رخصت حیاتش باآتشکده فنا سوخت۔" [۱۹]

شفیق کے شاگرد غلام مصطفیٰ سخن اورنگ آبادی نے اپنے استاد کی موت پر ایک قطع تاریخ کہا ہے جس میں صرف چار شعر دستیاب ہیں، ممکن ہے کچھ اور بھی اشعار ہوں:

استادمن شفیق افسوس — از سینجی سرائی فانی رفت
روی دل از کسی نمی بینم — سایهٔ لطف و مهربانی رفت
از حلاوت گذشت نظم ونثر — نمك از شعر و شعر خوانی رفت
سال رحلت رقم کرد سخن

وای شاطر معانی رفت[۴۲۰]

۱۲۲۳ھ

شفیق کے نثری کاموں کی فہرست حسب ذیل ہے۔ جوان کے ادبی کارناموں اور ان کی ذاتی صلاحیتوں کی آئینہ دار ہیں۔ وہ نہ صرف ایک مورخ کی حیثیت سے ہمارے سامنے آئے بلکہ تذکرہ نگاری اور شاعری میں بھی انہوں نے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ ان کی تاریخی کتابوں میں حقیقت ہائی ہندوستان، تمنیق شگرف، مآثر آصفی، مآثر حیدری، بساط الغنائم، حالات حیدرآباد، خلاصتہ الہند، تذکرہ چمنستان شعراء، تذکرہ گل رعنا، شام غریباں زیادہ مشہور و معروف ہیں۔ ان کے علاوہ ان کی دیگر تصانیف بھی علم و ادب کے قیمتی شہ پارے ہیں۔

چمنستان شعراء کے مقدمے میں شفیق لکھتے ہیں:

"در زمانه قیام حیدرآباد در ۱۲۰۰هجری تمنیق شگرف در ۱۳۰٤هجری حقیقت های هندوستان، در ۱۲۰۸ه ماثر آصفی و در ۱۲۱٤ه بساط الغنائم تصنیف کرد که آن ها از تاریخ و حالت سلاطین حیدرآباد و دکن عبارت است۔" [۴۲۱]

شفیق کا ماحول خالص علمی وادبی تھا۔ اس لیے ان کی طبیعت بچپن ہی سے شعروسخن کی طرف مائل تھی۔ آزاد بلگرامی اور عبدالقادر مہربان جیسے جلیل القدر استاد کی شاگردی میں ان کے اس فن کو جلا ملی۔ یہی وجہ ہے کہ گیارہ سال کی کم عمری ہی سے شعر کہنے لگے تھے۔ شاعری میں ان کا ذوق دن بدن بڑھتا گیا اور چونکہ اٹھارویں صدی میں ان کی پیدائش ہوئی تھی اور اس صدی میں فارسی علم وادب اپنے عروج وکمال پر تھا۔ اردو فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کی جاتی تھی اور شاعر ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش میں رہتے تھے۔ شفیق نے بھی فارسی زبان میں ایک دیوان غزلیات مرتب کیا۔ جو بعد میں ضائع کر دیا تھا۔ اس کے بعد ایک دیوان ریختہ مرتب کیا۔ جس کا خطی نسخہ انجمن ترقی اردو کراچی میں

موجود ہے۔
صاحب تذکرہ فارسی گوشعرای اردواس بارے میں رقمطراز ہیں:

"خطی نسخه دیوان ریخته که در آن صاحب تخلص کرده است. در کتاب خانه انجمن ترقی اردو کراچی موجود است۔" ۴۲ے

ان کے کلام کا مکمل نمونہ دستیاب نہیں ہے۔ تذکرہ نگاروں نے بھی ان کے کلام کا نمونہ پیش کیا ہے اور جن تذکروں میں شفیق کے حالات زندگی اور ان کے کلام کے نمونے ملتے ہیں۔ ان میں خود شفیق کے لکھے ہوئے تذکرہ شام غریباں، تذکرہ گل رعنا، چمنستان شعراء ان کے علاوہ شمع انجمن، نتائج الافکار، محبوب الزمن، بہارسخن، تذکرہ شعرای اورنگ آباد، سید عبداللہ کی کتاب ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ، مقدمہ عبدالحق جو چمنستان شعراء پر لکھا گیا ہے۔

لچھمی نرائن شفیق کا دیوان اور ان کے کلام کا نمونہ مکمل طور پر دستیاب نہیں ہے۔ صرف آزاد بلگرامی اور دیگر ارباب علم کی بدولت ہم یہ رائے قائم کر سکتے ہیں کہ شفیق فارسی شاعری میں خاص مہارت رکھتے تھے۔ ان کا شمار فارسی شعراء میں اور خاص کر دوسرے درجے کے ہندو شعراء میں ہوتا ہے۔ وہ اپنے کلام میں اہل علم و ادب اور مذہب اسلام کی تعریف بڑے عقیدت و احترام کے ساتھ کرتے ہیں۔ شاعری کے ہر مضامین کو اپنے کلام میں جگہ دی۔ اپنے کلام میں انہوں نے جابجا استاد آزاد بلگرامی کی مدح سرائی بھی کی ہے۔

ان کے درج ذیل اشعار سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ اپنے استاد سے کس درجہ عقیدت رکھتے تھے:

لامکان است مقام آزاد
فوق عرش است خرم آزاد

سحر گردن از کواکب هر شب

فلک پیر بنام آزاد

خرمن هستی اعداء سوزد

برق رخشان حسام آزاد

در گلستان جهان هر گل و خار

موردِ رحمت عام آزاد[۲۲۳]

شام غریباں میں آزاد بلگرامی کی مدح میں مخمس کے کچھ بند لکھے ہیں۔خود شفیق کا بیان ہے:

"راقم الحروف غزل آزاد که در حق کوه شاه مردان واقع حیدرآباد فرموده اند. مخمس کرده، الحال تراجم شعراء رابرین مخمس که مشتمل در منقبت ورویت زآب است ختم می کنم این گفته سامعه نواز از زبان خامه مهر می زنم." [۲۲۴]

"قبله عارفان جناب عتیق خلف مرتضیٰ علی التحقیق

کرداز فلک عنبرین تنمیس سحری پاگذاشتم بطریق

با جهان دیدهٔ رفیق شفیق

ره گرامی شدم بهر راهی گهه به نهری و گهه لب جاهی

می نمودم چه میر دل خواهی ناگهان رو نمود درگاهی

همه تعمیر او بطریق اینق[۲۲۵]

شفیق نے شاعری میں وحدۃ الوجود، عشق و عاشقی، رندی و سرمستی، محبوب کے حسن و جمال، اس کے خط و خال پر بیشتر اشعار نظم کئے ہیں۔محبوب کی زلف کے وہ اسیر ہیں جس نے انہیں اپنے حلقہ میں کس رکھا ہے۔وہ کہتے ہیں:

"نباشد حلقه حلقه زلف او در دامن عارض

که بال افشاند طاؤسی میان گلشن عارض[۲۲۶]

دوسری جگہ محبوب کی زلف میں وہ اس ہستی کو تلاش کرتے ہیں جو اس پوری کائنات کوتخلیق کرنے والا ہے:

دلم گم شد بزلف خوب روئ

شفیق اکنون خدا را جستجوی۴۲۷

ایک جگہ محبوب کی زلف کے بارے میں لکھتے ہیں:

دل من زلف یار را رام است

دام اقبال عجب دام است۴۲۸

به زلف عنبرینش می کنم چو شانه گستاخی

مراهم گر میسر دست کوتاهی چنین باشد۴۲۹

عشق کا جذبہ فطری ہے۔ تمام شعراء نے اس موضوع کو اپنا موضوع خاص بنایا ہے۔ قدیم اور عصری شعراء کی شاعری حسن وعشق اور وصل وفراق کی کیفیتوں میں ڈوبی ہوئی ہے۔ شفیق نے بھی عشق و عاشقی کے جذبات کو متقدمین شعراء کی طرح اپنی شاعری میں نئے رنگ کے ساتھ پیش کیا ہے وہ اپنی جوانی کے عشق کو اس شعر میں بیان کرتے ہیں:

یاد ایامی که عشق نوجوانی داشتم

برسر بازاررسوائی و کانی داشتم۴۳۰

عشق کے جذبات اور احساسات خدا کی دی ہوئی نعمت ہے۔ حالانکہ ان جذبات سے کوئی فائدہ نہیں لیکن عشق کرنے سے کوئی نقصان بھی نہیں ہے۔

نقد جان در عوض عشق بتان این همه نیست

منفعت گر نه دهد ست زیان این همه نیست۴۳۱

وہ کہتے ہیں کہ اگر محبوب کی نظر کرم ان پر مہربان نہیں ہوتی تو کوئی بات نہیں۔ لیکن، دل کے مارے لوگوں سے پرہیز کرنا ہی اچھا ہے:

چشم اوبر مانگاهی گرندار دعیب نیست

می شود پرهیز لازم مردم بیمار را ۴۳۲؎

وہ عشق کی بے پناہ مشکلات سے نہیں گھبراتے ان پریشانیوں کا سامنا کرنے کے لیے وہ ہمہ وقت تیار ہیں:

زخارهائی مغیلان پراست وادی عشق
شفیق آبله پامی روی خدا حافظ ۴۳۳؎

ان کا کہنا ہے:

عشق را در سینه عشق بود نشو و نما
این شجر این جابقدر قد آدم می دمد ۴۳۴؎

کہتے ہیں کہ عشق وہ جذبہ ہے جس نے زلیخا کو بھی جوان بنا دیا تھا:

بگوش زاهد پیراین سخن مگر نه رسید
که فیض عشق جوان می کند زلیخا را ۴۳۵؎

اس شعر میں شاعر نے صنعت تلمیح استعمال کی ہے۔ اس کے ذریعہ حضرت یوسف علیہ السلام اور زلیخا کے عشق کے قصہ کو بیان کیا ہے۔ اس شعر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ مذہب اسلام کے تمام واقعات کے بارے میں معلومات رکھتے تھے۔

وہ اپنے محبوب کا بڑا خیال رکھتے ہیں۔ کہتے ہیں:

شفیق اکنون خدا را شور کم کن
که شوخ من در این جامست خواب است ۴۳۶؎

ان کا کہنا ہے کہ عاشق کو اپنے محبوب کی خدمت کرنا باعث سعادت سمجھنا چاہئے۔ اسی میں عاشق کی کامیابی ہے:

عاشق خدمت معشوق سعادت دانند
بال بلبل به چمن مروجه جنبان گل است ۴۳۷؎

ان کا دل محبوب کے کوچہ کو کعبہ پر ترجیح دیتا ہے۔ کہتے ہیں کہ میرا دل کعبہ جانے کو نہیں چاہتا۔ لیکن محبوب کے کوچہ کے طواف کرنے کے وہ خواہاں نظر آتے ہیں:

قسم به صحف روشن بکعبه رخ نکنم
طواف کوچه او بار بار خواهم کرد۴۳۸؎

محبوب سے شکایت بڑے نرالے ڈھنگ سے کرتے ہیں:

گر شدم مجروح از تیغ توای ظالم چه شد
زخم دل را می کندبه مرهم زنگارِ خط۴۳۹؎

شراب کا ذکر وہ بڑے موثر انداز میں کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اس شراب نے میرے دل و دین کوخرید لیا ہے۔ ان کے سامنے شراب کے آگے دل و دین کی کوئی حیثیت نہیں ہے:

دل و دین داده خریدم قدح بادهٔ ناب
شکر درگاهِ الٰهی که گران این همه نیست۴۴۰؎

شفیق کا خیال ہے کہ دنیا میں انقلاب آتے رہتے ہیں۔ انسان دنیا کی ان نیرنگیوں میں مصروف نظر آتا ہے۔ ہر کوئی دنیا کی اس گردش سے پریشان ہے۔ شفیق کہتے ہیں کہ دنیا کی یہ انقلابی کیفیت تو چلتی رہتی ہے اس سے پریشان نہیں ہونا چاہئے۔ وہ اپنی ان پریشانیوں کو شراب سے کم کرتے ہیں۔ یعنی شراب ہی ایک ایسی شے ہے جس کے سہارے انسان زندگی ہنسی خوشی بسر کرسکتا ہے:

انقلابی عجبی گردش گردون دارد
مئ بیارید که عمر گذران این همه نیست۴۴۱؎

لیکن دوسری جگہ وہ کہتے ہیں۔

بهار آمد و شد درچمن هوائ قدح — بیار مئ که دهم تو به رونمائی قدح
در این بهار زمئ دست برنمی دارم — قسم به گردون میناقسم به پائ قدح۴۴۲؎

یافتم در بزم می دزدیده دیدن های تو
این قدر در عالم مستی مراهم هوش بود۴۴۳؎

شفیق ہندو گھرانے کے چشم و چراغ تھے لیکن انہیں اسلامی ماحول ملا تھا۔ جس میں انہوں نے پرورش پائی۔ ان کا ذہنی تخیل بھی اسی رنگ میں رنگا ہوا ہے۔ حالانکہ وہ اپنے کئی اشعار میں اس بات کا دعویٰ بھی کرتے ہیں کہ ان کا دل پتھر کی مورتیوں سے اپنی مراد حاصل کرنے میں کوئی برائی نہیں سمجھتا وہ خود کہتے ہیں:

می ستاند اعتقاد آخر مراد دل زسنگ
برهمن مقصود خود را می کند حاصل زسنگ[۴۴۴]

کہتے ہیں کہ:

چون آن هندوپسر تحریر دیوان سخن سازد
به هر بینی که می ساز دراز خون من سازد[۴۴۵]

شفیق کے دل میں عشق حقیقی کا جذبہ بھی کارفرما ہے جو ان کی محنت اور ماحول کا نتیجہ ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین رکھتے ہیں اور اس بات کی تائید کرتے ہیں کہ:

می رساند حسن مطلق رنگ ها بیرنگ را
سیر کن در پر تو خورشید تار عنکبوت[۴۴۶]

می روم گرچه ازین باغ و لیکن یارب
باد از دامن گل پنجه گل چین کوتاه[۴۴۷]

وہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں اپنے گناہوں پر توبہ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اپنے اعمال پر نادم اور پشیمان ہیں اور معافی کے طلب گار بھی:

یارب بدر تو عذر خواه آمده ام سرتابقد غرق گناه آمده ام
از چشمه عفوشست و شوی فرما در بار گهت نامه سیاه آمد ام[۴۴۸]

ایک جگہ کہتے ہیں:

نه می گویم که برمن جو رکن یا مرحمت فرما
بقربانت روم گاهی چنان گاهی چنین باشد[۴۴۹]

شفیق دنیا کی بے ثباتی کے بارے میں لوگوں کو سمجھاتے ہیں:

مهلت عمر من و برق و شرر هرسه یکی است
فرصت صبح و گل و بادِ سحر هرسه یکی لست۴۵۰

هر کسی را می رسد نوبت به دور آسیا
بر مراد خاطر من روزگارم بر نگشت۴۵۱

شفیق کے کلام میں اصلاحی پہلو بھی نظر آتا ہے۔ ان کے خیال میں نااہل کو علم کی واقفیت نہیں ہوتی۔ وہ اس کے اسرار ورموز سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے:

نااهل راز علم بصیرت کجا بود
در چشم کو رخاك به از توتیا بود۴۵۲

کئی جگہ شفیق نے اپنے کلام پر فخر وافتخار بھی کیا ہے۔ کہتے ہیں:

تابروز حشر دارد زنده نام من شفیق
شعر تو در حق شاعر آب حیوان است و بس۴۵۳

شنیده ام که به سوئی شفیق می آئی
بیابیاکه دل و جان نثار خواهم کرد۴۵۴

گر جهان برگشت از من نیست پر وایم شفیق
شکر ایزد را که از من گل عذارم برنگشت ۴۵۵

شاعری میں تاریخ گوئی ایک فن ہے۔ شفیق نے بھی متقدمین شعراء کی طرح اپنی شاعری میں اس فن کو بھی برقرار رکھا۔ وہ ایک حد تک اپنے اس فن میں کامیاب نظر آتے ہیں۔ ان کی تاریخ گوئی کے چند نمونے پیش ہیں:

چمنستان شعراء کی تصنیف کے موقع پر قطع تاریخ لکھی:

این نامه را باید دیدن کردم انشا حال فصحاً

نام و تاریخش را صاحب گفتم "چمنستان شعراء"۵۶؎

۱۱۷۵ھ

نئے تخلص ملنے پر یہ قطع تاریخ کہی:

از حضرت فیض بخش آزاد گردید مرا تخلص انعام
گفتم تاریخ این عنایت امداد شفیق شد مرا نام۵۷؎

۱۱۷۶ھ

شاہ سراج کی وفات پر یہ قطعہ تاریخ کہا:

سید حق پرست معنی سنج که از و یافت شعر حسن رواج
سال فوتش شفیق کرد رقم روبرحمان نمود شاه سراج۵۸؎

۱۱۷۷ھ

گل رعنا کی تکمیل پر یہ قطعہ تاریخ کہی:

این کتاب مناقب شعرا بچه اسلوب تازه شد مرقوم
از پی ختم این صحیفه شفیق گفت تاریخ "نامه مختوم"۵۹؎

۱۱۸۲ھ

گیان رائے ہنر کی وفات پر یہ قطعہ تاریخ لکھی:

مرد فاسع ماه رمضان شاعر ماهر معنی پرداز
سال فوتش بقلم داد شفیق کرد رحلت "هنربی انباز"۶۰؎

۱۱۹۰ھ

شام غریبان کی تکمیل پر یہ قطعہ تاریخ کہی:

خدا را شکر کزکلکت بیانم بخوبی رانموده انجام نسخه
شفیق از هاتف تاریخ پرسید برائ ختم گفت "اتمام نسخه"۶۱؎

۱۱۹۷ھ

لچھمی نارائن شفیق کی ایک مختصر مثنوی رستم علی خان جن کا تعلق سلجوقیوں سے تھا، کی

تعریف میں لکھی ہے۔ اس کے اشعار میں انہوں نے فردوسی کو رسول سخن اور خدای سخن اور پیشوای سخن جیسے الفاظ سے یاد کیا ہے۔ شاہنامہ کی تعریف وتوصیف کی ہے۔ وہ شاہنامہ کی زمین میں رستم علی خان کی تعریف کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

مغنی بیا نغمه آغاز کن — بتو صیف عازم نوا ساز کن
بطنبور معنی بده گوشمال: — بتارثنا زخمه زن اوخیال
بخوان شعر های نکوپیش او — که هم شعر فهم هم شعر گو
اگر نام او بگذرد برزبان — چو نافه شود مشك بود جان
چو بهزاد می دید نقشیکه بست — زوی برخ کار خود پشت دست
مجالم کجا تابگویم سخن — سزای ثنا کو زبان دردهن
ز تعریف من وصف او برتراست — کجازرۂ خورشید را در خود است
چو فردوسی آن پیشوائی سخن — رسول سخن بل خدائی سخن
ز شهنامه بینی نکونقش ست — که معینش اکنون به کرسی نشست

"جهان آفرین تا جهان آفرید
سواری چورستم نیامد پدید"

زد ستم همین رستم آمد مراد — که این قرعه برنام نامی افتاد
فلك چرخ زد گرد عالم بسی — ندیده چون رستم علی خان کسی
نه بزم است چوشمع روشن بیان — برزم است چون رستم داستان
ز سلجوقیان یادگار است این — گل نورس آن بهار است این .
کجا کس باین عظیم شان می رسد — که اصلش به سلجوقیان می رسد
نباشد جواد خوش نسب خوش نصاب — کزاجداد هست افراسیاب
سخاوت غلام است او را قدیم — که ابن الکریم است و ابن الکریم
سلامت به اشعار او قوام است — نزاکت به افکارا و هم دهم است
مگر بود در فکر امداد من — که از تو شستر آمده در دکن

ز اخلاق تسخیر دنیا نمود — شهنشاهی ملك دل هانمود
نیاورد چرخ کهن در جهان — چورستم علی خان اعظم جوان
به تعریفم اشعار موزون نمود — زراه قدر دانیم برستود
مرا لازم آمد ثنای کنم — بجان منت او را دعای کنم
بود تابقای جهان کامرانی — به عمر ابد دولت جاوداني

چونی خصمش از بیخ برکنده باد
همه لاغر وزار و نالنده باد[۶۲]

کہا جاتا ہے کہ فارسی مثنوی کے علاوہ چھمی نرائن شفیق کی ایک اردو مثنوی بھی ہے جو تصویر جانان کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں انہوں نے جگہ جگہ فارسی کے اشعار میں اپنا مدعا بیان کیا ہے۔ اس مثنوی کے تمہیدی اشعار میں وہ فارسی کا یہ شعر لکھتے ہیں:

کرا از عاشقان این دست داده
که معشوقش به خدمت ایستاده[۶۳]

شفیق نے اس مثنوی کے مختلف عنوانات میں متعدد جگہ فارسی کے یہ اشعار لکھے ہیں:

منم عاشق مرا غم ساز داراست — تو معشوق ترا یا غم چه کاراست

نباید نسبت اندر چیز کی دل — که دل برداشتن کاری است مشکل

بهرکاری که همت بسته گردد — اگرخاری بود گلدسته گردد

مثنوی کا مندرجہ ذیل شعر مقطع کے بعد ہے اور اس پر مثنوی کا خاتمہ ہے۔

مخاطب اند کی نازك مزاج است — سخن کم گوکه کم گفتن رواج است[۶۴]

رقعات چھمی نرائن شفیق میں شفیق کا ایک قصیدہ ملتا ہے۔ انہوں نے نواب آصف الدولہ کی شان میں قصیدہ لکھنے سے پہلے ان کو ایک عرضی بھیجی۔ جس میں انہوں نے مسجع و

مقفع عبارت میں اپنا مدعا خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے۔ اس قصیدے میں شفیقؔ نے ان کی بہادری، شجاعت، ان کی داد و دہش، ان کی فیض بخشی اور ان کے احسانات کو بیان کیا ہے۔ اور اپنی مفلسی، بدحالی اور بے کاری کا ذکر کرتے ہیں کہ میں تمہارے در پر شفا کے واسطے آیا ہوں۔ میں خستہ و بیمار ہوں اور میرا مداوا وہی کر سکتے ہیں۔ آخر میں مودبانہ انداز میں قصیدہ کا اختتام کرتے ہیں:

هرزمان ازمی نسیم بهار	رقص مستانه می کند اشجار
لاله نبود که بادهٔ گلرنگ	میزند جوش از خم کهسار
شد چمن مست و دوبه صحرا گرد	از گل آورد ساغر سرشار
بهر تزئین طرهٔ سنبل	پنجه گل چه شانه بردبکار
شاخ گلزار غنچه چون مستان	خودبخود واشود بسردستار
طوطیان راز جوش سبزهٔ و گل	پربود سبز و لاله گون منقار
شد شگوفه ز شاخ سبز برون	تو هم از شیشد پنبه را بردار
دارد از بس عموم نشو و نما	از تقاضای فصل عشرت بار
چه عجب گر چوتخم لاله بود	گره دل شگفتگی در بار
زده گر چاك كس گريبانی	می نماید چو کوچهٔ گلزار
شده لبریز از صفا امروز	صحن گلشن چو سینهٔ دلدار
بابت شرمگین خودگفتم	کای ترا از وفا و مهر انکار
در چنین فصل امتیاز افزا	که کنداختلاط یار بیار
چه خطادیدهٔ بگوید که بمن	غیر بیگانگی ندای کار
ابر بهمن نشانده کروفر	حیف کز خاطرت نرفت غبار
گرهی از دلت کشاده شهد	غنچه شد وا بباغ گرچه هزار
گفت خاموش کرخیامردم	باشد آیا کسی پس دیوار
گفتم از خوف شکوه ام داری	مهر از بوسه برلبم مگذار

چون شنید این سخن زجابر خاست | چین در ابرو ودست برروددار
گفت رو ورنه خواهمت کشتن | ژاژخائی چنین مکن بسیار
گفتمش قتل بنده آسان نیست | داور عادلی بود بد یار
آصف الدوله سلیمان جاه | که زعدلش ستم گرفته قرار
آن سرافراز عرصه نصرت | وان شهنشاه ملك حلم و وقار
شیر را رنگ زرداز بیمش | رشك جودش زبحربرده قرار
نخل باغ سخایش از تصغیر | مینویسد بسدره برخوردار
میدهد بهرسدهٔ افلاس | چه فلوس و چه شربت دینار
هست اندر طویله جاهش | روز و شب ابلق سبك رفتار
نفع گلقند بوسه اش بخشد | چشم خوبان اگر بود بیمار
هر سحر آفتاب بردراو | طشت زد آورد به بهرنثار
فیض بخشی که چون رگ نیسان | قلم جوداوست گوهر بار
زاده طبعم دو مطلع دیگر | اینك از شوق میکنم تکرار
ای جمال تو از گل رخسار | بجهان داده رونق گلزار
ریخت از مشعل در تو شرار | شده بر چرخ ثابت و سیار
جای روب از پرهما باشد | رفت وروب در ترا درکار
سربلندی دشمنت مشکل | جز سرنیزهٔ تو یا سردار
سپر تو محیط شش جهت ست | نیست برهان ترسی درکار
هر که ای قبله دید درگاهت | دیگرش با حریم کعبه چه کار
بهر نذر توفیل گردون را | بست قوس قزح بجبهه نگار
زلف خوبان بود دوال رکاب | گر شوی برسمندناز سوار
نور خورشید از فروغ رخت | آنچنان گشته است لاغروزار
که فتد برزمین اگرچه نهد | دست خود را زضعف بردیوار

شیر روبه شود پلنگ شغال — گذری گربدست بهرشکار
بسکه احسان تست عام گهی — بر عدوهم نکرد مشکل کار
جان شان تار و دز آب آسان — همچوبل گشته تیغ تو خمدار
قبله گاها ببزم عالی تو — میکنم حال خویش را اظهار
که بتحصیل طب و معقولات — سعی معقول کرده ام بسیار
لیك الحال سردی مهردهر — گر برودت از ان پزیرد تار
همچو اعضای فالج آزرده — کرد مارا معطل و بیکار
آمدم بردر تو بهرشفا — ای تو درمان خسته و بیمار
نفع تریاق گرم جوشی را — از من ناتوان دریغ مدار
مدعا ختم میکنم اکنون — کزادب نیست گفتن بسیار
تا براگ بسنت برخوانند — اشك ریز آمداست ابر بهار
نغمه محفل تو این باشد — ساقیاگل بیارد باده بیار ۲۶۵ء

رائے آنندرام مخلص

آنندرام مخلص فارسی زبان کے ان شیدائیوں میں سے تھے جنہوں نے اپنی زندگی اس زبان کو سیکھنے اور اس میں اپنے فنی جوہر دکھانے میں وقف کر دی تھی۔ وہ ضلع سودھر (سیالکوٹ) میں ۱۱۱۰ھ میں کھتری قوم کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے۔ مختلف تذکرہ نگاروں نے مخلص کے کھتری ہونے کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار اس طرح کیا ہے:

خوشگو اپنے سفینہ میں رقم طراز ہیں:

"نبض شناس، باریکی کلام رای رایان رای آنند رام مخلص تخلص خلف هری رام کهتری ساکن صوبه لاهور است۔" ۶۶

مجمع النفائس میں آرزو کا خیال ہے:

"از اعیان چهتریان است که رئیس اهل هند است۔" ۶۷

آزاد بلگرامی خزانہ عامرہ میں لکھتے ہیں:

"مخلص آنند رام از قوم چهتریان است که ریاست اهل هند از قدیم الایام باین گروه تعلق دارد وطن آبای او سود هزار توابع لاهور است۔" ۶۸

تذکرہ گل رعنا میں ثبت ہے:

"رائ رایان خلف راجه هری از قوم کهتری متوطن سودهرره تابع لاهور باخوبان مکانی اخلاصی دارد۔" ۶۹

صحف ابراہیم کے مولف کا بیان ہے:

"رای رایان (آ) نندرام کم مدتها بدیوانی سرکار جنت آرامگاه محمد شاه بادشاه سرفراز بود. اصلش از قوم چهتریان ست که رئیس اهل هند اند."۷۰

مولفۂ سفینۂ ہندی لکھتے ہیں:

"کهتریست از ارباب جاه و دولت و اصحاب مکنت و ثروت بوده."۷۱

نتائج الافکار کے مولف کا بیان ہے:

"شاعر شیربن کلام رای رایان آنند رام مخلص که مخلص تخلص می کند از قوم چهتریان است." ۷۲

مجمع الانتخاب میں لکھا ہے:

"راجا آنند رام مخلص تخلص قوم کتهری ، متوطن شاهجهان آباد است."۷۳

بزم تیموریہ کے مصنف لکھتے ہیں:

"رای آنند رام سودھر (ضلع سیالکوٹ) میں ۱۱۱۰ھ میں پیدا ہوا۔"۷۴

مذکورہ بالا تذکرہ نگاروں کے بیانات کے کی روشنی میں یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ آنند رام مخلص کا شجرہ نسب اور جائے پیدائش کے بارے میں سب متفق ہیں اور ان میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا۔

مخلص کے آباء و اجداد مغل دربار سے وابستہ تھے۔ تعلیم حاصل کرنے کے بعد مخلص نے محمد شاہ کے وزیر نواب اعتماد الدولہ قمر الدین اور عم زادہ سیف الدولہ صوبہ ملتان و لاہور کے وکیل کی حیثیت سے کام کیا۔ جیسا کہ مخزن الغرائب کے مصنف نے بھی لکھا ہے:

"وی ازاعیان چتهریان است به صیغۂ وکالت نواب اعتماد الدوله قمرالدین خان بهادر و نواب گویای که ناظم

صوبدار و سخن بود و در حضور محمد شاہ شرف اندوزی
داشت۔" ۷۵؎

مخلص کو نواب اعتماد الدولہ اور سیف الدولہ کی وجہ سے ہی شاہی دربار سے وابستگی حاصل ہوئی۔ اپنی حسن کارکردگی اور علمی صلاحیتوں کی وجہ سے انہوں نے "رائے رایان" کا خطاب حاصل کیا۔ نتائج الافکار کے مولف بھی مخلص کی دربار میں رسائی اور اس خطاب کو نواب اعتماد الدولہ کی وساطت سے حاصل کرنے کے بارے میں یوں رقم طراز ہیں:

"مخلص بدر بادشاهی بوکالت اعتماد الدوله قمرالدین
خان آرزو محمد شاه بادشاه سیف الدوله عبدالصمد ناظم
صوبه لاهور و ملتان ماموره بود و بخطاب رای رایان
سرفرازی داشت۔" ۷۶؎

آزاد بلگرامی خزانہ عامرہ میں لکھتے ہیں:

"آنند رام در دربار بادشاهی وکیل اعتماد الدوله
قمرالدین خان آرزو وزیر فردوس آرامگاه و نیز وکیل
سیف الدین عبدالصمد خان ناظم صوبه لاهور و ملتان بود
ورائی رایان خطاب داشت۔" ۷۷؎

مخلص کا رجحان بچپن ہی سے علمی و ادبی کاموں کی طرف مائل تھا۔ ابتدائی تعلیم کے زمانے ہی میں شعر کہنے لگے تھے۔ مخلص نے اس زمانے میں آنکھیں کھولی تھیں جس وقت فارسی زبان کا دور دورہ تھا۔ درباری و سرکاری زبان بھی فارسی تھی۔ نہ صرف یہ کہ امراء یا اونچے طبقے کے لوگ ہی فارسی زبان جانتے تھے بلکہ ہر مذہب و قوم کے عام لوگ بھی اس زبان کو سیکھنے و پڑھنے میں دلچسپی رکھتے تھے اور فخر بھی محسوس کرتے تھے۔ مسلمانوں کے ساتھ جن ہندوؤں نے فارسی زبان و ادب کی خدمت کی اور شاعری میں اپنے جوہر دکھائے ان قابل ستائش اور نامور شخصیتوں میں مخلص کا شمار بھی ہوتا ہے۔ جنہوں نے ادبیات فارسی میں اپنے نثری اور شعری شہ پارے یادگار چھوڑے ہیں۔ آنے والی نسلیں ان شہ پاروں سے

ہمیشہ استفادہ کرتی رہیں گی۔ اور اس طرح ان کا نام تاریخ ادبیات فارسی میں ہمیشہ زندہ جاوید رہے گا۔

مخلص شعرو شاعری میں اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ ابتداء میں انہوں نے میرزا عبدالقادر بیدل سے اپنی شاعری کی اصلاح لی۔ بعد میں خان آرزو کی سرپرستی حاصل کی۔ سراج الدین علی خان آرزو کی اصلاح نے ان کے کلام میں روانی اور زبان میں صفائی و سلاست پیدا کردی تھی۔ اپنی ذاتی لیاقت اور لائق اساتذہ کی تربیت سے فارسی زبان اور فن شعر میں ایسی مہارت حاصل کی کہ ان کا شمار استاد شعراء میں ہوتا ہے۔

ہمیشہ بہار کے مصنف لکھتے ہیں:

"آنند رام مخلص از شاگردان میرزا بیدل است اکثر سنجیده می گوید و مشق سخن بیك رُتبه رسانیده۔"۷۸؎

خوشگو رقمطراز ہیں:

"اوائل مشق سخن برای مشق بجناب میرزا بیدل بگذرانید و بعد ازان صحبت شب و روز در شعرش باخانصاحب آرزو مندانه سلمه الله تعالیٰ اتفاق افتاده۔"۷۹؎

خزانہ عامرہ میں آزاد بلگرامی لکھتے ہیں:

"در عنفوان جوانی اشعار خود را از نظر میرزا عبدالقادر بیدل مرحوم گذرانیده۔" ۸۰؎

چمنستان شعراء کے مولف کا بیان ہے:

"اصلاح سخن بخدمت میرزا عبدالقادر بیدلؔ و خان آرزو می گرفت۔"۸۱؎

مجمع النفائس اور نتائج الافکار کے مولف کا ایک ہی خیال ہے:

"در عنفوان جوانی اشعار خود را از نظر میرزا عبدالقادر بیدل مرحوم گذراینده۔" ۸۲؎

صحف ابراہیم کے مولف کا بیان ہے:

"در اوائل شباب افکار خود را از نظر میرزا بیدل می گذرانیده و بعد ازان باسراج الدین علی خان آرزو و تخلص صاحب تذکرہ محشور و مربوط می بود در فن شعر و انشاء مصنفات دارد۔" ۴۸۳

مولف سفینہ ہندی رقم طراز ہیں:

"در شعر سخن از بہترین شاگردان میرزا بیدل است۔...... باخان آرزو کمال اخلاص داشت۔" ۴۸۴

صاحب تصنیف بزم تیموریہ مخلص کے بارے میں لکھتے ہیں:

"مخلص کا شمار ان چند ہندو شعراء میں کیا جاتا ہے جو فارسی علوم و فنون کے بڑے دلدادہ اور شیدائی تھے۔ وہ میرزا بیدل کا تو شاگرد تھا ہی اس عہد کے تمام شعراء سے اس کے تعلقات تھے۔ خصوصاً خان آرزو سے اس کو بڑی عقیدت تھی۔" ۴۸۵

سید عبداللہ لکھتے ہیں:

"شعر و شاعری میں شروع میں میرزا بیدل سے اصلاح لی پھر جب خان آرزو ۱۱۳۴ھ میں دارالخلافہ شاہجہاں آباد میں آئے تو آنند رام نے خان آرزو کے لئے جاگیر، منصب اور خطاب خاکی بادشاہ سے حاصل کیا۔" ۴۸۶

مخلص کی ادبی کارکردگی اور فارسی زبان میں ان کی غیر معمولی دلچسپی کو اہل علم نے سراہا ہے۔ اور سبھی تذکرہ نگاروں نے مخلص کا ذکر بڑی خوش اسلوبی سے کیا ہے۔ بعض تذکرہ نگاروں کی یہ رائے ہے کہ صاحب تذکرہ مخزن الغرائب ہندو شاعروں کا ذکر کم کرتا ہے۔ لیکن اس نے بھی مخلص کو باقاعدہ اپنے شعراء کی فہرست میں داخل کیا ہے۔

آنند رام مخلص کا خان آرزو کے ساتھ استاد و شاگردی کا رشتہ تو تھا ہی لیکن دوستانہ

تعلقات بھی تھے۔ خان آرزو ان کے حسن و اخلاق اور انسانیت کی تعریف کرتے ہیں۔ اسی بنا پر مخلص سے تقریباً تیس سال تک روابط قائم رہے۔ لکھتے ہیں:

"آنند رام از حسن اخلاق و آدمیت وقابش تاکجا نوشته اید باعث بود فقیر آرزو در شاهجهان آباد دهلی اخلاق اوست از مدت سی سال تاالیوم سررشته کمال و صحبت و مودت را از دست نداده۔" ۴۸۷

ایک اور موقع پر مخلص سراج الدین علی خان آرزو کو مخاطب کرتے ہیں اور اجمیر کی سیر کی دعوت کے ساتھ ساتھ اپنا حال دل بھی بیان کرتے ہیں، کہتے ہیں:

ای سراج الدین علی صاحب بیا سیر تا یکجا کنیم اجمیر را
از من احوال دل مخلص مپرس دیده باشی غنچه تصویر را ۴۸۸

عمر کے آخری ایام میں مخلص کی صحت خراب رہنے لگی۔ وہ ایک عرصہ تک نفث الام میں مبتلا رہے اور آخرکار ۱۱۶۴ھ میں ایک طویل علالت کے بعد اس دارفانی سے کوچ کر گئے۔

مخلص کی تاریخ وفات کے بارے میں آزاد بلگرامی خزانہ عامرہ میں رقم طراز ہیں:

"مخلص در سنه اربع و ستین و ماته الف قالب تهی کرد۔" ۴۸۹

تذکرہ گل رعنا میں ثبت ہے:

"وفات رای آنند رام مخلص در سنه اربع و ستین و ماته والف ۱۱۶۴ھ اتفاق افتاد۔" ۴۹۰

مخلص کی تاریخ وفات کے بارے میں سفینہ ہندی کے مولف کا بیان ہے:

"در سنه چهارم احمد شاه بن فردوس آرامگاه بمرض نفث الام در گذشت۔" ۴۹۱

سید عبداللہ لکھتے ہیں:

"مخلص مدت تک نفث الام میں مبتلا رہ کر ۱۱۶۴ھ میں چل بسا۔" ۴۹۲ے

مخلص ایک بلند پایہ شاعر اور مصنف تھے۔ اس کا ثبوت ان کی فارسی تصانیف ہیں۔ ان میں رقعات مخلص، پری خانہ، مراۃ الصلاح، چمنستان، بدائع و قائع، سفرنامہ، کارنامہ عشق، روزنامچہ احوال، ہنگامہ عشق وغیرہ شاہکار ہیں۔ ان کے علاوہ ان کا دیوان جو غزلیات و رباعیات کا مجموعہ ہے۔ تقریباً دس ہزار ابیات پر مشتمل ہے۔ اس کی تعداد کے بارے میں خوشگو لکھتے ہیں۔

"دیوان غزلیات بقدرده هزار ابیات دارد، الفاظ رنگین و معانئ تازه و حکایتی در نثر نوشته۔ همه مقفیٰ و رنگین و نهایت معنیهای تازه و تشبیهات بلیغه دارد۔" ۴۹۳ے

مولف سفینہ ہندی کا بیان ہے:

"کلیاتش قریب پنجاه هزاربیت خوابد بود۔" ۴۹۴ے

سید عبداللہ کا بیان ہے کہ:

"انڈیا آفس لائبریری (کیٹلاگ نمبر۔ ۱۷۰۷) میں دیوان کا ایک نسخہ موجود ہے لیکن اس کے علاوہ کہیں پتہ چلتا۔ اس نسخہ میں رباعیات بھی ہیں اس نسخہ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ مصنف کی زندگی میں لکھا گیا ہے۔ اس لیے اس کی تاریخ کتابت ۱۰ ربیع الثانی ۱۱۵۷ھ ہے اور خود غلام علی آزاد نے مخلص کا دیوان اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا اور کلام کا جو نمونہ پیش کیا ہے وہ مجمع النفائس سے نقل کیا ہے۔" ۴۹۵ے

مخلص کے دیوان کے بارے میں سید عبداللہ کا مندرجہ بالا بیان اس لحاظ سے درست نہیں ہے کہ ان کے دیوان کا کوئی اور نسخہ انڈیا آفس لائبریری کے علاوہ کہیں موجود نہیں۔ ہوسکتا ہے اس وقت ان کی رسائی رضا لائبریری رام پور تک نہ ہوسکی ہو۔ ہمیں مخلص کے دیوان کا جو نسخہ رضا لائبریری رام پور میں دستیاب ہوا ہے۔ اس کی تفصیل اس طرح

ہے۔

مخلص کے دیوان کا قلمی نسخہ سائز ۸x ۴ رامپور رضا لائبریری، رامپور میں موجود ہے۔ یہ تقریباً ۳۲۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ دیوان کے اولین دو صفحات عمدہ سنہری مینا کاری کا نمونہ ہیں۔ بسم اللہ کے بعد حمد باری تعالیٰ سے دیوان کا آغاز ہوتا ہے۔ دیوان غزلیات، رباعیات اور قصائد پر مشتمل ہے۔ صفحہ نمبر-۱ سے صفحہ ۲۲۹ تک غزلیات ہیں اور تقریباً ۹۳ رباعیات صفحہ نمبر-۲۷۲ سے صفحہ نمبر- ۲۹۹ تک ہیں۔ ۳۲۵ صفحہ پر کچھ نہیں ہے۔ صفحہ ۳۲۶ سے صفحہ ۳۳۰ تک اردو کے اشعار ہیں۔ دیوان کے آخری صفحہ پر یہ عبارت لکھی ہوئی ہے:

"ناز بامقبول اهل راز و نیاز (نهم رجب المرجب ۲۰ جلوس محمد شاه روز یکشنبه طرف صبح بخط مصنف باتمام رسید۔"۹۶ے

مخلص کے دیوان کے آخر کی مندرجہ بالا عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنا دیوان خود مرتب کر کے لکھا ہے۔ مخلص نے جب یہ دیوان تمام کیا تو محمد شاہ کا ۲۰ واں سن جلوس تھا اور رجب کا مہینہ تھا۔ اس کے علاوہ خود ان کے دیوان کے مندرجہ ذیل اشعار سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ انہوں نے بخط خود یہ دیوان لکھا ہے۔ مخلص نے ان اشعار میں اپنا دیوان لکھنے کی ابتداء اور تمام کرنے کی تاریخ بیان کی ہے۔

تاریخ ترتیب یافتن دیوان غزل خودم:

شور انداخت بگلزار سخن چه چه بلبل فکرم مخلص
یافت ترتیب چودیوان تاریخ کردم انشاکل فکرم مخلص

تاریخ انتخاب دیوان خودم

ز دیوان منتخب چو کرد اشعار چون پرداز تراز موقلم کلك
تجویز خرد تاریخ اتمام عجایب انتخابی در قلم کلك ۹۷ے

اس کے علاوہ مختلف تذکروں میں ان کے کلام کے نمونے موجود ہیں۔

مخلص کو بزم شاعری کا شوق اس قدر تھا کہ اپنے بیشتر اوقات کو دوست واحباب

کی علمی مجالس میں صرف کیا کرتے تھے۔ان کی شاعری ان محفلوں کی وجہ سے برابر ترقی کرتی رہی اور اس میں وسعت و گہرائی پیدا ہوتی گئی۔ بزم تیموریہ کے مصنف لکھتے ہیں:

''اس کے گھر پر اہل علم مثلاً آرزو محمد علی خان، معنی یاب خان شاعر راؤ کرپا کرم، فتح سنگھ وغیرہ کی مجلسیں برابر منعقد ہوتی تھیں۔ان صحبتوں میں اس کے علمی ذوق کی جلا خوب ہوئی۔'' ۴۹۸

ان محفلوں کا ذکر سید عبداللہ اس طرح کرتے ہیں:

''مخلص کی طبیعت نہایت شگفتہ تھی۔ بزم کا اتنا شائق تھا کہ دہلی میں شام کے وقت ایک چائے یا قہوہ کی دکان پر اپنے احباب سمیت جا بیٹھتا اور خوش وقت ہوتا اور اپنے اوقات کو علمی مشاغل میں صرف کرتا تھا۔ زبان دانوں کے اشعار پر تنقید بھی کیا کرتا تھا۔'' ۴۹۹

مخلص فارسی نظم و نثر دونوں میں درجۂ کمال رکھتے تھے۔ان کا کلام سادہ اور سلیس ہے۔ وہ ایک پر گو شاعر تھے۔کلام میں شیرینی و دلکشی اور طرز ادا میں ایک خاص شگفتگی و لطافت پائی جاتی ہے۔وہ زبان دانی کے عالم تھے۔انہیں یہ وصف اپنے استاد میرزا بیدل اور خان آرزو کی سرپرستی میں حاصل ہوا تھا۔زبان و بیان اور خیالات دونوں اعتبار سے ان کا کلام عامیانہ پن سے پاک ہے۔خیالات میں ایک قسم کی پاکیزگی پائی جاتی ہے۔آرزو بھی مخلص کی پرگو لطیف سلیس و سادہ اور پر معنی شاعری کے دلدادہ تھے۔ اس لئے وہ ان کی شاعری کی تعریف میں لکھتے ہیں:

"اشعارش نہایت مرغوب است." ۵۰۰

خوشگو اپنے سفینہ میں مخلص کی شاعرانہ خوبیوں کو اس طرح بیان کرتے ہیں:

"شاعر معنی تلاش، خوش زبان، مثل اودرین جز و زمان کمیاب است." ۵۰۱

شفیق چمنستان میں مخلص کی شاعری کی مقبولیت کے بارے میں رقم طراز ہیں:

"شعرفارسیش که خیلی غدوبت می دارد برالسنۂ

عوام و خواص جاری است۔" ۵۰۲ھ

نتائج الافکار کے مولف مخلص کو شاعر "شیرین" کلام کہتے ہیں۔ ۵۰۳ھ
خود مخلص نے اپنے کلام پر متعدد جگہ فخر کیا ہے۔ مثلاً:

شب که شد در محفلش منکور مظلومان چرخ
گفت مخلص نام من داد خواهی داشتم ۵۰۴ھ

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

چون منجم دید طالع نامه ام خندید و گفت
این پسر قائم مقام حضرت مجنون بود ۵۰۵ھ

مخلص مباش منکر صاحب کمالیم
جوهر بود چو آئینه فردیدن مرا ۵۰۶ھ

عام طور پر مخلص کا شمار دوسرے درجے کے شاعروں میں کیا جاتا ہے۔ لیکن ان کی شاعری میں اعلیٰ درجے کی فنکاری پائی جاتی ہے۔ شاعری میں انہوں نے زبان کو بہت چابکدستی سے استعمال کیا ہے۔ کلام کو رنگین بنانے کے لیے صنائع لفظی کا سہارا لیا ہے۔ اور قدیم روش کے مطابق تلمیحات، تشبیہات، استعارات اور تراکیب کا استعمال کیا ہے۔ منظر نگاری ان کی شاعری کا خاص وصف ہے۔ تمثیلی انداز میں شعر کہتے ہیں۔ متقدمین کے سرمایۂ سخن کو پیش نظر رکھ کر ان میں بعض جدتیں پیدا کیں ہیں اور وہ جوہر دکھائے ہیں کہ اپنے ہم عصر شعراء میں ایک امتیازی مقام حاصل کر لیا ہے۔ وہ خدا سے بھی یہی دعا کرتے ہیں:

الهی آب و رنگ شور بلبل ده بیانم را
زیرك لاله قدری خوچگان ترگهرزبانم را

سیر ناز نینان چمن از دور خرسندم
مکن ای باغبان آواره از شاخ آشیانم را

مبادا خواب شیرینم نشوراند پس ازمردن
برون آرید ازپهلو دل در خون طپانم را

بغوغائ عجب احرام کویش لب اشك من
صد خوان از شهر شوریده باشد گام را

چسان گردیده ام رسوابعشق او که در هرجا　　بدین سان لعل می سازند مخلص داستانم را
عسل رنگین صفیر نیست مخلص همچومن　　چوںباشد ارزد کل جدول دیوان مرا۵۰۷
الٰهی آبداریها کرامت کن بیانم را　　برنگ برق ابری ساز شمشیر زبانم را
مکتب رنگ عاشقی نیست ای گل بی نمایان　　بهاری همچو برگ بان بود پنها خرابم را۵۰۸

شاعری کا جذبہ اللہ تعالیٰ نے ہی انسان کی فطرت میں ودیعت کیا ہے۔ یہ جذبہ خداداد ہوتا ہے۔ مخلص اپنے دلی جذبات و احساسات کو بڑی خوش اسلوبی سے بیان کرتے ہیں۔

نو بہار آمد، زہر شاخی صفیری شد بلند
گوش بر آوازم اکنون تاچه فرمایددلم۵۰۹

مخلص نے اپنے پیش رو کی طرح غزلیات میں حسن و عشق کو خاص موضوع بنایا۔ ان کے کلام میں بیشتر اشعار ان کی زندگی کے تجربات کی عکاسی کرتے ہیں۔ جن میں وہ محبت کے تلخ تجربات بیان کرتے ہیں۔ ان اشعار میں جذبے کی فطری شان اسلوب بیان سے صاف ظاہر ہوتی ہے:

دل چه لذت برد بغیر از عشق
نمك زندگی است شور مزاج۵۱۰

فصل گل دیوانگیها مقتضای عقل بود
مخلص سرخیل رندان عاشق هوش توأم۵۱۱

عمر چون زلف بتان در پیچ و تاب آمد بسر
عشق باز ان زه پیراهن پاریم ما۵۱۲

تاجد عشقیم مخلص میرسم از شهردل
هر کجا جنس وفا باشد خرید اریم ما۵۱۳

مخلص محبوب کی زلف، خط و خال اور اس کی ناز و ادا کی تعریف و توصیف کو مختلف پیرایہ میں بیان کرتے ہیں۔ وہ حسن و جمال کی کیفیتوں کو شعر کے قالب میں کمال خوبی سے ڈھالتے ہیں۔ فکر کی تازگی نے ان کے کلام میں ایسی کیفیت پیدا کردی ہے جو اپنا لطف رکھتی ہے۔ وہ محبوب کے حسن کی تعریف شعر میں اس طرح بیان کرتے ہیں کہ اس کا سراپا نگاہوں میں مجسم ہو جاتا ہے۔

برخط عارض تو بامعان کنم نگاه — زان سان که کس کتاب بخواند نبورماه

خال و خط برذقنت یا برای آب — دارند سبز چند غلوی بگرد چاه

گرداند عشق رنگ توای شوخ یازراه — خطی است گرد چهره تصویر بلدشاه۵۱۴

مباد حلقه صحبت زهمدگر باشد — سخن ز زلف پریشان یا رمی گذرد

صفا نماند میان دو زلف اواز خط — درین دو بار موافق غبار شد پیدا۵۱۵

برد سودائ سر زلف تواز خویش مرا — سفر دور دراز آمده در پیش مرا۵۱۶

مخلص کے ہاں رندی و سرمستی کے مضامین بہت کم پائے جاتے ہیں لیکن کہیں کہیں وہ شراب کا ذکر بڑے دلکش انداز میں کرتے ہیں۔

مخلص بشیره خانه خم باده جوش زد
موج شراب تا سردیواری رسد۵۱۷

گرفتم ارتکاب می گناه است
بهار از جانب ماعذر خواه است۵۱۸

لیکن کبھی کبھی وہ خود کو اس دنیا میں تنہا سمجھتے ہیں اور زمانہ سے پریشان حالی کی شکایت کرتے ہیں:

ای بلبلان که کرده سفر جانب قفس

تنہا گذاشتید در ین گلستان مرا۵۱۹

قصه کوه کن بود گویا
بوئ خون آید از افسانه ما۵۲۰

مخلصؔ کے ہاں خوداری، خود اعتمادی اور عرفان نفس کا درس ملتا ہے۔ وہ انسان کو دنیا کی بے ثباتی کے بارے میں بار بار نصیحت کرتے ہیں کہ اس رنگ بھری دنیا میں خود کو مشغول مت رکھ۔ مغرور مت ہو۔ آخر اس دنیا کو ایک دن ختم ہونا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

مغرور مشو فصل بهارای چمن
فرداست که آشوب خزانست درین بهار۵۲۱

درین جهان از اصل کار ماکسی آگاه نیست
این مرقع را مگر تصویر عنقائیم ما۵۲۲

ای جلوه گاه وادی ایمن بخود مناز
آخر دل خراب بیابان شوق کیست۵۲۳

مخلصؔ کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مذہب اسلام کا گہرا مطالعہ کیا ہے۔ اور اپنے اس علمی مطالعے سے اپنے کلام میں برملا استفادہ کیا ہے۔ دلنشین تلمیحات کے ذریعہ پیغمبران اسلام کے حالات و زندگی کو بیان کیا ہے۔ مثال کے طور پر ان کے مندرجہ ذیل اشعار اس بات کے شاہد ہیں کہ انہوں نے تمام پیغمبران اسلام کے بارے میں معلومات حاصل کر کے نہ صرف اپنے ذہن کو جلا پہنچائی ہے۔ بلکہ ان کے حالات و واقعات کو اپنے کلام کا موضوع خاص بنایا ہے۔ جیسا کہ ذیل کے اشعار سے ظاہر ہوتا ہے۔

یعقوب رفت دروی بده چشم خانه را
کزگرد راه پیرهن یار می رسد۵۲۴

ای زلیخا خبر از نکهت پیراهن گیر
غارت این قافله در سرحد کنعان شده است۵۲۵؎

تاجر مصریم ای کنعانیان نذر شما
تحفه مانند بوئ پیرهن خواهیم کرد۵۲۶؎

مخلصؔ کی متعدد غزلیں چھوٹی بحر میں بھی ملتی ہیں انہوں نے جہاں حسن و عشق کے موضوعات کو غزل میں خوبصورتی سے سجایا ہے وہیں پر اپنی زندگی کے نشیب و فراز کو بھی موثر انداز میں بیان کیا ہے۔ ذیل کی غزل میں وہ اپنی نوجوانی کے حالات زندگی سے گریز اور غم روزگار و غم دوران کی شکایت کرتے ہیں۔

مینوای عالم جواینها	تلخ کردید زندگانیها
میکشی دامن از سر خاکم	من بقربان سرگرانیها
تاچه سرهادهد ساد چوشمع	حسن این قسقه زعفرانیها
برگ گل بعینه ماند	مژه من زخون فشانیها
من و تقوی چه ممکن ای واعظ	نیست حاصل قصه خوانیها
در غمت چو شگوفه نارنج	پرکشم بنو جو انیها
بود خون آید از گل اشکم	آه زین جامه ارغوانیها
زنده ماندم جدازهمچوتوی	داداز دست سخت جانیها
نیست جرات بفیض حال مرا	گله مندم زبی زبانیها
نازکی بین که جامه گلدوز	برتنش می کند کرانیها
داری از نام مخلص اکنون نیك	یاد ایام مهربانیها۵۲۷؎

مخلصؔ محبوب کی بے وفائی کے باوجود اس کی سلامتی چاہتے ہیں اور اپنی تمام عمر اس کی یاد میں اپنے آپ کو مٹا کر گذار دینا چاہتے ہیں:

هر کجا است دل دارسلامت باشد	یارب این یار وفا دار سلامت باشد

خونی اگر شد دل شوریده بفرمان سرش
گل انگوشه دستار سلامت باشد

گرمناسب نبود آمدنم در کویت
بنده پرور سربلزار سلامت باشد[۵۲۸]

عمر من از چه نمیکردی
زندگی بتو جان بلب دارد

سوختم بسکه از حرارت عشق
استخوانم چو شمع تب دارد[۵۲۹]

مخلص کو دنیا کی بے وفائی کا بھی گلہ ہے اور اس صحرا یعنی دنیا میں مثل مجنون سرگردان ہیں۔ مخلص اپنے ان پراگندہ خیالات کو نظم میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

دل اکثر می کند مانند مجنون سوی این صحرا
زلیلیٰ یاد از بس میدهد آهوی این صحرا

زنسل قیس شاید فوت شد دیوانۂ دگر
پریشان مست یار آرید مجنون موی این صحرا

پس از مجنون نشدتا جاده هالبریز از ارشکم
نیاید یار آب رفته در جوی این صحرا

زاشکم ترنشد کاش مخلص وادی لیلیٰ
خجالت می کشد مجنون از روی این صحرا[۵۲۹]

مخلص کو شاعری کی ہر صنف میں کمال حاصل تھا۔ انہوں نے رباعیات کو بھی اپنا موضوع سخن بنایا ہے۔ ان کی رباعیات خیام کی پایہ کی تو نہیں ہیں لیکن فارسی شاعری میں ایک خوشگوار اضافہ ضرور ہیں۔ ان کی رباعیات میں ہندوستانی موسم اور تہواروں کے علاوہ دیگر موضوعات بھی ملتے ہیں:

فصل گل و جوش ابر سرست را
مخلص اگرت ذوق طرب مست را

فرصت منت سیر می باید کرد
چون زلاله ز خانه جام در دست را

امروز که تو قبله جان و دل ما
افضال عمیمیت مه جاشامل ما

صد شکر تصدق نسیم کرمت — که دید بریك غنچه حل مشکل ما۵۳۰؎

درتعریف ہولی

خلقی سودای بهار هولیست — برخرمی و طرب بدار هولیست
رفته است و خویشتن رنگی هرکس — این کار شراب نیست کار هولیست۵۳۱؎

دلدا که براه عشق قربان کردم — از داعی خند گل و دامان کردم
چون لال بامید تماشای بتان — در خود زدم آتش چراغان کردم۵۳۲؎

حرف عشقم بگوش چون آید — در شعر نو کهنه چون می آید
مخلص قفس لال بریشم بردار — زین لاله چند بوی خون می آید۵۳۳؎

مخلصؔ کے دیوان کی آخری رباعی

یارب که بکام ما احیا باشی — طمع که همیشه مسند آراباشی
ای یوسف مصر سوادجویی — هر جا باشی عزیز زلیخا باشی۵۳۴؎

ان رباعیات کے علاوہ مخلص نے در شکایت ایام تابستان، در تعریف کشتی، در تعریف خط، در تعریف انبہ، از عالم ہزین و دیگر موضوعات پر بھی رباعیاں لکھی ہیں۔

مخلصؔ کا تعلق کسی شاہی دربار سے تو نہیں تھا لیکن نوابین کی توجہ ضرور ان کی طرف تھی۔ گمان غالب ہے کہ ان کی طرف سے مخلص کو وظائف بھی ملتے ہوں گے۔ مخلص پر جب جب جن نوابین نے توجہ فرمائی یعنی ان کا وظیفہ مقرر کیا انہوں نے اسی تاریخ میں اشعار کہے جو ان کے دیوان میں شامل ہیں۔ ذیل کے اشعار اس بات کا بین ثبوت ہیں۔

تاریخ توجہ نواب صاحب وزیر الممالک اعتماد الدولہ جتن بہادر تشریف آوری محمد شاہ پادشاہ غازی بنواب صاحب در خضر آمد

ختن بها در اعتماد الدوله نواب وزیر — آنکه بلشد ست جوش در فشان همچوسحاب
آنکه برق تیغ او گر رخشداز ابرنیام — زهره دشمن شود چودانه انگور آب۵۳۵؎

قبله عالم محمد شاه غازی بادشاه	ثانی صاحبقران شاهنشه مالك رقاب
از قدوم خود که خورش گردره شدبا چومهر	خلنه اش را داد چون آئینه دیگر آب و تاب
وصف او در خورد جوهرش زره مقد رنیست	آفتلبست آفتابست آفتابست آفتاب ۵۳۵

مخلص کو شعر میں تاریخ بیان کرنے پر کمال حاصل تھا یہ اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ وہ شعر کہنے میں استادانہ دسترس رکھتے تھے۔ انہوں نے ہر بات اور ہر واقعہ کی قطعہ تاریخ کمال خوبی سے کہی ہے۔ ذیل کے قطعات میں وہ اپنے مکان کی تاریخ نظم کرتے ہیں۔ جیسا کہ اس زمانے میں رواج تھا کہ عمارت کی تاریخ بنا قطعہ لکھ کر مکان کے دروازے پر نسب کرتے تھے۔ مخلص بھی کسی سے پیچھے نہیں ہیں:

تاریخ عمارتی کہ راقم سطور برای خود در شاہجہان آباد ترتیب دادہ

جواهر خانه دلکشاتر زبانم	که باشد روی زمین بی بدل
بطراحی شوق تقطیع یافت	چو موزون جوابان رنگین جلل ۵۳۷

تاریخ رحلت والدہ ماجدہ نواب صاحب وزیر الممالک اعتماد الدولہ بہادر

چو پرسیدم از سال رحلت زعقل	بگفتا بخلد برین کرده جایی ۵۳۸

تاریخ ترتیب یافتن دیوان غزل خودم

شد رانداخت بگلزار سخن	چه چه بلبل فکرم مخلص
یافت ترتیب چود یوان تاریخ	کردم انشاکل فکرم مخلص ۵۳۹

تاریخ انتخاب دیوان خودم

زدیوان منتخب چو کرداشعار	چون برداز تراز موقلم کلك
تجویر خرد تاریخ اتمام	عجایب انتخابی در قلم کلك ۵۴۰

بندرابن داس خوشگو

بندرابن داس خوشگو متھرا کے بئیس فرقہ کے راجپوت گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ان کا سلسلہ نسب ہندوستان کے مشہور راجا بکرمادت سے ملتا ہے۔ جیسا کہ سفینہ ہندی کے مولف کا بیان ہے:

"بندرابن خوشگو از طائفه بئیس است که فرقه ایست از قوم راجپوت بیواره من مضافات اودھ سلسله انساب ایشان بسال باهن که سنه اومثل راجا بکرمادت در کواغذ هندی جادیست می رسد۔" ۵۴۱

خوشگو کے والد اورنگ زیب کی فوج میں شیورام داس حیا کے والد کے ساتھ ملازمت کرتے تھے۔ ان کے دادا اعظم شاہ سے پہلے محمد شاہ کے شاہی دربار میں منصب پیش وکالت پر فائز تھے۔ تذکرہ نگاروں کے بیان میں خوشگو کے وطن اور جای پیدائش کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ متعدد تذکرہ نگار اس بات پر متفق ہیں کہ ان کا وطن متھرا ہی تھا۔ اور ان کی پیدائش متھرا کے گردونواح ہی میں ہوئی تھی۔

شفیق اپنے تذکرہ گل رعنا میں خوشگو کے نام اور جای پیدائش کی توضیح ان الفاظ میں پیش کرتے ہیں:

"خوشگو هندوی است از قوم بئیس۔ مولد و منشا او متهرا بلده ایست قریب اکبرآباد و نام او این نام موضعی است از متهرا و داس در زبان هندی غلام راگویند یعنی غلام آن موضع بلاتشبیهه مثل نجف قلی، چه متهرا موطن کشن (کرشن) باشد که مقتدائی عمده هنود است۔" ۵۴۲

بندرابن متھرا میں جگہ کا نام ہے اور داس کو ہندی زبان میں غلام کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یعنی بندرابن داس کا مطلب ہوا ''بندرابن کا غلام'' متھرا ہندوؤں کا مقدس مقام مانا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ ان کے مشہور اوتار کرشن جی کی جای پیدائش ہے۔ اسی مناسبت سے ان کا نام رکھا گیا۔

مخزن الغرائب کے مولف کا بھی یہ ہی بیان ہے کہتے ہیں کہ:

"خوشگو بندرابن خوشگو تخلص از قوم بئیس راجپوت بوده." ۵۴۳

عطا کاکوی نے خوشگو کے سفینہ کو مرتب کرتے وقت ابتدائی صفحات میں لکھا ہے کہ خوشگو نے اپنے حالات زندگی کو سفینہ میں داخل نہیں کیا۔ اسی وجہ سے ان کے حالات صحیح طور پر معلوم نہیں ہوتے۔ وہ لکھتے ہیں:

"خوشگو احوال خویش را درین سفینه داخل نه کرد و ازین سبب حالاتش کماحقه معلوم نیست این قدراز دیگر تذکره ها ونیز ضمناً که درین سفینه بیان کرده معلوم میشود که وطنش متهرا بود. پدر کلانش و خدمت پیش وکالت درگاه بادشاهی از قبل شاه (اعظم شاه) داشته. و پدرش با پدرشیورام داس حیاؔ در لشکر عالمگیری بوده. عمش سدانند بے تکلف خود شاعر بود. ودرسرکارقدسیه جهان زیب بانو بیگم به خدمت سرفراز بود." ۵۴۴

مولف روز روشن کے بیان میں دیگر تمام تذکرہ نگاروں سے تضاد پایا جاتا ہے۔ انہوں نے ان کا وطن دہلی ہی لکھ دیا۔ حالانکہ ان کا یہ بیان درست نہیں ہے اور صرف قیاس پر مبنی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ خوشگو نے جو دہلی میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ اسی کے سبب انہوں نے ان کو دہلوی لکھ دیا جیسا کہ وہ لکھتے ہیں:

"خوشگو۔ بندرابن داس دهلوی از ماهران لب و لهجه

ارباب لسان است۔" ۵۴۵ؔ

مندرجہ بالا بیانات کی روشنی میں یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ خوشگو کی جائے پیدائش و وطن متھرا ہی تھا۔

خوشگو کے سال پیدائش کے بارے میں کسی بھی تذکرہ نگار نے نہیں لکھا ہے۔لیکن خود خوشگو کے بیان سے جو انہوں نے اپنے سفینہ میں میرزا عبدالقادر بیدؔل کے حالات زندگی لکھتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"فقیر درین مدت عمر که پنجاه و شش مرحله طی کرده باهزاران مردم ثقه برخورده باشیم۔" ۵۴۶ؔ

خوشگو کے قول کے مطابق کہ انہوں نے اپنا تذکرہ ''سفینۂ خوشگو'' ۱۱۳۷ھ سے ۱۱۴۸ھ درمیان میں مکمل کیا ۵۴۷ؔ یعنی تقریباً دس سال میں تصنیف ہوا۔ اس تذکرہ میں خوشگو کے بیان کے مطابق جب وہ اپنے استاد میرزا عبدالقادر بیدؔل کے حالات لکھ رہے تھے۔ تو ان کی عمر ۵۶ سال کی تھی۔ اس کے مطابق ان کا سال پیدائش ۱۰۸۵ھ ہوتا ہے۔ اور وہ اپنے استاد کے حالات زندگی ۱۱۴۱ھ میں قلم بند کر رہے تھے۔

خوشگو نے چونکہ ایسے ماحول میں آنکھیں کھولی تھیں جہاں علم و ادب کا بول بالا تھا۔ شعر و شاعری کا ماحول تھا جس کی بدولت ان کا فطری رجحان اور ذہن طبع بھی علم و ادب اور شعر و شاعری کی طرف مائل ہو گیا۔ انہوں نے اس زمانے کے نادر و نامور شعراء اور بزرگوں کی صحبتوں سے فیض حاصل کیا۔ چوذہ سال کی عمر میں وہ شعر کہنے لگے تھے۔ خوشگو محمد افضل سرخوؔش، میرزا عبدالقادر بیدؔل، سراج الدین علی خان آرزؔو، حکیم چند ندرت اور شیخ سعداللہ گلشن جیسی مشہور ہستیوں کے شاگرد رہے۔ مجمع النفائس کے مولف لکھتے ہیں:

"استفاده بسیار از خدمت بزرگان فن مثل میرزا عبدالقادر بیدؔل میرزا افضل سرخوش و حضرت شیخ سعد الله گلشن قدس سره نموده از مدت بیست و پنج سال تخمیناً باین همچمدان ربط کلی بهم رسانیده۔" ۵۴۸ؔ

تذکرہ گل رعنا کے مولف کا بیان ہے:

"خوشگو اسمیست بامسمیٰ و عندلیبی است رنگین نوا فیض ھا از برکات صحبت بزرگان و سخن سنجان برداشته مثل میرزا عبدالقادر بیدل و محمد افضل سرخوش و شیخ سعد الله گلشن و مشق شعرا ز نظر سراج الدین علی خان آرزو گذرانیده۔" ۵۴۹

مقالات الشعراء کے مولف رقم طراز ہیں:

"ابتداء مشق سخن پیش میرزا بیدل و محمد افضل سرخوش و سعدالله گلشن نمود و خان آرزو و مغفور نوشته که از مستفیدان فقیراست۔" ۵۵۰

سفینہ ہندی میں بھگوان داس ہندی لکھتے ہیں:

"اوائل بخدمت میرزا افضل سرخوش و میرزا بیدل و شیخ سعدالله گلشن استفاده می نمود۔" ۵۵۱

منتخب الطائف اور تکملتہ الشعراء کے مولف بھی یہ ہی لکھتے ہیں:

"بندرابن خوشگو تخلص از شاگردان رشید شیخ سعد الله گلشن و میرزا افضل سرخوش و میرزا بیدل و خان آرزو یست۔" ۵۵۲

خوشگو کو میرزا عبدالقادر بیدلؔ کی صحبتوں میں بیٹھنے اور ان سے کسب فیض حاصل کرنے کا زیادہ موقع ملا ہے۔ انہوں نے سیکڑوں مرتبہ استفادہ کیا ہے۔ اس لئے وہ نوجوانی سے ہی ان کی خدمت میں حاضر ہو کر شاعری کی اصلاح اور دیگر علوم کا درس حاصل کرتے تھے۔ خوشگو میرزا عبدالقادر بیدلؔ کی قادرالکلامی، فصیح بیانی اور راست گوئی کے معتقد ہیں فرماتے ہیں:

"فقیر خوشگو درعمر خود زیاداز هر مار مرتبه

بخدمتش مستفید شده باشم. ندیدم که کسی ازین جماعت
که غلط گویش می گویند بحضوراو رفته حرف سبز کرده
باشد." ۵۵۳ؔ

از عنفوان شعور به خدمتش بندگی داشته، ور سائل
و عروض و قافیه و معماو اکثر دوادین تازه گویان پیش او
گذرانیده." ۵۵۴ؔ

خوشگو نے اپنے استاد میرزا عبدالقادر بیدلؔ کی شبانہ محفلوں میں شریک ہوتے تھے۔ اور دوران گفتگو جو حکایتیں اور مثالیں بیان کرتے تھے ان کو قلمبند کرتے تھے۔ اور استاد کی ان شعری نشستوں کو جنہیں وہ ذکر خدا کی محفل کہتے تھے، کے بارے میں خوشگو کہتے ہیں کہ:

"سرشام بدیوان خانه تشریف آوردی تانیم شب
نشستی و اقسام حکایات و امثال کار آمدنی درمیان
آوردی. فقیر (خوشگو) ملفوظاتی نوشته که اکثر
مذکورات آن صحبت ها در وداخل است. و اکثر اوقات در
گپ زد نها زیادگذشتی فرمودی که یاران الحال باید ذکر
خدای که کنایه از شعر خوانی باشد درمیان آید." ۵۵۵ؔ

خوشگو نے اپنے استاد میرزا عبدالقادر بیدلؔ کی تعریف و توصیف میں متعدد رباعیات نظم کی ہیں۔ جو عقیدت کے جذبے سے پر ہیں۔ اپنے استاد کے زور بیان کی تعریف میں کہتے ہیں:

ای زور تودندان شکن اهل سخن — خوش گوئی ضعف را چه یارائی دهن
گرز در کند بیك دو حرف تعریف — حقا که بود زبان رستم الکن۵۵۶ؔ

وہ اپنے استاد کو اپنا رہنمائی سخن، پیشوا اور یہاں تک کہ انہیں پیغمبر، غوث، اور پیشوائی سخن، خداوند سخندانی جیسے القاب سے یاد کرتے ہیں:

میرزا بیدل که رهنمائی سخن است | پیغمبر و غوث و پیشوائی سخن است
یکتا است در آفریدن طرز کلام | بالله که بی سخن خدائی سخن است۵۵۷

خوشگو نے اپنے استاد میرزا عبدالقادر بیدل کی عظمت و بزرگی اور ان کے علم وفن اور شاعری کی ستائش کی ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ انہوں نے ان کے انداز تکلم کو سراہا ہے کہ وہ آہستہ آہستہ رک رک کر گفتگو کرتے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے دہن سے موتی برس رہے ہوں یا پھول جھڑ رہے ہوں۔ بیدل کی آہستہ کلامی اس درجہ تھی کہ آخری صف نشینان کم سن پاتے تھے۔ خوشگو کہتے ہیں کہ اُن کا ایک غلام تھا جس کو وہ چلم تازہ کرنے کے لئے بلاتے تھے اور وہ غلام باوجود قریب ہونے کے بلند آواز میں جواب دیتا تھا۔ اس غلام کا نام "مضمون" تھا۔ وہ اکثر بے ربط شعر بلند آواز سے پڑھتا کہ جس کی آواز باہر تک آتی اور کوچہ میں یہ پتہ چل جاتا کہ آنحضرت شعر پڑھ رہے ہیں۔ خوشگو نے اس غلام کے نام کی مناسبت سے ایسے موقعہ کے لئے ایک شعر کہا جس کو انہوں نے بیدل کے ذکر میں نقل کیا ہے۔

بیدل که تخت گاه فصاحت مقام اواست
معنی کنیز او شد و مضمون غلام او است۵۵۷

خوشگو بیدل کی قدرت پرگوئی اور سخن طرازی کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان کو شعر کہنے پر اتنی قدرت حاصل تھی کہ اگر قلم اٹھالیتے تو ایک روز میں پانچ سو شعر کہہ ڈالتے۔ بیدل نے رودکی کی رباعی کے جواب میں ایک رباعی کہی اور حق ادا کر دیا۔ خوشگو نے بھی اپنے استاد کی اس رباعی سے متاثر ہو کر اسی مضمون میں ایک رباعی کہی جو ان کی فارسی شاعری پر قدرت کی دلیل ہے۔ وہ تینوں رباعیاں یہ ہیں:

(رودکی)

آمد برمن که، یار، کی، وقت سحر | ترسیدزکه، زخصم، خصمش که، پدر
دارمش چه، بوسه، برکجا برلب، وبر | لب بُدنه، چه بُد، عقیق چون بُد، چوشکر

(بیدل)

دمی خفت که، ناقه، درکجا خفت، بکل
کردم چه، فغان، از چه، زیاد منزل
دادازکه، زخود، چرا، زسعی باطل
کا فتادچه، بارا زکه، سربرکه، بدل
(فقیر خوشگو)

رفتم بکجا بباغ، کی، فصل بهار
دل تنگ چسان، چو غنچه، چون، بی للدار
دیدم چه شکسته گلی از چه زبوئی
گل بد، چه، بدنامۂ از که، ازیار ۵۵۹ؔ

ان رباعیوں میں رودکی اور بیدل نے صنعت قوافی سے کام لیا ہے لیکن چاروں مصرعے مقفی ہیں۔ خوشگو نے بھی یہ رباعی کہی لیکن انہوں نے وہ خاص صنعت تیسرے مصرعے میں روا نہ رکھی۔

خوشگو نے اپنے استاد میرزا بیدل کی تاریخ وفات کی مندرجہ ذیل رباعی نظم کی ہے:

افسوس که بیدل زجهان روی نهفت
وآن جوهر پاك در ته خاك بخفت
خوشگو ز عقل کرد تاریخ سوال
"از عالم رفت میرزا بیدل" گفت۵۶۰ؔ

خوشگو اپنے پیر ومرشد شیخ سعداللہ سے بہت زیادہ عقیدت و محبت رکھتے تھے۔ انہوں نے ان کی باطنی تربیت کی تھی جس کی وجہ سے ان کے دل میں مذہب اسلام سے ایک خاص لگاؤ پیدا ہوگیا تھا۔ ذیل کے شعر میں وہ اپنے استاد کے نام سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کو گلشن معنی کہتے ہیں کہ ان کی شخصیت علمیت کی مظہر ہے۔ وہی ان کے قبلہ وہی ان کے پیراور وہی ان کے استاد ہیں۔

گلشن معنی جناب شیخ سعدالله ما

قبله ما پیرما، استاد ما شاه ما۵۶۱ؔ

خوشگو، شاہ گلشن کی شاعرانہ محفلوں میں شرکت کرتے تھے۔ شاہ گلشن جمنا کے کنارے اورنگ زیب کی بیٹی شہزادی زینت النساء بیگم کی مسجد زینت المساجد میں تقریباً ۲۰ سال تک شاہجہاں آباد میں سکونت پذیر رہے۔ شنبہ کے دن اکثر صاحب سخن اس مسجد میں جمع ہوتے۔ شعر و شاعری کی محفل رونق افروز ہوتیں۔ خوشگو بھی اس مشاعرہ میں برابر شریک

رہتے تھے۔ انہوں نے اس محفل شعر کی مناسبت سے ایک روز مشاعرے میں یہ شعر پڑھا:

اگر آب و هوای گل زمین شعر خواهی بین

فضای مسجد بیگم کنار آب جمنا را[۶۲۱]

خوشگو کہتے ہیں کہ شیخ سعداللہ گلشن نے ان پر خاص توجہ عنایت فرمائی وہ ان کی صحبتوں سے تقریباً دو ہزار بار فیضیاب ہوئے۔

"بر فقیر تو جهات در نهایت داشت. اکثر به ویرانه قدم رنجه می فرمود و فرمائش اطعمه هندوانه می نمود فقیر زیاد از دوهزار بار گلهای فیض از صحبت آن گلشن فیض چیده." [۶۲۳]

خوشگو نے اپنے استاد شیخ سعداللہ گلشن کی تاریخ رحلت بھی لکھی ہے:

"فقیر خوشگو تاریخ رحلت ایشان ازین مصرع برآورد

جای گلشن به بهشت ابدی" [۶۲۴]

۱۱۴۰ھ

اپنے استاد میرزا افضل سرخوش کے فیض و برکت کے بارے میں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس قدر فیض و برکت عطا فرمائی تھی کہ جو کوئی بھی ان کی خدمت میں پہنچتا تھا۔ اور ان کے سامنے اپنا کلام پیش کرتا وہ قبول ہو جاتا تھا۔ خود خوشگو نے بھی چودہ سال کی عمر میں ان کے آستان مبارک پر اپنی پیشانی جھکائی تھی اور اپنی ٹوٹی پھوٹی شاعری کی اصلاح ان سے کرائی ایک روز انہوں نے یہ مصرع پڑھ کر اپنے استاد کو سنایا—

"بود غمخواری کو دک پس از مرگ پدر عم را"

استاد ان کا یہ مصرع سن کر بہت خوش ہوئے۔ اور انہوں نے مصرع پر دستخط فرما دی:

"این مصرع از عالم معنی است. بعد مشق بسیار دست می دهد از عین غافل نباشی و خود پیش مصرع رسانید." ع

کشیدم بعد مجنون تنگ در آغوش جان غم را

خوشگو نے اپنے استاد کے مشورہ پر عمل کیا اور اسی جوش وخروش اور لگن سے شعر کہنے لگے اور اپنے استاد کے مصرع پر یہ مصرع لگایا:

چو مجنون داد جان من پرورش کردم بجان غم را

خوشگو کے استاد محمد افضل سرخوش نے ان کی خوش کلامی سے خوش ہو کر ان کو ''خوشگو'' تخلص عنایت فرمایا۔ ۵۶۵

خوشگو نے اپنی عمر کے پچیس سال سراج الدین علی خان آرزو کی خدمت میں بسر کیے۔ تین دفتر پر مشتمل سفینہ لکھا۔ جس میں انہوں نے تمام فارسی گوشعراء اور بزرگ ہستیوں کے حالات زندگی اور ان کے کلام کو ایک جگہ جمع کیا ہے۔ خان آرزو نے کئی بار اصلاح کی نظر سے ان کا مطالعہ کیا اور اس میں اضافہ بھی کیا۔ خوشگو کا کہنا ہے کہ خان آرزو ان پر ضرورت سے زیادہ مہربان تھے۔ ان کے نظر کرم نے خوشگو کو زرہ سے آفتاب بنا دیا تھا۔ وہ اپنے تمام شاگردوں سے زیادہ خوشگو کو چاہتے تھے۔

خوشگو کو بھی اپنے استاد خان آرزو سے بے انتہا ارادت وعقیدت تھی۔ وہ باقاعدگی سے ان کی شعری نشستوں میں شریک ہوتے تھے۔ آرزو دیگر شاگردوں کی موجودگی میں جب غزل کہا کرتے تھے تو وہ خوشگو سے نقل کرنے کو کہتے تھے۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ انہوں نے ایک غزل تمام شاگردوں کی موجودگی میں کہی۔ اور اس کے مقطع میں خوشگو کا نام نظم کیا:

آرزو را محبت خوشگو باز دارد زفکر هائ دگر

خوشگو بھی ان کے ہونہار اور ذہین شاگرد تھے۔ وہ استاد کی اس زرہ نوازی سے بہت متاثر ہوئے۔ اور انہوں نے اسی زمین میں غزل کہہ ڈالی۔ مقطع میں اپنے استاد کا نام لے آئے۔ اس میں انہوں نے استاد کی محبت اور شاعری کی تعریف وتوصیف بیان کی اور اس کو استاد کے سامنے پیش کیا:

آرزو آن سراج دین علی که به طبعش بود ضیائی دگر
هند از ذات او شده ایران بخدا هست صایبائی دگر
من شاگرد حضرت خودرا کرد مشمول لطفهائ دگر

نامم از مقطعش جهان گرادست　　قطع کر د م کنون زپائ دگر
آرزو را محبت خوشگو　　باز دارد زفکر هائ دگر۵۶۶

خوشگو نے لالہ شیو رام داس حیا سے اپنی ملاقات کا ذکر اپنے سفینہ میں کیا ہے۔ جب وہ پہلی بار ان سے ملے تو انہوں نے ان کی ضیافت کے بعد ان سے غزل کی فرمائش کی۔ اس غزل کے چند شعر یہاں نقل کئے جاتے ہیں جو خوشگو کی زبان و بیان پر قدرت اور شعر گوئی کی استعداد کا مظہر ہے:

کجا با نرگسی پهلو زند چشم سخن گویش　　هلالی خط به بینی می کشددر پیش ابرویش
مگر ذوق سخندانی بیاداو دهد نامم　　تولی قاصد بتقریبی بخوان مقطع زخوشگویش۵۶۷

خوشگو نے اپنا سفینہ محمد شاہ کے دور حکومت میں دہلی میں تالیف کیا جس میں تمام قدیم و جدید شعراء کا تفصیل سے ذکر کیا ہے اور اسے عمدۃ الملک امیر خان کے نام معنون کیا جو عظیم آباد کے ناظم تھے۔ امیر خان نے ان کی اس خدمت کے طفیل میں ان کو دو روپیہ یومیہ دیتے تھے جس سے ان کی گذر اوقات ہوتی تھی۔

"تذکرة الشعراء ...... رنگین محتوی براحوال شعراء سلف و خلف تا معاصرین به خامه استعداد نوشته و آن را بنام عمدة الملك امیرخان متخلص به انجام مزین ساخته. نواب در جلددئی آن دو روپیه یومیه اوبر محصول مسائر اله آباد مقردنمودتا نواب بقید حیات بودی یافت."۵۶۸

مخزن الغرائب کے مولف لکھتے ہیں:

"نوکری پیشه بود و آخر فقیر شد. بسیار بزرگان رادیده نواب امیر خان دو روپیه یومیه اش درذی درویشان اله آباد نمود."۵۶۹

سفینہ ہندی کے مولف رقم طراز ہیں:

"تذکرة الشعرای از زمان متقدمین تاشعرای زمانی

خود بنام امیر خان مرحوم نوشته ...... و پیشه نوکری می گذرانید آخر ترک لباس کرده فقیر شد۔ امیر خان که ناظم صوبه اله آباد بود دوروپیه یومیه باور سانید و اوبآن اوقات بسر می برد۔" ۵۷۰

اپنے تذکرہ کی پہلی اور دوسری جلد میں خوشگو نے متقدمین و متوسطین شعراء کا حال تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اور تیسری جلد میں معاصرین شعراء کے حالات زندگی اور کلام کو یکجا کیا ہے۔ خوشگو کا فطری رحجان علم و ادب اور شعرو شاعری کی طرف مائل ہوا اور اپنے اس شوق کی وجہ سے وہ ہندوستان کے بڑے بڑے شہروں میں گئے اور وہاں کے شعراء کی صحبتوں سے فیضیاب ہوئے۔ سید عبداللہ کا بیان ہے:

"خوشگو بندرابن داس (متوفی ۱۱۷۰ھ) از شاگردان سرخوش، تذکرہ خوش گو اس کی تصنیف ھے جس سے معلوم ھوتا ھے که شاعر نے اپنے ابتدائی تعلیم کے بعد جو بیغم بیراگی اور سدانند بے تکلف کے پاس حاصل کی ملازمت اختیار کی۔ اس حیثیت سے اس نے ھندوستان کے بڑے بڑے شھروں میں قیام کیا اور وھاں کے شعراء سے ملاقات کا اتفاق ھوا۔" ۵۷۱

خوشگو اپنی تصنیف سفینہ خوشگو کی وجہ سے زیادہ معروف و مشہور ہوئے۔ حالانکہ انہوں نے شاعری میں اپنا دیوان یادگار چھوڑا تھا جو اب ناپید ہے چنانچہ ان کی شاعری کا ناقدانہ تجزیہ پیش کرنا مشکل ہے۔

خوشگو شروع میں نوکری کرتے تھے، بعد میں انہوں نے فقیری کا مسلک اختیار کرلیا۔ وہ فقیروں کے درمیان آزادانہ زندگی بسر کرتے تھے کبھی بنارس، کبھی الہ آباد اور کبھی عظیم آباد آتے جاتے رہتے تھے۔ ان کا انتقال عظیم آباد میں ہوا۔ خوشگو کی تاریخ وفات کے بارے میں عطا کاکوی صاحب جنہوں نے سفینہ مرتب کیا ہے، لکھتے ہیں:

"آخر کار در عشره سابع بعد ماة والف در عظیم آباد جان به جان آفرین سپرد۔" ۲ ۵۷

خوشگو کی تاریخ وفات کے بارے میں شفیق کا بیان ہے:

"آخر لباس دنیاداری ترک داده۔ درزمی فقرامی زیست و به طرف آله آباد بسر می برد و در عشره سابع بعد ماة والف (۱۱۷۰ھ) در عظیم آباد پتنه پیکر عنصری و اگذاشت۔" ۳ ۵۷

صحف ابراہیم کے مولف لکھتے ہیں:

" او آخر ترک پیشه نوکری کرده۔ در لباس فقرانه میزیست تاآنکه در عشره هفتم بعد یکهزار و یکصد هجری در عظیم آباد صوبه بهار رحلت نمود۔" ۴ ۵۷

مذکورہ تذکرہ نگاروں کے بیان سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ خوشگو ۱۱۷۰ھ میں عظیم آباد جا کر اس دارفانی سے رخصت ہوئے۔

حکیم الممالک شہرت حسین شہرت تخلص جو اصل میں عربی تھے اور ان کے آب و اجداد شیراز کے رہنے والے تھے۔ اعظم شاہ کے زمانے میں ہندوستان آ گئے تھے حکمت و طبابت کے علاوہ حکیم شہرت شاعری میں بھی درجہ کمال رکھتے تھے۔ وہ ہندوستانی شعراء اور خاص کر میرزا عبدالقادر بیدل اور اسلم سالم کی صحبت میں رہتے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے یہ استاد شاعران پر بہت مہربانی فرماتے تھے۔ حکیم چند ندرت اور خوشگو بھی ان کی خدمت میں حاضر ہوتے رہتے۔ ایک دن انہوں نے ایک شعر کہا اور خوشگو سے فرمایا کہ طرح کنید:

نقش من از پاکبازی برسرکویت نشست
شش جهت را کرد ششدر نزدمن بید ردمن

خوشگو نے بھی فی البدیع جواب دیا جس کو انہوں نے پسند فرمایا۔ وہ

شعر ہے:

خواه برخاکم بیفگن خواه بردار از زمین
هست در دست تو طاس نردمن بیدردمن ۵۷۵ھ

خوشگو نے ایک غزل میرزا بیدلؔ کے عرس کے موقع پر تقریباً سوشاعروں کے سامنے اپنی شاعری کی تعریف میں پڑھی۔ ان کو اپنی شاعری پر بڑا ناز تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ استاد آرزو نے بھی میرے کلام کو سن کرآفرین کہا ہے۔ یہ غزل انہوں نے اپنے ہم عصر شاعر حضوریؔ اور حکیم چند ندرت اور دیگر شعراء کے اس اعتراض میں نظم کی تھی جنہوں نے خوشگو کی شاعری کو کم درجہ کی شاعری گردانا تھا۔ انہوں نے ان اعتراض کرنے والے شعراء سے کہا کہ جو اپنے آپ کو اہل فن سمجھتے ہیں پہلے وہ فن شعر کو جانیں۔ اس کے بعد ان کا اعتراض جائز ہوگا۔ کہتے ہیں کہ یہ مدعا بیان کرنے سے میرا مطلب خودنمائی اورعرض کمال نہیں ہے۔ انؔ کی فارسی زبان پرقدرت کی دلیل ذیل کے اشعار سے پیش کی جاسکتی ہے:

بنده خوشگو را بدرگاه بزرگان سخن — التماسی هست باید داشتن گوشی به من
مطلعی گفتم که استاد آرزو گفت آفرین — مطلعی چون مطلع خورشید و آن این است این
زاهد از مستان مصلای نمازی دورداد — ورنه گرداغ شراب افتدبرو معذوداد
شاعر عزائی وقت خویش طرز تازه جو — رود کی این زمان بسیار گوی و خوب گو
اختر سعد سخن استاد فن عالِم مقام — آنکه نام اواختر کرد روشن روم و شام
برچنین مطلع که چشم اختر از وی دوربار — اعتراضی کرد از بس داشت بامن اتحاد
نیست داغ افتادن‌اندر فارسی هرگز درست — اهل این فن را زبان دانی ضروری شد نخست
گفتمش هر چند داغ افتاد نم گوش آشنا است — لیك تاپیدانمی گرددسندحق باشماست
بعد فرمودآن سخن درکاین بود محض غلط — من غلط فهمیده اصلاحش نمودم این بخط
زاهد از مستان مصلای نمازی دوردار — ورنه گر آلودهٔ صهبا شود مند وردار
خواندروزی رنگ و بوی باغ فن یعنی بهار — بیتی از اشعار استاد تمام ایران دیار
حضرت صائب که قربانند خورشید و مهش — سرمه چشم صفاهانست خاك در گهش

آن که باشد هر زبان دان را کلامش معتمد — همچو قول شرع کا مدو راصول دین سند

داغ می گلگل بطرف دامنم افتاده ست — همچو مینامی کشی برگردنم افتاده است

چون به شعر موجداین کلر داغ افتادن ست — صحت این فلرسی براهل بنیش روشن ست

شعر سابق هم صحیح ست از نظیریی نظیر — هر که می گوید غلط باشد غلط گونا گذیر

دارم امید از سخن سنجانکه ار شادی کنند — نسخه کان خوبتر باشد بروی صادی کنند

مدعا زین گفتگو عرض کمال خویش نیست — زانکه وضع خود نمائ شیوۂ درویش نیست

بنده را باشعر خود کلرست نی بلهیچ کس — از غلط باید حذرکردن سخن این لست و بس[۵۷۵]

شیخ فقیر اللہ آفریںؔ کا شمار لاہور کے استاد شعراء میں ہوتا تھا۔ خوشگو ایک بار سیر و سیاحت کی غرض سے لاہور گئے۔ ملا آفریں سے ملنے کا اشتیاق ان کو تیس سال سے تھا۔ برسبیل ملاقات ایک غزل لکھی لیکن شرف دیدار حاصل نہ ہوا۔ انہوں نے وہ غزل ان کی خدمت میں بھیج دی۔ وہ بہت زیادہ خوش ہوئے۔ خوشگو نے ان کی شاعری کی مدح سرائی بہت دلکش اور موثر انداز میں کی اور مطلع میں ان کے تخلص "آفریں" کے تکرار سے ایک خاص لطف پیدا کر دیا ہے:

برکمال آفرینؔ باداز دو عالم آفرین — آفرین صد آفرین بل صد هزار ان آفرین

شاه لاهور سخن مالك رقاب ملك نظم — کزسپاه لفظ و معنی کوس زد درروم و چین

قهرمان طبع او برفکر شد هر گه سوار — همچو نام خود جهان آورد در زیر نگین

نکته های طبع او پیچیده ترا ز زلف یار — نقطهائ خامه او خال برروئی زمین

بکرفکرش هر کجا برقعه برانداز دزرخ — آب حیوان آبریزی خواهد از درثمین

در ریاض خاطر او دانه چینی می کند — خیل معنی همچو طاؤس بفردوس برین

ای ز شاگردان درگاه تو استادان وقت — کر داستادِ جهان شاگرد رب العالمین

بنده خوشگو کلر زواز مدت سی ساله داشت — آمده در خدمتت شاید که گرددبه ازین

سایه ات برخاکساران زمین شعرباد — مستظل چون سایه افلاك برفرق زمین[۵۷۶]

خوشگو سفینہ میں اپنے ہم عصر شاعر میاں نور العین واقفؔ کی صحبتوں کا ذکر کرتے

ہوئے لکھتے ہیں کہ ان کی ذات مبارک میں اوصاف درویشی اور استغنا بہت زیادہ تھی اور اکثر ان کے ساتھ خوشگو کی شعری نشست رہا کرتی تھی۔ ایک بار انہوں نے غزل کہی۔ جس کی طرح میں خوشگو نے بھی ایک غزل جواباً کہہ دی۔ یہ واقعہ خوشگو کے شعری ذوق اور سخن فہمی کی دلیل ہے کہ کس طرح ان کو زبان پر دسترس حاصل تھی اور فی البدیہہ شعر کہنے میں کس درجہ مہارت رکھتے تھے۔

(از واقفؔ)

همان بهتر که اکنون خون بگر یدعندلیب ما — که آن گل اشك را هم سنگ بلشبنم نمی داند

بچشم یار در بیگانگی همچشم افتاد است — درین وادی دلم خود را زآهو کم نمی داند

چو ابر تیره کو مگرید شب و روز از تمنایش — که چشمش سرمه را هم درحیا محرم نمی داند

(از خوشگو)

کسی کزجم نشان جزنام در عالم نمی داند — چرا برکف نگیر د جام و خودراجم نمیداند

دهان زخم مازخم دهان بیغمان باشد — که لب ارخنده بدبستن بصد مرهم نمیداند

غبلر چشم حق بین شد حسد هر جابجوش آمد — که شیطان غیر مشت خاك از آدم نمیداند

مرا هرشب بحال زار خوشگو گریه می آید — که لین دل مرده عمری شدبجز ماتم نمیداند۸ے۵

خوشگو فی البدیہہ شعر کہنے میں مہارت رکھتے تھے۔ اس ضمن میں انہوں نے متعدد واقعات نقل کئے ہیں جو ان کی استعداد اور قابلیت و علمیت اور مشق شعر کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان کے ایک ہم عصر شاعر انامی داس مخلص جن سے ان کی راہ و رسم تھی اور وہ بٹالہ میں نواب ابوالبرکات خان صوفی کے ہاں منشی کی خدمت انجام دیتے تھے۔ خوشگو بھی جب ایک بار کوہ کانگڑہ سے آتے ہوئے جو ہماچل پردیش میں ہے قصبہ بٹالہ میں مخلص سے ملاقات کے لئے رکے تو نواب صاحب کی مجلس شعر میں شرکت کی۔ نواب صاحب خود شاعری کا بہت اچھا ذوق رکھتے تھے۔ صوفیؔ تخلص رکھتے تھے انہوں نے محفل مشاعرہ میں ایک غزل پڑھی۔ تو خوشگو نے اس کے جواب میں ایک شعر فی البدیہہ کہا۔ جو لوگوں کو بہت پسند آیا۔ اور پورے شہر میں اس کا چرچا ہوگیا۔

بجاست گردل پروانه طینتان سوزد
که شمع قامت خوبان زنور ریخته اند۵۷۹ھ

خوشگو کو اپنے زمانے کے خوش خیال استادوں کے استاد میرزا عبدالغنی بیگ قبولؔ سے بھی حد درجہ عقیدت تھی۔ کہتے ہیں کہ ایک بار ان کی خدمت میں فیض حاصل کرنے کا موقع ملا۔ ایک غزل پڑھی۔ انہوں نے ایک مصرع انتخاب فرمایا۔ اس مصرع کو دوسرے مصرع میں استعمال کرنا تھا۔ خوشگو نے فوراً یہ شعر پڑھا جو قبول ہوا۔

بجز شکست نبود است کاروبار فلك
هزار شیشه دل گشت سنگسارفلك۵۸۰ھ

خوشگو کو بھی فن شعر میں اپنی قادرالکلامی پر فخر و افتخار تھا۔ اس کا اظہار وہ اپنے کلام میں یوں کرتے ہیں:

می کشد عاشقانه ناز ترا   گرچه نازك بود مزاج سخن
ای بلبل همچو گل خموش از سخن است   نلکیست بروز مره استاد فن است ۵۸۱ھ
قربان زبان یار ...... خوشگو   میم تکلم است گویا دهن است ۵۸۲ھ

مرزا قطب الدین مائلؔ تخلص جو خوش فکر، خوش فہم اور خوش طبع صفات رکھنے والے شاعر تھے۔ خوشگو نے ان کی غزل کی زمین میں ایک غزل لکھی:

(مرزا قطب الدین مائل)

زنم صدطعنه باعریانی سرتاج شاهی را   که چون مهه در تنزل نیده لم صلحب کلاهی را
زپیری قدر شبهاء جوانی می شود ظاهر   سفیدی های کاغذ می کندروشن سیلهی را

(خوشگو)

متاب از تیغ آفت روی خود تلسر خروگردی   که زخم چهرهٔ موج آبرو باشد سپاهی را
محبت پیش لزین رنگ اثر نیگرچه می ریزد   که بلشدکهر بلمشوق ونلرد رنگ کاهی را۵۸۳ھ

سدانند بے تکلف جو خوشگو کے چچا تھے۔ اور شعر و شاعری سے دلچسپی رکھتے تھے، خوشگو ان کی صحبت میں رہ کر فن سخن سے آشنا ہوئے تھے ایک بار انہوں نے خوشگو کو ایک

مصرع دے کر دوسرے مصرع کی فرمائش کی:

شانه شد سنبل تر آئینه شددسته گل

خوشگو نے فی البدیہہ دوسرا مصرع کہا جو قابل قبول ہوا:

تابه زلف تو رسید و برخت دو آورد

شانه شد سنبل تر آئینه شد دسته گل — تابه زلف تو رسید و برخت رو آورد ۵۸۴

مشہور و معروف شعراء اور بزرگ ہستیوں کی محفلوں میں خوشگو کے فی البدیہہ کلام کے علاوہ مختلف تذکروں مثلاً مخزن الغرائب، مجمع النفائس اور سفینۂ ہندی میں ان کے جستہ جستہ اشعار بھی ملتے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں:

بودزاندم که بسم الله گل دستار عنوانها — زبس شلبی نگنجد غنچه سلن در جلد بیولنها

نگهه در توتیا غلطیده بخرامد زمزگانش — سخن پلن خورده می آید برون از رنگ آن لب ها

روز و شب ره می روم اماهمان سرگشته ام — نقش پای خود بودرهبر طلب گار مرا

چورنجی که به برگردد از قطع عفو — به عشق تو شد درد درمانِ ما

چند معمار دل ویران من خواهی شدن — این سرائ نامبارك قابل تعمیر نیست

دهلی خوش لست لیك زیلد لین چنین خوش لست — یلرلین چنین خوش لست و دیلر لین چنین لست

واعظ مطلب علم و ادب از من بیخود — من علم ندارم ز خود الله علیم است

غرض هر جاکه منظورلست هر عیب (کنا) هنر باشد — دل شهزادگان را آرزو مرگ پدر باشد

دماغ گوشه دستار من داردزکام از گل — به فرقم سایۀ خاری ازان دیوار می باید

هر نفس می کرد صدا احوال پرسی دلم — غیر غم یادش بخوبی هیچ غم خوارم نبود

بی تو گر جام مئ بکف گیرم ــــ آفتاب گرفته را ماند

تابوت مرا از گل فاتحفه نیست ــــ ای رسم کهن حیف به عهد تو برافتاد

برائ صحبت خوبان سکندر طالعی باید ــــ مگر آئینه بنشیند و می زانو به زانویش

موجود گر نبودیم معدوم هم نبودیم ــــ امروز از کجا ئیم گردر عدم نبودیم

بسکه از عمر مرا بیزار یست ــــ عمر دشمن زخدا می خواهم

شیشۂ چند از گلاب اشك دارم در بغل ــــ می برم تاشست و شوئ تربت مجنون کنم

برای یار تعظیم رقیبان هم ضرورافتد ــــ به شوق بت نخستین سجده در پیش برهمن کن ۵۸۵

اگر معراج نجل ممسکان دورما این است ــــ خداوند غریق بحر رحمت ساز قارون را

مرکب از سواد دیدۂ یعقوب کن خوشگو ــــ رقم سازی اگر تاریخ مشتاقان مخرون را

قامت خم گشته آفت گاه دیگر بوده است ــــ برسرماعاقبت می افتد این دیوارما ۵۸۶

آواز تیشه امشن از بی ستون نیامد ــــ شاید به خواب شیرین فرهاد رفته باشد

از بیم بدان تابرخ خوب تو بنیم ــــ آئینه بکف پشت به سوئ تونشستیم ۵۸۷

بنوالی داس ولؔی

بنوالی داس، تخلص ولؔی معروف بہ بابا ولی رام کا تعلق ہندوؤں کے مقدس شہر بنارس سے تھا۔ وہ کایستھ خاندان میں سولہویں صدی کے اواخر یا سترہویں صدی کے اوائل میں پیدا ہوئے۔ ان کے بچپن کے حالات دستیاب نہیں ہیں۔ مولف دبستان مذاہب ان کے مذہب اور عقائد وحدانیت کے بارے میں لکھتے ہیں:

"بنوالی داس پسر هیرامن کایست است. کایست فرقه ایست از گروه رابع از آفرینش برهما : ودراشعار آبدار ولی تخلص می کند واز عهد صبی او را به مجلس درویشان میل تمام بود و در صغرسن نزد خلیفه الارواح نام دردیشی بذکر الله حاضری واحدی الله شاهدی مشغول شد در هزار و چهل و چهار ۱۰٤٤ھ بادرویشان هند صحبت داشته بهره اندوز شده. در کشمیر بخدمت ملا شاه بدخشی رسیده کامیاب شناخت گشت. و بمقتضای الصوفی لامذهب که بقید هیچ دین و آئین باز نه بسته و بتخانه آشنا است از مسجد بیگانه نیست. از نیروی حال باعدم دانش ظاهری سخنان بلند از او سری زند و میان نامه نگار و او در هزار و پنجاه ابواب مصاحبت بازشد...... آزاده ونبوالی چون در لباس هندوانند و عقیدۂ گیانیان دارند. درین جمع شمرده آمدند."۵۸۸

بنوالی داس ولؔی کا ذہن بچپن سے ہی تصوف کی طرف مائل تھا جیسا کہ صاحب

دبستان مذاہب کا بیان ہے کہ وہ کم سنی سے ہی اپنے وقت کے مشہور و معروف درویش خلیفۃ الارواح کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے جو ہمہ وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔ ان کی صحبت میں رہ کر ولؔی بھی اس روش پر گامزن ہوئے۔ اور ۱۰۴۴ھ میں ہندوستان کے مختلف صوفی سنتوں سے بہرور ہوتے ہوئے کشمیر میں ملا شاہ بدخشی کی خدمت میں حاضری دی اور ان سے کسب فیض حاصل کر کے کامیاب و کامران لوٹے۔ ملا شاہ بدخشی کی صحبت کا یہ اثر ہوا کہ وہ ایسے لامذہب صوفی بن گئے کہ وہ کسی دین و مذہب اور اس کے آئین کی پابندی اور قید میں نہ رہے۔ وہ بتخانہ سے بھی آشنا تھے اور مسجد سے بھی بیگانہ نہیں تھے۔ ملا شاہ بدخشی کی صحبت و تربیت کے زیر اثر صوفیا کی اصطلاحات سے آشنا ہوئے تو انہوں نے اپنا تخلص ولؔی رکھا۔

جب ولؔی کا شمار ہندوؤں کے بڑے گیانی اور سنتوں میں ہونے لگا اور فارسی انشاء میں ان کی استعداد مسلم شمار کی جانے لگی تو ملا شاہ بدخشی کے مرید باصفا شہزادہ داراشکوہ جس کی طبیعت تصوف اور فلسفہ کی طرف مائل تھی اور جو عربی و فارسی کے علاوہ ہندی اور سنسکرت کا بھی بہت بڑا فاضل تھا، نے بنوالی داس کے علم و عرفان سے متاثر ہو کر اپنے منشیوں اور دانشمندوں کو علمی و ادبی اور فلسفیانہ محفلوں میں شرکت کی اجازت دی تھی۔ گل رعنا میں شفیق لکھتے ہیں:

"از قوم هنود بود و منشی گری سرکار شهزاده داراشکوه قیام داشت و از اثر صحبت و تربیت ملا شاه بدخشی با صطلاحات صوفیا آشنا شد و تخلص خود ولیؔ قرارداد و حرف از تصوف بسیار می زند۔" ۵۸۹ے

روز روشن کے مولف رقم طراز ہیں:

"ولی نامش بنواری داس از کایستهان داراسلطنت دهلی در سلك منشیان سرکار شهزاده محمد داراشکوه انتظام داشت و بصحبت ملاشاه بدخشی چاشنی فقر و

درویشی چشیده ترک و تجرید بردلش مستولی گشت۔"۵۹۰
نگارستان سخن کے مولف کا بیان ہے:

"ولی هندوبود از زمرۂ منشیان شاهزاده داراشکوه و بتاثیر صحبت ملا شاه بدخشی آشنا بمذاق صوفیه حق پژوه۔" ۵۹۱

بزم تیموریہ کے مصنف لکھتے ہیں:

"چندر بھان برھمن کے علاوہ محمد علی ماھر اور بنوالی داس ولی بھی داراشکوہ کے ساتھ کچھ دنوں وابستہ رہے۔ بنوالی داس ولی بھی داراشکوہ کے منشیوں میں سے تھا۔" ۵۹۲

پروفیسر امیر حسن عابدی داراشکوہ اور بنوالی داس ولؔی کے باہمی تعلقات کے بارے میں لکھتے ہیں:

"در انشاء فارسی ولی به اندازه با ذوق و صاحب استعداد بود که در مسلك منشیان شاهزاده داراشکوه پسر شاهجهان پادشاه درآمد، و در تصوف و عرفان بجای رسیده بود که آن شاهزاده اور اجز و همنشینان خود در آورد و در گفتگو ها و مذاکرات علمی و فلسفی دربار خود ویرا شرکت داد۔" ۵۹۳

مختلف تذکرہ نگار بنوالی داس ولؔی اور داراشکوہ کے باہمی تعلقات کے اختلافات کے بارے میں ایک واقعہ نقل کرتے ہیں جس کی وجہ سے ولی رام ولؔی نے درباری زندگی کو خیر باد کہہ کر جنگل کی راہ لی اور یادالٰہی میں مشغول ہوگئے تھے۔

کہتے ہیں کہ ایک بار ولؔی نے اپنی تحریر کا نمونہ داراشکوہ کی خدمت میں پیش کرنا چاہا۔ درباری مصروفیات کی وجہ سے دارا ان کی طرف متوجہ نہ ہوسکا۔ بابا ولی رام ولؔی نے

ناراض ہو کر جنگل کی راہ لی۔ شہزادے نے اپنے دربار کے بزرگوں کو ان کے پاس بھیجا اور درخواست کی کہ واپس آ جائیں لیکن بابا نے درخواست نامنظور کر دی۔ داراشکوہ خود بھی ان کی خدمت میں پہنچا اور بہت کوشش کی کہ بابا کو دربار واپس لے آئے لیکن بابا نے ان کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ ناامید ہو کر دارا واپس لوٹ گیا۔ بابا نے ''بعنوان عذر خواہی'' ایک رباعی شہزادے کی خدمت میں بھیجی:

بشنو زولی وفای دنیا ای شاہ   مغرورشو بدولت و حشمت و جاہ
ہر چند چودر ھمی نماید لیکن   چون قطرۂ شبنم است برنوک گیاہ ۵۹۴؎

تکملۃ الشعراء کے مولف یہ واقعہ اس طرح نقل کرتے ہیں:

"چون روزی داراشکوہ برای دیدن وی بخانہ اش رفت واوبوی توجھی نکرد، شاھزادہ عصبانی شدہ گفت : "دراین گوشۂ عزلت چہ حاصل کردی؟" ولی جواب داد : "آزمایش ھمچو توئ کہ پیش ماآمدہ است ومن متوجہ نمی شوم: و چندر وزاست کہ من برای مجرای شما میرفتم و شما بطرف مانگاہ نمیکردید" پس ازان آن داراشکوہ دستور داد کہ از شھر خارج شود۔ ولی برطبق حکم شھرراترک کرد و رباعی مزبور را برای شاھزادہ فرستاد۔" ۵۹۵؎

روز روشن کے مولف کا بیان ہے:

" بہ صحبت ملا شاہ بدخشی فقر و درویشی چشیدہ ترک و تجرید بردش مستولی گشت و دفعتہ خدمت گفتہ لباس آزادی برخود راست کرد شاھزادہ از بیحرکت بیدماغ گردید ھرگاہ این خبربوی رسید۔" ۵۹۶؎

بزم تیموریہ کے مولف لکھتے ہیں:

''ملا شاہ بدخشی کی صحبت میں فقر و درویشی سے متاثر ہوا اور ترک و تجرد کی زندگی اختیار کی اور دارا کی ملازمت سے کنارہ کش ہوگیا۔ دارا نے اس کی کنارہ کشی کو پسند نہیں کیا اور کچھ برہم ہوا مگر ولی نے بطور ملازمت یہ رباعی لکھ بھیجی۔'' ۵۹۷ (رباعی مذکور)

بابا ولی رام ولی کی ''مثنوی شش وزن'' مطبع نولکشور جو ہماری دسترس میں ہے اس کے خاتمے پر ان کے بارے میں مختصر طور پر اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا ہے۔

''نیک انجام قوم کایستھ زمانہ شاہجہان میں داراشکوہ کے منشی تھے۔ حسب فرمایش بعض صاحبان معرفت کیش و خدا شناس نیک اندیش مطبع ہوئے۔ اور جناب مصنف کا احوال بصد تلاش اس سے زیادہ نہ ملا کہ یہ شاعر بیدل ہر سہ زبان یعنی عربی و فارسی و ہندی مضامین وحدانیت کو اس خوبی و خوش اسلوبی سے ادا کرتا ہے کہ جس کی تعریف میں قلم کی زبان گنگ ہے چنانچہ کلیات اس کا نہایت ذخیم سنا گیا ہے الاکمیاب ہے۔ اور کتب و درہرہ اس کی اکثر فقران کو یاد ہیں۔ نثر میں اس کی نثر مثال گلدستۂ حال وغیرہ مشہور ہے اور یہ نقل ان کی اکثر بزرگوں کو یاد ہے کہ ایک دفعہ منشی صاحب کاغذات دفتر پر دستخط کرانے شاہجہان کے پاس گئے۔ اتفاقاً بادشاہ پانو پھیلائے ہوئے شطرنج کھیل رہے تھے یہ بعد انتظار بسیار ناکام چلے آئے اور اپنے گھر بار کو لٹا کر راہی جنگل ہوئے جب شاہ نے یاد فرمایا خواھوں نے تمام ماجرا کہہ سنایا۔ شہریار نے بہزار تجسس پھر بلایا چاہا پر یہ شخص پھر نہ آیا یہاں تک کہ شاہنشاہ خود سوار ہو کر اس کے پاس گئے اس نے اور پاؤں پھیلا دیئے شاہ نے فرمایا کہ ولی رام پاؤں کب سے پھیلائے جواب دیا جب سے ہاتھ سمیٹا۔'' ۵۹۸

لچھمی نرائن شفیق نے ''خاک ولی را آب برد'' سے تاریخ وفات نکالی جس کے مطابق ولی (۱۰۷۸ھ- ۸-۱۶۶۷ میلادی) میں اس جہان فانی سے رخصت ہوئے۔ کہتے

ہیں کہ ان کے جنازہ کو تجہیز و تکفین کے بعد جلانے کے لئے رکھا کہ اچانک گنگا کے پانی کی ایک بڑی لہر ان کی لاش کو پانی میں بہا کر لے گئی۔

سفینہ خوشگو کے مولف اس بارے میں لکھتے ہیں:

"سرانجام در سال ۱۰۷۸ھ — ۸-۱۶۶۷ میلادی)

بابا ولی رام از این جهان فانی رخت بربست. می گویند

پس از مرگ اوبناهو رام نمی توانست تنها مراسم تجهیز و

تکفین و سوختن را انجام دهد. ناگهان آب گنگا در طغیان

آمد و بلند شود تا سر کو هك رسید و لاشه بابا را در

آغوش خود گرفت."۵۹۹

نبوالی داس ولیؔ نے شاعری کی تمام اصناف سخن پر میں طبع آزمائی کی لیکن ان کا دیوان اور دیگر تصنیفات زمانہ کے ہاتھوں مفقود ہوگیا۔ ان کی ایک مثنوی ''شش وزن'' اور تذکروں میں چند ایک رباعیوں کے علاوہ ان کی شاعری کا کوئی اور نمونہ موجود نہیں ہے۔ ان کے متصوفانہ اشعار فلسفہ و حکمت پر ہیں جو ان کے رجحان اور فطرت طبع کی عکاسی کرتے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی شاعری کا بیشتر حصہ متصوفانہ شاعری پر محیط ہے۔ ملا شاہ بدخشی اور داراشکوہ کی صحبت میں رہ کر جو متصوفانہ علم اور فکر و خیالات ان پر اثر انداز ہوئے تھے اس کا اثر ان کے اشعار میں بخوبی نظر آتا ہے اور یہ ہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں بھگتی تحریک اور تصوف کے ملے جلے اثرات نظر آتے ہیں۔ اسی مناسبت سے انہوں نے اپنا تخلص ولیؔ رکھا۔ تذکرہ گل رعنا اور نگارستان سخن کے مولف نے ولی رام ولیؔ کی یہ دو رباعیاں نقل کی ہیں جو ان کے اس فلسفہ کی بھرپور عکاسی کرتی ہیں کہ انسان کو چاہئے کہ اپنے آپ کو پہچانے اور گوشہ نشین رہے:

مطلوب تو هست باتوای طالب ذات　　موجود بذاتی نه آید به آیات وصفات

این چاهِ خودی را دو سه گز گربه کنی　　درخانهٔ خود بیابی آن آب حیات۶۰۰

در خود بنگر که جان و جانا نه توئ　　درمجلس خودچراغ و پروانه توئ
چند به دگر خانه کشتن شب و روز　　در خانه را که صاحب خانه توئ ۱۰۱

ولؔی کی مثنوی ''شش وزن'' چھ مختلف بحروں میں ہے۔ ۱۰۰ صفحات پر تقریباً ۱۸۵۰ اشعار ہیں:

بحر اول: ماز کفرو دین همه بگز شته ایم　　محواصل وزین بیخود گشته ایم

بحر دویم: بیاتاهم سخن گویم از بخت　　مرااینیست چیزی نیست چون بخت

بحر سویم: مانه آن شخصیم بلکه آن خودیم　　بی نشان مانده از نشان خودیم

بحر چہارم: عقل باعشق چه ساز د آخر　　روبه شهر چه تازد آخر

بحر پنجم: انسان چه بود یکی ظهوری　　از سرتاپای غرق نوری

بحر ششم: حمد بذاتی که نمودش جهانست　　وزبس پیداشد نش نهانست

ولؔی نے یہ عرفانی مثنوی مولوی رومی کی مثنوی کی طرز پر اپنے پسر کو مخاطب کر کے لکھی ہے جس میں عشق، دنیا کی بے ثباتی، وحدۃ الوجود، وحدۃ الشہود، روح کا اصل وفراق، حق و باطل، صفائی قلب، عقل و تدبیر، توحید و فلسفہ، فقر و فاقہ اور تسلیم و رضا جیسے موضوعات مثنوی کے اشعار میں کمال خوبی سے نظم کئے ہیں۔

ولؔی اپنی مثنوی ''شش وزن'' کے آغاز میں اپنے دین و مذہب اور حق تعالیٰ کی برتری اور اس کی وحدانیت کے قائل نظر آتے ہیں اور اپنے ہندو ہونے پر فخر کرتے ہیں انسان سب برابر ہیں کسی بھی مذہب کے ماننے سے اس کی اصل نہیں بدل جاتی وہ کہتے ہیں:

ماز کفر و دین همه گذشته ایم　　محواصل و زین دو بیخود گشته ایم
نیست نقصانی چه شد گر هندوایم　　زانکه محواصل یکتاهر دو ایم
در ربود از کفر و دین عرفان مرا　　پاك کرد از کذب واز بهتان مرا

مطلع دیدارحق دیدار ما منبع گفتار حق گفتار ما[۶۰۲]

وؔلی اپنے بیٹے کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ اہل دل ہونا بشر کی نیک صفات میں سے ایک ہے۔ انسان کو چاہئے کہ پاکی دل کو افضل و برتر رکھے۔ یہی زندگی کی حقیقت ہے جب دل پاک وصاف ہوگا تو دوسروں کی بھلائی اور دل جوئی کے کام انسان سے سرزد ہوں گے۔ کہا جاتا ہے "دل بدست آر کہ حج اکبر است" وؔلی نے اس سچائی کا اعتراف کیا ہے اور ایک مصرع میں حج اکبر طواف دل آمد یقین سے کہہ کر اس کی ہمنوائی کی ہے۔ ان کے خیال میں محو دل ہونا اللہ تعالیٰ سے قربت کا بھی ایک ذریعہ ہے۔ وؔلی اہل دل کی ان صفات کو اشعار میں بہت ہی موثر انداز میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

اهل دل چون از صفتهای بشر — پاك شد پاك است نیست ای پسر
پاك باید شد زوصف خویشتن — تا نماید غیر دل یابد از بدن
پاکی دل بهتر از پاکی جسم — آن همه معنی و این محض طلسم
رو درون مسجد دل چون ولی — بانماز دائمی کن همدلی
ز آنکه بیت الله دل را خوانده اند — عارفان در مسجد دل مانده اند
سجده دل برتر از آب گل است — عرش متعالی چنین پیدا دل است
غافلان باآب و گل سازش کنند — عارفان از جان و دل نازش کنند
مسجد عارف همین جان و دل است — مطلب او از دل او حاصل است
مانماز خویش در دل می کنم — کی درون مسجد گل می کنم
حج اصغر صورت معینش این — حج اکبر طوف دل آمد یقین
دل تهی از غیر حق این صوم ماست — محو دل بودن بحق این قوم ماست[۶۰۳]

وؔلی کے خیال میں علوم معنوی ہی انسان کو حق کا راستہ دکھاتا ہے۔ اہل علم پر ہی بصیرت، عقل وفہم کے دروازے کھلتے ہیں اور علم کی روشنی ہی اسے ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ اس لیے علم حاصل کرنا چاہئے۔ علم قال ہو یا علم فعل یا علم حال ہی انسان کو صاحب کمال بناتے ہیں:

صاحب اهل دل علوم معنوی — نیست غیراز حق اگرمحرم شوی
نور در نور است مارا اهل علم — برتر از فهم است کار اهل علم
علم دل در خانقاه و مدرسه — نیست اینجا جز خیال و وسوسه
علم از بهر همین آموخته — بهراین حیفه جگر ها سوخته
دین بدنیا دل بنفس و جان بتن — در بذل کردن چه زیبد این سخن
حوزم آن علمی که غیر از عشق او — مانده باقی هر چه آن برده فرو
علم مادر بحر علم معنوی — محود ناپیدا بود ای متقی
علم قال و علم فعل و علم حال — ظل این علم است ای صاحب کمال ۲۰۴ے

عقل اور علم دونوں مل کر انسان کی پانچوں حسوں کو بیدار کرتے ہیں۔ اس لئے اس کو چاہئے کہ علم باطنی کو رفیق رکھے۔ ولی کے خیال میں انبیاء اور اولیاء نے بھی یہی کیا ہے۔ اس علم دوستی نے ان کے سینہ کو تجلی و نور بخشا۔ عقل سے ہی انسان نے مشکلوں کو آسان کیا ہے۔ اس لیے ''ای پسر عقل کو اپنے اوپر غالب رکھ تا کہ اس کے اثرات زندگی میں نمایاں ہوکر کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کریں''۔ ولی اپنی مثنوی میں عقل کی تعریف کچھ اس انداز سے کرتے ہیں:

همچنین این عقل واین علم برون — گر زراه پنج حس آید درون
تاکه دل زینها فکر دانی فریق — کی بعلم باطنی گردی رفیق
انبیاء و اولیاء این کرده اند — بعد از ان در علم دل پی برده اند
محوکن از دل خیالات عدم — در طریق عقل شویانت قدم
عقل کی فرمایدت معیوب باش — عقل گوید همچو یوسف خوب باش
عقل کی در دام نفس آردترا — عقل کی در جهل بگذارد ترا
عقل کی رهبر شود سوئ حد — عقل کی سازد گرفتار جد
عقل بیند دام داددانه را — داند او افسون این افسانه را
عقل مشکلها را آسان کند — عقل هر درد ترا درمان کند

نفس را مغلوب غالب عقل کن — تا بر آرد نخل او را بیخ و بن
در فراقت عقل بنماید و صال — عقل گرداند ترا صاحب کمال[۲۰۵]

ولیؔ کہتے ہیں کہ عشق میں فنا ہو جانا ہی دنیا و عقبیٰ میں سرخرو کرے گا اور عشق ہی انسان کی آخری منزل ہے۔ اس لیے وہ تلقین کرتے ہیں کہ اگر دنیا میں باقی رہنا ہے اور اپنا نام زندہ رکھنا ہے تو ''فانی اندر عشق شو۔''

فانی اندر عشق شو باقی مشوی — درج در اصرار اطلاقی مشوی[۲۰۶]
مبتلای عشق اسرار خودیم — عاشق خویشیم و دلدار خودیم[۲۰۷]
یکی راهمت مولا کشیده — بعشق و با محبت آرمیده
چو با عشق و محبت گشت یکرو — زدنیا و زعقبیٰ تا فته رو
دلش در عشق و عشق اندردلش شد — محبت در محبت منزلش شد[۲۰۸]

ولیؔ وحدۃ الوجود کے قائل نظر آتے ہیں ان کے خیال میں اللہ تعالیٰ کی ذات کے علاوہ دنیا کی تمام اشیاء فانی ہیں۔ ختم ہونے والی ہیں۔ اس کے خزانے لامحدود ہیں۔ وہی عبادت و ریاضت کے قابل ہیں:

جمله اشیاء مظهرش ای بوالهوس — حاضر و ناظر بجز حق نیست کس
ماسوای الله وجودی نیست هان — آنچه غیر از حق بود فانی بدان
فانی اند فانی آمد ماسوا — نیست موجودی بجز ذات خدا
او تعالیٰ مطلق و بس بیحد است — قادر همچون فضلش پیداست
مطلق و بی رنگ و لامحدود وبس — ساجد و مسجد گه و مسجود بس
این صفتها دیگران دیگر ببین — در تصور های خود برتر ببین[۲۰۹]

ولیؔ چاہتے ہیں کہ انسان کو چاہیئے کہ صرف اس ذات حق یعنی توحید کے نغمے گائیں۔ اور اسی کی ذات میں خود کو محو رکھنا چاہیئے۔ انسان جب خود کو ذات حق میں محو کرے گا۔ عقل و فہم کے سب دروازے اس کے لئے کھل جائیں گے۔ کفر و دین کے سب اسرار سے وہ واقف ہو جائے گا۔ ولیؔ نے اپنی اس مثنوی کو مولوی رومی کی مثنوی کے برابر کہا ہے کہ

انہوں نے مولانا روم کے فلسفہ تصوف کو اپنی مثنوی میں بیان کیا ہے۔ اور مثنوی رومی کی طرح اپنی مثنوی کے بھی چھ دفتر بتاتے ہیں:

نغمۂ توحید حق چون در نواخت — عالمی راواله و سرمست ساخت
عالمی را بیخود و بی وهم کرد — برتر از عقل و لباس و فهم کرد
در نگر اکنون بوجه یك دلی — از سر تحقیق در نقش ولی
بند قید کفر و دین بگیستخه — این بآن و آن باین آمیخته
خود شد او منصور بردار آمده — بیخود و سرمست طرار آمده
در لباس مولوی در گفتگو — مثنوی کرده شش دفتر خوداو
این نشان مختلف آن بی نشان — چند گویم چند آرام دربیان[۲۱۰]

ولی مذہباً ہندو تھے لیکن وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور توحید کے نہ صرف قائل تھے بلکہ ان کا یقین تھا کہ صرف وہی ذات واحد ہے جس نے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا۔ آپ کی ذات گنجینہ شاہی اور آئینہ سرالٰہی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر وحی نازل کی اور آپؐ ہی کے بدولت انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ولی نے اس حقیقت کو نظم میں بہت ہی موثر پیرایہ میں بیان کیا ہے:

توئ سرچشمه دریائ توحید — زنادانی چه افتادی بتقلید
توئ پیدا درین پنهان و ناپید — بعینست زهر صورت هو یدا
توئ گنجینه اسرار شاهی — توئ آئینه سرالٰهی
توئ خورشید ملك جان و تن را — توئ پیدا کن این ماؤ من را
توئ دانائ هر علمی که پیداست — تو خود از خود روی سراین هویدا است
وجود وحی وجودی را وجودی — همیشه باشی و هستی و بودی
فراتر از خودی و بیخودی تو — گرفتار خود از وهم خودی تو[۲۱۱]

ولی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اس کا وجود اس کائنات میں اہمیت کا حامل ہے۔ ولی انسان کی انہی صفات کو کہ وہ مانند آفتاب ہے۔ لیکن

سراب ہے۔ اور وہ گلشن حق کا ایک گل ہے۔ جس کی عمر ناپائدار ہے۔ اور وہ اپنی ہستی سے ناواقف ہے۔ ولی نے انسانی زندگی کی اس حقیقت کو اشعار میں بہت ہی دلکش انداز میں بیان کیا ہے:

انسان چه بودی یکی ظهوری	از سر تاپای غرق نوری
انسان چه بود یك آفتابی	در عالم او جهان سرابی
انسان چه بودیکی بهشتی	از مزرعه ذات پاك کشتی
انسان چه بود یك آتش افروز	آن آتش خرمن دوئ سوز
انسان چه بود یکی گلی حق	روئید زگلشن دل حق
انسان چه بود یکی یگانه	هم دام و صیاد و صیددانه
تاعالم این سخن نباشد	آگاه زدل و بدن نباشد[۲۱۲]

ولی کے خیال میں انسان کو چاہئے کہ ہمیشہ اہل علم کی صحبت میں بیٹھے۔ ان سے اچھی باتیں سیکھے کیونکہ علم ہی انسان میں شعور پیدا کرتا ہے۔ اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے۔ اس کے برعکس جاہلوں اور نااہلوں کی صحبت میں عقل کند ہوتی ہے۔ اہل علم اور جاہلوں کی صحبتوں میں نمایاں فرق ہوتا ہے۔ ولی نے اس بات کو اشعار کی زبان میں موثر انداز میں بیان کیا ہے:

صحبت عام ضررها دارد	صحبت خاص اثرها دارد
صحبت جاهل زان رنجی دان	صحبت اهل ولی گنجی دان
صحبت جاهل یك درد سری	بی هنر کی رو از پرهیزی[۲۱۳]

اہل دل جذبۂ توحید سے سرشار ہوتے ہیں، ان کا دل عرفان سے سیر ہوتا ہے اور وہ عرفان کی روشنی کو دنیا میں پھیلاتے ہیں:

اهل دل سیر ز توحید بود	برتر از عالم تقلید بود
اهل دل سیر زعرفان باشد	بی تن و جان همه جانان باشد[۲۱۴]

ولی کی مثنوی سے یہ بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کلام اللہ کا مطالعہ بھی غایر

نظر وہاں سے کیا تھا۔ اپنے اشعار میں وہ قرآنی آیات سے اپنی بات میں وزن پیدا کرتے ہیں۔ ذیل کے اشعار میں وہ کہتے ہیں کہ جس نے اپنی اصل اور حقیقت کو پہچان لیا اسے باری تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگیا:

هر که اواصل حقیقت داند　　قل هو الله احد می خواند
هر که درغار احدافتاده　　لمن الملك باورو داده
اسم و رسم که ترادر پیش است　　این زکج فهمی و وهم خویش است
لاشریك است احد ز آنکه درنیست　　پس منم گفتن این شریك زچیست۲۱۵

ولی اپنی اس مثنوی میں ذات حق، نغمہ گنگناتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

همه حق است حق باحق هویدا　　بجز حق زرۂ خودنیست پیدا
جزا و خود قائل و سامع که باشد　　جزا ومسئول هم سائل که باشد
همه حق است و باحق حق پدیداست　　بخود خو د اندرین گفت و شنیداست
ظهور او سراپا مظهر او　　ظهور و مظهرش خود جوهراو
اگر نبود ظهور حضرت پاك　　چه آید تابرآید زین کف خاك ۲۱۶

ولی کہتے ہیں کہ انسان کو چاہئے کہ وہ اپنی ہستی کو پہچانے:

بحق خویش منصف باش بابا　　اگر تخمی که پاشی باش بابا
که این وصلست واینو قتست و اینکار　　دمی از خواب غفلت باش بیدار
بیاشناس خود را تاچه چیزی　　بذات و صف مرغوب و عزیزی
توئ و مائ وادئ چه چیز است　　چه چیز اینکه می گوئ چه چیز است
گهی مشرك گهی واحد صفائی　　گهی عاجز گهی قادر چو ذاتی
گهی در خوف و گاهی درد جانی　　به او واقف زحال خود کجای
چو هستی غرق بحر ذات هستی　　چو موج از بحربی اکناف هستی۲۱۷

ولی دنیا کی بے ثباتی اور انسانی زندگی کی ناپائداری پر افسوس کرتے ہیں کہتے ہیں کہ انسان اس دنیا میں غفلت کی زندگی گذار کر چلا جاتا ہے اور دنیاوی مال ومتاع اور حرص و

ہوس میں اپنے آپ کو غرق کر دیتا ہے۔ ولیؔ نصیحت کرتے ہیں کہ جب یہ دنیا فانی ہے اور انسان کی زندگی عارضی ہے تو انسان کو چاہئے کہ وہ خود کو پہچانے:

راه و رسمی که مجازی باشد — عالم طفلی و بازی باشد
عمر تو صرف درین غفلت خویش — روبه اندیش که شد مرکت خویش
چند در شهوت جسمانی و جسم — چند بامال اضافات و رسم
عمر تونیست حجابی تو — بگذار خود که بود او بی تو
بی تو خود اوست که گوید که منم — تو عبث بازعبث گفته منم[۲۱۸]

ولیؔ کی مثنوی کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ تصوف وعرفان کے تمام مراحل سے بخوبی واقف تھے۔ فقر و فاقہ اور تسلیم و رضا وہ مدارج ہیں جن کو طے کرنے کے بعد صوفی کمال کے درجہ کو پہنچتا ہے اور وہ خدا کی ذات میں فنا فی اللہ ہو جاتا ہے۔ ولیؔ صوفیا کے اس اہم فلسفہ کو اپنی مثنوی میں بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ فقر و فاقہ دو یار ہیں اور جس شخص میں یہ دو صفات سرایت کر جاتی ہیں یا وہ شخص جوان دو باتوں کو اپنا لیتا ہے وہ نفس پر قابو پا لیتا ہے۔ اس کو عرفان کی آگہی نصیب ہو جاتی ہے۔ اس کی مثال اس طرح ہے کہ بے پروں کے پرندے پرواز نہیں کر سکتے۔ یہ فقر و فاقہ اس کے پر ہیں۔ دل کی غذا ہیں اور جب یہ فقر کا شربت حلق میں پہنچتا ہے تو وہ کائنات کی ہر شئی سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور تسلیم و رضا کے درجہ کو پہنچ جاتا ہے۔ ولیؔ صوفیا کے نظریہ کو اشعار میں کمال خوبی سے موثر انداز میں بیان کرتے ہیں:

فقر و فاقه دو یارش باشند — دایما هر در کنارش باشند
فقرو فاقه چود ر آیند چنین — خاك باشند درین جسم همین
کارانیست اگر بتوانی — بار این نخل بگو میدانی
بار این نخل حقایق بارد — در برت مهوشگی عرفان آرد
موج خود راز دل دریابی — قطره ات بی سروپایا بی
فقر و این فاقه و بال اندترا — رهبر ملك کمال اندترا

مرغ بی پرنتواند پرواز　　　مرغ بی پر نشو دلقمه باز
فاقه هر گاه غذای دل شد　　　مرغ و سواس ازان بسمل شد
شربت فقر چود ر کام رسد　　　گذرش در برآرام رسد
خرمن تفرقه برباد شود　　　شرکها با خودش از یاد شود
صفت او همه باید پامال　　　این بود فقر و چنین با شد حال
فقررا پایه بلند است بسی　　　تاب آتشی نتواند مگسی
فقر و تسلیم و فنا را اثراست　　　ازبقاها به بقاها گذراست
از درستی خود دهدروان حال　　　خود رونگی و دوئ شد باmal
جهد کن جهد از سستی بگذر　　　از خود یها بدرستی بگذر
فقر و تسلیم و رضا و توحید　　　کی شود جمع بهرپاک و پلید[۶۱۹]

صوفیاء کے فلسفہ "ہمہ اوست" کے ولی قائل نظر آتے ہیں کہ کائنات کی ہر چیز میں باری تعالیٰ موجود ہے۔ اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اس کے وجود کی نشاندہی نہ کرے۔ انسان اس فلسفہ کو بخوبی جانتا ہے۔ ولی کہتے ہیں:

همه حق نیست دگر چیز بگو　　　غیرحق در دو جهان کیست بگو
همه او بی همه او چون همه اوست　　　ای همه اوست کجا غیر اوست
غیر جز و هم و خیالی نبود　　　بسته وهم بجای نبود
بسته وهم و خیال آن کوگشت　　　کردگم هر حقیقت دردست
زآنکه این هستی وهمی و همی است　　　بسته دهم هم زخود بی فهمی است[۶۲۰]

ولی اپنے پسر سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ ظاہر و باطن کو صاف رکھو، خود پسندی و خودنمائی کی عادت سے پرہیز کرو:

چو مردان ظاهر و باطن صفا شو　　　زقید خود پسند یها رها شو
ملوث باطن و آلوده دل را　　　درینجا نیست جای آب و گل را
من و ما دو رکن باش بی من　　　بظاهر و ظاهر و باطن چو باطن

بظاهر ز آب طاهر شست شوکن | بباطن ز آب دیگر جستجو کن
صفا شو ظاهر و باطن چو آبی | که صد کوثر به پیشش چون سرابی
صفا شو ظاهر و باطن چومائی | که اصل او همه بی انتهائی
صفا شو ظاهر و باطن این است | کزو گیرد وصفای آتش و آب [۲۲۱]

ولی کی شاعری میں تصوف اور بھگتی تحریک کے ملے جلے جذبات ونظریات موجود ہیں۔ فلسفہ وحکمت کے ساتھ ساتھ زبان و بیان بھی پراثر اور دلنشین ہے۔

باب سوم

عہد مغلیہ کے غیر معروف فارسی شعراء

واثق محمد اخلاص سیالکوٹی

اخلاص کیش اخلاص، واثق تخلص کھتری قوم کے معزز گھرانے میں کلانور پنجاب میں پیدا ہوئے۔ اور شیخ محمد مسلم جو اس زمانے میں بڑے اکابر میں شمار ہوتے تھے ان کی صحبت میں رہ کر حقائق حقیقی سے آشنا ہوئے اور فیض خداوندی سے مشرف بہ اسلام ہوئے اور چھپ کر مسلم مذہب کی تعلیم و تربیت حاصل کرنے لگے۔ اپنے مسلمان ہونے کی خبر انہوں نے اپنے والد سے چھپائی۔ لیکن جب انہیں اس بات کی خبر ہوئی کہ ان کا بیٹا مسلمان ہو گیا ہے اور مذہب اسلام میں داخل ہو گیا ہے تو بہت خشم آلودہ ہوئے اور اپنے بیٹے کو ہلاک کرنے کے لئے کہا۔ واثق بھاگ کر عالمگیر کے دربار پہنچے ان کے دربار کے مولوی عبداللہ خلف مولوی عبدالحکیم سیالکوٹی کی خدمت میں رہ کر انہوں نے فضائل اسلام کی تعلیم حاصل کرنی شروع کی۔ اور ان کی رفاقت کی بدولت سنہ بیست و دوئم جلوس والای جہانگیر کے دربار کا شرف حاصل ہوا اور انہیں ملازمت سے فیض یاب کیا گیا اور اخلاص کیش جیسے خطاب اور دیگر منصب سے نوازا۔ تذکرہ حسینی کے مولف لکھتے ہیں کہ عالمگیر نے انہیں ملک الشعراء کے خطاب سے سرفراز فرمایا:

"شاہ عالمگیر اور از خطاب ملك الشعراء سرفراز فرمودہ بود۔" ۶۲۲

لیکن بہادر شاہ کے عہد میں انہیں وہ عزت حاصل نہ ہو سکی اور اس وقت کے امراء معظم خان خانان، وزیر اور دیگر امراء نے سادات کے لقب سے نوازا۔ محمد فرخ سیر کے دور حکومت میں سید عبداللہ اور سید حسین علی خان جن میں سے ایک وزیر اعظم اور دوسرے میر بخش اور امیر الامراء تھے ان کے مرشد بن گئے۔

سفینۂ خوشگو میں خوشگو لکھتے ہیں:

"درباری العمر هندو بود، از قوم کتھری، متوطن قصبه کلانور پنجاب که تخت گاه اکبربادشاه است. وی صحبت محمدم سلم که از اکابر آنجا بود دریافته بر مسلمانی اعتقاد آورد و تربیت از ویافت. چندی اسلام مخفی داشته بعد از ان که بحضور پادشاه عالمگیر رفت. درخدمت مولوی سیالکوتی درحضور بادشاه اسلام آورد. بخطاب اخلاص کیش وپس آنان نجاتی و منصب خدمت سر فراز می یافت." ۲۲۳

مجمع النفائس کے مولف کا بیان ہے:

"اخلاص خان، اصلش کتھری است که قومیست از شرفائی هنود وطنش قصبه کلانور به یمن صحبت بزرگان و صفای ذهن خودش دین اسلام پسند او آمده مشرف بایمان گردید و تمام عمر در اکتساب فضائل و صحبت اهل کمال بسر کرده . اوایل در عهد عالمگیری که بدست مولوی عبدالله ولد مولوی عبدالحکیم سیالکوتی که از محول علماء بود مسلمان گشته با اخلاص کیش موسوم گردید واز اواخر مجمله اخلاص و در عهد بهادر شاه بادشاه سرش هیچ فرونیاوره. باامرای آنوقت معظم خان خانان وزیر و دیگر امراو سادات میزد. بسبب نفس فروتنی نکشید تاآنکه نوبت سلطنت بادشاه شهید محمد فرخ سیر رسید پس صحبتش باسید عبدالله و سید حسین علی خان که یکی وزیر اعظم و دویم میربخشی وامیرالامراء بود. بجدی برابر شد که او را بمرشدی می پرسیدند." ۲۲۴

کلمات الشعراء کے مولف واممن کے بارے میں لکھتے ہیں:

"نو مسلم، در صغرسنی صحبت حقائق آگاه شیخ
محمد درویش دریافته. کسب کمال می گرد و توفیق اسلام
یافت مدتی از معاف پناه اسلام خود را پوشیده میداشت.
پدرش که قانون گوئ کلانور بود. خبر یافته قصد هلاکش
کرد. از آن جاگریخته بخدمت فضائل دستگاه مولوی
عبدالله خلف مولوی عبدالحکیم سیالکوتی رفت. برفاقت
ایشان درسنه بیست و دوئم جلوس والای جهانگیری
بحضور پر نورآمده. احراز ملازمت نموده." ۶۲۵

فرخ سیر بادشاہ کے عہد میں وامق کو منشی الممالک کے عہدہ سے سرفراز کیا گیا۔ اور چار ہزاری منصب دیا گیا۔ درباری امیرالامراء سید حسین علی خان کی صحبتوں سے ان کے ذہنی تخیل کو جلا پہنچی اور وہ اپنی علمی لیاقت کی بدولت عہد محمد شاہ میں ترقی کرتے کرتے سات ہزاری عہدہ تک پہنچ گئے۔ وامق ۱۱۴۳ھ میں اس دارفانی سے رخصت ہوئے۔

خوشگو وامق کی تاریخ وفات ان الفاظ میں لکھتے ہیں:

" ...... بهرحال وی کسب کمال و تحصیل علوم خیلی
کوشیده مختار بود. بطرف شعر بنا براشتغال علمی کم
توجه می نمود در اوائل مشق درست کرده بود." ۶۲۶

کلمات الشعراء کے مولف لکھتے ہیں:

"...... گاهی گاهی بتقریبی مصرع موزوں می کند." ۶۲۷

تذکرہ حسینی کے مولف وامق کے شاعر ہونے کے بارے میں لکھتے ہیں:

"شاعر طاق محمد اخلاص عذرائ معمورۂ سخن سنج
نبوده وامق تخلص می نمود. شاعری بدل مذهباً هندو بود
کسیکه قلب تیزه او را از انوار محمدی منور و تابان کرد.

مولانا عبداللہ چیلی فرزند ارجمند ملا عبدالحکیم سیالکوتی بود۔ وامق شاعر قادرالکلام و ہم عصر دلاور خان نصرت بود۔ شاہ عالمگیر او را از خطاب ملک الشعراء سرفراز فرمودہ بود۔ کلیاتش عبارتست از غزلیات و رباعیات و قطعات۔ وامق صاحب دیوان بود باد سعی بسیار کلام او مفقود است۔"۶۲۸

وامق نے شاعری کے تمام اصناف غزل، رباعی، قطعات پر طبع آزمائی کی تھی۔ لیکن ان کا مجموعہ کلام مفقود ہے۔ تذکروں میں جو ان کے جستہ جستہ اشعار ملتے ہیں ان کی روشنی میں ان کی شاعری پر کوئی حتمی رائے قائم کرنا مشکل ہے۔ پھر بھی تذکروں میں درج اشعار ان کی شاعرانہ لطافت، مضمون آفرینی اور ان کے رجحان طبع کی عکاسی کرتے ہیں:

از طپش آسودن دل شاہد مرگ دلست
نبض از جنبش چو آسارگ خواب فنا است۶۲۹

محتسب می کشی از دست تو مشکل شدہ است
شیشہ می بہ بغل آبلہ دل شدہ است

میر سم ظالم بفریادم اگر وقتست وقت
میزند ورنہ شبخون برسر ماهتاب۶۳۰

سدانند بے تکلف

سدانند نام۔ بے تکلف تخلص بندرابن داس خوشگو کے چچا تھے۔ ان کے آباء و اجداد قصبہ لکھنوتی سرکار سہانپور کے رہنے والے تھے۔ اس قصبہ کا تعلق دارالخلافہ شاہجہاں آباد سے تھا۔ بے تکلف محمد اعظم شاہ کی بہن نواب قدسیہ جہاں زیب بانو بیگم کے محل میں ملازمت کرتے تھے۔ اور ان کے ذمہ محل کے سامان اور دیگر امور کی خریداری کا محکمہ تھا۔ جیسا کہ خوشگو لکھتے ہیں:

"مدتی در سرکار نواب قدسیه جهان زیب بانو بیگم محل خاص بادشاه زادۂ عالی جاه محمد اعظم شاه بخدمت مشرفی ابتیاع خانه سرفراز بود۔" ۶۳۱

سدانند بے تکلف کے آباء واجداد داراشکوہ کے دربار میں رسائی رکھتے تھے۔ بے تکلف شاعری سے بھی ذوق رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنا ایک مختصر دیوان ترتیب دیا تھا جو آج مفقود ہے۔ خوشگو کا بیان ہے جب وہ بستر مرگ پر تھے اور مرنے سے پہلے انہوں نے اپنا دیوان ان (خوشگو) کے حوالے کیا تھا۔ اور کہا تھا کہ اسے اپنے بھائیوں کی طرح عزیز رکھنا:

"...... طبع رساداشت۔ دیوان مختصری به قدر فکر خود ترتیب داده در ایام مرگ حواله فقیر کردو گفت که مانند برادران خود را عزیز خواهی داشت۔" ۶۳۲

سدانند بے تکلف کا انتقال فرخ سیر کے عہد میں ۱۱۲۹ھ میں ہوا۔ خوشگو لکھتے ہیں:

" در عهد فرخ سیر به سال هزار و صد و بست ونهم ۱۱۲۹ھ وفات کرد۔" ۶۳۳

بے تکلف ایک دردمند شخص تھے۔ شاعری کا ذوق ان کی طبیعت میں فطری تھا۔

ہندو ہونے کے باوجود ان کا رجحان تصوف کی طرف مائل تھا۔ اس لئے ان کے اشعار میں تصوف کا رنگ بخوبی نظر آتا ہے۔ اور ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ تصوف کے مذاق سے آشنا تھے۔ خوشگو نے بھی ابتداء میں تصوف وعرفان کی چاشنی کا تخم ان کی صحبت سے حاصل کیا۔ خوشگو وان کا یہ مصرع:

"بی تکلف بندۂ اهل سخن"

بہت پسند آیا اور اس کو وہ ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں کہ:

"این مصرع نقش نگین او بود" ۶۳۴

سدانند بے تکلف کو شعر کہنے میں مہارت حاصل تھی اور وہ فی البدیہہ اشعار بھی موزوں کر لیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے خوشگو کو ایک طرحی مصرعہ پر فرمایش کی کہ اس پر مصرع لگاؤ۔ مصرع یہ ہے:

شانه شد سنبل تر آئینه شد دستهٔ گل

خوشگو نے بھی اس پر فوراً ایک بدیہی مصرعہ کہہ ڈالا جو ان کو بہت پسند آیا:

تابه زلف تو رسید و بررخت رو آورد ۶۳۵

سدانند بے تکلف صاحب دیوان شاعر تھے۔ لیکن ان کا شعری مجموعہ کہیں نہیں ملتا ہے۔ خوشگو نے اپنے سفینہ میں چند اشعار نقل کئے ہیں جو نمونہ کے طور پر نقل کئے جاتے ہیں:

ساغر باده شود آئینه از دیدن تو — زعفران زار شود بزم زخندیدن تو

گریه هائ که بیاد دل سنگین کردیم — کان الماس شد از اشك به ویرانۂ ما

بیت ابروئ بلندت مطلع دیوان ما — خط مشکین تو باشد جد ول عنوان ما

من که باشم که کنم آرزوئ بوس وکنار — طالع شیشه کجا جرات پیمانه کجا

سدانند بے تکلف کے بارے میں تذکرہ گل رعنا ۶۳۶ میں بھی جو اشعار درج ہیں وہ بھی سفینہ خوشگو سے نقل کئے ہیں۔

سری گوپال تمیز

سری گوپال تمیز کا تعلق برہمن سورج خاندان سے تھا۔ ہندوستان میں سورج برہمنوں کی وہ نسل ہے جو اپنا تعلق آفتاب سے ملاتے ہیں جیسا کہ خوشگو کا بیان ہے:

"از قوم براهمه سورج است۔ در برهمنان هندوستان سوروج قومیست که نسل خود را بآفتاب میرسانند۔" [۶۳۷]

